لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذان لا الہ الا اللہ
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

جلد: 19 | بدھ 21 اکتوبر 2026ء 1448ھ 9 جمادی الاول 7 کاتک صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 267

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

49. (ان سرغنوں نے) کہا: تم آپس میں اللہ کی قسم کھا کر عہد کرو کہ ہم ضرور رات کو صالح (علیہ السلام) اور اس کے گھر والوں پر قاتلانہ حملہ کریں گے پھر ان کے وارثوں سے کہہ دیں گے کہ ہم ان کی ہلاکت کے موقع پر حاضر ہی نہ تھے اور بیشک ہم سچے ہیں ٥ (سورۃ البقرہ)



سرکاری ملازمین کسی قسم کے سیاسی دباؤ سے ہرگز متاثر نہ ہوں، آئینی عدالت

قائداعظم نے کہا تھا کہ حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں مگر سول سروس ریاست کی ریڑھ کی ہڈی ہے جو قائم رہتی ہے، قائداعظم نے کہا کہ افسران بلاخوف وخطر اور دیانتداری کے ساتھ ریاست وعوام کی خدمت کریں، وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد ہائی کورٹ کے سنگل بینچ اور ڈویژن بینچ نے افسر کی درخواست اور انٹرا کورٹ اپیل خارج کی تھی، ہائی کورٹ نے قرار دیا تھا کہ بورڈ نے تمام قواعد وضوابط اور سول سرونٹس پروموشن رولز 2019ء کے تحت فیصلہ کیا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے قائداعظم کے اصول پر اہم فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا ہے کہ سول سرونٹس سیاستدانوں کے اثر میں نہ آئیں جبکہ وفاقی آئینی عدالت نے پولیس سروس کے افسر تنویر احمد طاہر کی ترقی کی اپیل مسترد کردی۔ آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل خارج کر دی۔ یہ تحریری فیصلہ جسٹس علی باقر نجفی نے جاری کیا ہے۔ فیصلے میں قائداعظم محمد علی جناح کی اپریل 1948ء میں پشاور میں سول افسران (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 1)

محسن نقوی کی قطری ہم منصب سے ملاقات، سکیورٹی پارٹنرشپ بڑھانے پر اتفاق

ملاقات کے دوران داخلی سکیورٹی سے متعلقہ شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

دوحہ(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطری ہم منصب و داخلی سلامتی فورس کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی سے ملاقات کی جس میں سکیورٹی پارٹنرشپ بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزارت داخلہ کے مطابق ملاقات کے دوران داخلی سکیورٹی سے متعلقہ شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں وزرائے خارجہ کا سکیورٹی پارٹنرشپ بڑھانے پر اتفاق ہوا۔ ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال اور علاقائی امن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 2)

دوشنبے: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار ایس سی او اجلاس کی خطاب کرتے ہوئے

ٹیکس نیٹ کا دائرہ کار بڑھانا ناگزیر، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے، وفاقی وزیر خزانہ

ٹیکس نظام میں بہتری کیلئے اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے، ٹیکس کا دائرہ بڑھانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں، وزیر خزانہ

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ وزارت خزانہ کے زیراہتمام ٹیکس نظام میں اصلاحات سے متعلق ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 3)

ان ملاقاتوں میں دوطرفہ دفاعی تعاون، بارڈر مینجمنٹ اور خطے کے مجموعی سکیورٹی معاملات کو مرکزی حیثیت حاصل رہے گی، جو دونوں ممالک کے تعلقات میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔

خطے میں کشیدگی

فیلڈ مارشل تہران پہنچ گئے، آج سے اعلیٰ عسکری و سیاسی ملاقاتیں

یہ دورہ ایسے وقت میں ہورہا ہے جب مشرق وسطیٰ میں امریکا اور ایران کے درمیان تناؤ اپنے عروج پر ہے، پاکستان کی جانب سے دونوں ممالک کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنا نہ صرف خطے میں استحکام کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں توازن برقرار رکھنے کی ایک اہم کوشش بھی ہے، دفاعی ماہرین

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اہم دورے پر ایرانی دارالحکومت تہران پہنچ گئے۔ عالمی خبر رساں ایجنسی رائٹرز نے ایرانی میڈیا کے حوالے سے بتایا ہے کہ پاکستانی فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر خطے میں جاری کشیدگی اور باہمی تعلقات کے فروغ کے لیے سرکاری دورے پر تہران پہنچ چکے ہیں۔ فیلڈ مارشل اس اہم دورے کے دوران ایران کی اعلیٰ عسکری و سیاسی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ ان ملاقاتوں میں دوطرفہ دفاعی تعاون، بارڈر مینجمنٹ اور خطے کے مجموعی سکیورٹی معاملات کو مرکزی حیثیت حاصل رہے گی، جو دونوں ممالک کے تعلقات میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔ اس دورے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 7)

اہم خبریں

احسن اقبال کا پارلیمنٹ میں کھلے عام سگریٹ نوشی پر اعتراض، اسپیکر کی ارکان کو مختص جگہ پر جانے کی ہدایت

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے پارلیمنٹ کی عمارت میں سگریٹ نوشی پر اعتراض اٹھادیا۔ قومی اسمبلی میں احسن اقبال نے کہا کہ ہماری پارلیمنٹ کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 8)

ہر گاؤں میں عوامی نمائندوں کی مشاورت سے ولیج کمیٹی بنانے کا فیصلہ، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے منظوری دیدی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب کے دیہات کو مثالی گاؤں بنانے کے پراجیکٹ پر تفصیلی بریفنگ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال ملاقات کرتے ہوئے

پنجاب کابینہ نے بسنت 2027ء کی تاریخ کی تبدیلی کی سمری منظوری کرلی

سمری محکمہ داخلہ نے پیش کی، بسنت 12، 13 اور 14 مارچ 2027ء کو منائی جائے گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب کابینہ نے بسنت 2027ء کی تاریخ کی تبدیلی کی منظوری دیدی۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کابینہ نے بسنت کی تاریخ تبدیل کرنے کی سمری منظور کر لی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 4)

وزارت خزانہ میں ٹیکس وکیل اور تجزیہ کاروں کی بھرتیوں کے لیے درخواستیں طلب

ٹیکس وکیل اور پرسنل انکم ٹیکس کے تجزیہ کار کی اسامیاں ایس پی پی ایس تھری اسکیل میں ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے وزارت خزانہ میں قائم ٹیکس پالیسی آفس کے لیے ٹیکس وکیل کی ایک اور پرسنل انکم ٹیکس کے تجزیہ کار کی اسامیوں سمیت مجموعی طور پر 4 (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 6)

رانا ثناء اللہ

وزیراعظم دہشتگردی کیخلاف تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ بٹھانے کیلئے تیار ہیں

کے پی میں جو دہشت گردی کی صورتحال تھی اس پر صوبائی حکومت کا تعاون نہیں مل رہا تھا‘ بلوچستان میں صوبائی حکومت مکمل طور پر وفاقی حکومت کے ساتھ تعاون کررہی ہے

تمام سیاسی جماعتیں سر جوڑ کر بیٹھیں تو وزیراعظم اس سارے مسئلہ پر بیٹھنے کے لیے تیار ہیں، میں آج تمام سیاسی جماعتوں کو دعوت دیتا ہوں کہ دہشت گردی کے معاملے پر وزیراعظم کے ساتھ بیٹھیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ وزیراعظم کے ساتھ دہشت گردی کے مسئلہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 5)

اسحاق ڈار

شنگھائی تعاون تنظیم پائیدار اقتصادی نمو میں قائدانہ کردار ادا کرسکتی ہے

زراعت، کان کنی، معدنیات اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے حامی ہیں، توانائی اور ٹرانسپورٹ کے شعبوں میں ہدفی سرمایہ کاری معاشی انضمام کے لیے اہم ہے

سی پیک ایس سی او شراکت داروں کو معاشی انضمام کے مشترکہ سفر میں تیزی لانے کے مواقع فراہم کرتا ہے، توانائی میں تعاون اور عالمی معلوماتی سلامتی کو ایس سی او کا اہم حصہ بننا چاہئے

دوشنبے (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم ڈیجیٹل تبدیلی اور پائیدار اقتصادی نمو میں قائدانہ کردار ادا کر سکتی ہے، زراعت، کان کنی، معدنیات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 11)

دوحہ: وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی سے قطری ہم منصب ملاقات کرتے ہوئے

افواج پاکستان ہماری ریڈ لائن، مولانا فضل الرحمان کی تنقید بلاجواز ہے‘ گورنر راج کے نفاذ اور ہنگامی اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں‘ وزیر مملکت مذہبی امور کھیل داس کوہستانی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مملکت برائے مذہبی امور کھیل داس کوہستانی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے نفاذ اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 17)

وزارت خزانہ اور آئی ایم ایف کے زیراہتمام ٹیکس اصلاحات پر 2 روزہ ورکشاپ کا آغاز

ورکشاپ کے دوران ٹیکس نظام کے انتظامی امور اور ڈیجیٹلائزیشن پر خصوصی نشست منعقد کی گئی، ٹیکس نظام کو جدید بنانے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت خزانہ اور آئی ایم ایف کے زیراہتمام پاکستان کے ٹیکس نظام کو جدید بنانے کیلئے اعلیٰ سطح کی 2 روزہ ورکشاپ کا آغاز ہو گیا۔ ورکشاپ کی تقریب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 16)

خیبر پختونخوا، گورنر راج، ایمرجنسی کے نفاذ کیخلاف وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر

درخواست میں وفاق، صدر، گورنر خیبر پختونخوا، حکومت خیبر پختونخوا اور دیگر متعلقہ حکام کو فریق بنایا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف آئینی درخواست دائر کردی گئی۔ محمد یوسف جاوید ایڈووکیٹ نے وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر کی جس میں 11 اکتوبر 2026 کے ہنگامی حالت کے نوٹیفکیشن کو غیر قانونی، بدنیتی پر مبنی اور غیر آئینی قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں آئین کے آرٹیکل 232 اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 10)

سہیل آفریدی مذاکراتی مسودے کی منظوری کیلئے افغانستان میں رابطے میں تھے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 12)

پاکستان اور امریکا کیلئے ٹیکنالوجی میں تعاون انتخاب نہیں، ضرورت ہے، رضوان سعید شیخ

سفیر کا آئندہ 10 سے 12 برسوں میں پاکستان کی آبادی کے متوقع عالمی مقام کا ذکر

ڈیلس (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعلقات رکھنا کسی انتخاب کا معاملہ نہیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 14)

بلوچستان میں گزشتہ سال موصولہ 164 ارب روپے میں سے 116 ارب روپے ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کیے گئے، علیم خان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ گزشتہ سال بلوچستان میں عوامی شعبہ کے ترقیاتی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 18)

نواز شریف ایون فیلڈ سے روانگی سے قبل کارکنوں کے ساتھ تصویریں بنواتے ہوئے

PAKISTAN TAX CONFERENCE
TAXING BETTER FOR SUSTAINABLE GROWTH

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ٹیکس نظام میں اصلاحات سے متعلق ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے

اسلام آباد ہائیکورٹ، کچہری دھماکے کے متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی کی پالیسی جلد بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ضلع کچہری خودکش دھماکے کے متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی سے متعلق پالیسی جلد مرتب کرنے، معاملہ سیکرٹری کابینہ کو بھیجنے اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 13)

ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن سکیم جاری رہے گی، بلال اظہر کیانی

حکومت برآمد کنندگان کو مناسب قیمت پر مطلوبہ معیار کا خام مال فراہم کرنے کی سہولت برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن سکیم ملکی برآمدات میں اضافے کے لیے انتہائی اہم ہے اور اسے جاری رکھا جائے گا، سکیم کے غلط استعمال کی روک تھام اور مقامی صنعت کے تحفظات دور کرنے کے لیے اقدامات کئے گئے ہیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 15)

مریم نواز

ہڈیوں کی کمزوری کی تشخیص اور علاج بارے شعور اجاگر کرنا ضروری ہے

ہڈی ٹوٹنے سے پہلے کوئی واضح علامات ظاہر نہیں ہوتیں، ہڈیوں کی مضبوطی کے لئے کیلشیم، وٹامن ڈی اور پروٹین سے بھرپور متوازن غذاء کا استعمال کریں

حکومت پنجاب صوبہ میں ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی اور پینلڈ ہسپتالوں کے ذریعے شہریوں کو مفت ہڈیوں اور جوڑوں کے امراض کا علاج فراہم کررہی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ہڈیوں کی کمزوری کی بیماری، بچاؤ، تشخیص اور علاج کے بارے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 29)

یکم جنوری سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ کرنے کی تجویز

سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے سال 2027 کیلئے بجلی کی خریداری کی درخواست نیپرا میں جمع کرادی، اگلا سال بھی بجلی صارفین پر بھاری ہی رہے گا

سال 2027 میں 3 ہزار 439 ارب بجلی کی خریداری کی قیمت ہوگی جس میں 19 سو 14 ارب روپے کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں ادا کئے جائیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں یکم جنوری 2027 سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ ہونے کا امکان ہے۔ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 21)

مالدیپ کی وزیر خارجہ ارتھشام آدم کابینہ ارکان اور اعلیٰ حکام کے ہمراہ صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے دورہ پاکستان سے قبل اسلام آباد پہنچ گئیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مالدیپ کی وزیر خارجہ ارتھشام آدم کابینہ ارکان اور اعلیٰ حکام کے ہمراہ صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے دورۂ پاکستان سے قبل آج صبح اسلام آباد پہنچ گئیں۔ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 19)

وزیر تجارت سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات، سرمایہ کاری، دوطرفہ تجارت اور اقتصادی تعاون بڑھانے بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے امریکی ناظم الامور نٹالی اے بیکر نے ملاقات کی جس دوران دونوں ملکوں کے درمیان دوطرفہ تجارت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 20)

ایس ای سی پی نے سائبر سکیورٹی مضبوط بنانے کے لیے سکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم کردیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے معلوماتی اثاثوں کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 30)

حکومت کو جو کرنا تھا کردیا اب اسے ریورس کرے، بیرسٹر گوہر

دہشت گردی کی آڑ میں سیاسی مفادات کا تحفظ نہیں ہونا چاہیے، اڈیالہ روڈ داہگل ناکے پر گفتگو

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ حکومت کو جو کرنا تھا کر دیا اب اسے ریورس کرے، دہشت گردی کی آڑ میں سیاسی مفادات کا تحفظ نہیں ہونا چاہیے۔ راولپنڈی اڈیالہ روڈ داہگل ناکے پر میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ 24 اور 25 نومبر 2024 کو میری بانی سے ملاقاتیں ہوئی تھیں 25 نومبر کو میری تین مرتبہ بانی سے ملاقاتیں ہوئی تھیں 25 نومبر کو (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 31)

اسحاق ڈار کی تاجک صدر سے ملاقات، علاقائی اقتصادی تعاون کے فروغ پر زور

نائب وزیراعظم کی شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے حکومتی وفود کے سربراہان کے ہمراہ ملاقات میں شرکت

دوشنبے (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے تاجکستان کے صدر امام علی رحمان سے ملاقات کی جس میں شنگھائی تعاون تنظیم کے تحت علاقائی اقتصادی تعاون، روابط اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ پر زور دیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی تاجکستان کے صدر امام علی رحمان سے ملاقات ہوئی۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے شنگھائی تعاون تنظیم (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 23)

روس کی پاک افغان کشیدگی کے خاتمے کیلئے ثالثی کی پیشکش

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی کے خاتمے میں تعاون کی پیشکش کر دی۔ روس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 22)

پی ٹی آئی سوشل میڈیا کے اثر سے نکل جائے تو یہ ان کی سیاست کیلئے اچھا ہوگا، خواجہ آصف

مولانا فضل الرحمان نے سخت گفتگو کی ہے، میں نے مولانا کے سخت بیانات پر سیاسی نکتہ چینی کی ہے، وزیر دفاع

پی ٹی آئی قیادت سوشل میڈیا کے اثر سے نکل جائے تو یہ ان کی سیاست کے لیے اچھا ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت سوشل میڈیا کے اثر سے نکل جائے تو یہ ان کی سیاست کے لیے اچھا ہوگا، مولانا فضل الرحمان نے سخت گفتگو کی ہے، میں نے مولانا کے سخت بیانات پر سیاسی نکتہ چینی کی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 26)

ہنگو میں بڑی تباہی کا منصوبہ ناکام، ہائی سکول کے قریب نصب ریموٹ کنٹرول بم ناکارہ بنادیا گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) ہنگو میں ہائی سکول کے قریب نصب ریموٹ کنٹرول آئی ای ڈی ناکارہ بنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ہنگو کے علاقے درسمند ہائی سکول کے قریب نصب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 33)

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے، فضل الرحمان

اس وقت طاقتوروں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہورہا ہے،، سربراہ جے یو آئی ف

ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے، یہ سب صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے۔ پارٹی کی مجلس شوریٰ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلا کر صورتحال سے آگاہ کیا جائے، کے پی کے میں جو عبوری کونسل بن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 32)

فضل الرحمان ماضی کے بیانات اور موجودہ موقف میں تضاد کی وضاحت کریں، دانیال چوہدری

مولانا فضل الرحمان نے ماضی میں 9 مئی کے واقعات اور جی ایچ کیو پر حملے کے حوالے سے جو بیانات دیے، پارلیمانی سیکرٹری

9 مئی کے واقعات میں جانیں قربان کرنے والے سکیورٹی اہلکاروں کی قربانیوں کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو اپنے ماضی کے بیانات اور موجودہ سیاسی موقف میں پائے جانے والے تضادات کی وضاحت کرنا ہوگی، کیونکہ قوم دہشت گردی، شہدا کی قربانیوں اور قومی سلامتی سے متعلق معاملات پر ان سے جواب طلب کررہی ہے۔ منگل کو پارلیمنٹ ہاس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 24)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین 7 دن کی اوسط پر ہوتا ہے، ہم پٹرول درآمد کرتے ہیں، علی پرویز ملک

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے پٹرولیم علی پرویز ملک نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین سپلائی برقرار رکھنے، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 25)

سپیکر قومی اسمبلی کا دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر خراج تحسین

سردار ایاز صادق کا 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی تعریف

اسلام آباد (عباس ملک سے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر خراج تحسین۔ اسپیکر سردار ایاز صادق کا 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی تعریف۔ اسپیکر سردار ایاز (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 27)

والد مالی مشکلات کے نام پر بچوں کے اخراجات سے بری الذمہ نہیں ہوسکتا‘ لاہور ہائیکورٹ

عدالت نے والد کو فی بچہ 35 ہزار روپے ماہانہ خرچہ ادا کرنے، اس میں سالانہ 10 فیصد اضافے کا حکم بھی برقرار

بچوں کی حوالگی کے معاملے میں عدالت کو والدین کے حقوق کے بجائے بچوں کے بہترین مفاد کو مقدم رکھنا ہوتا ہے

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے دو کمسن بچوں کی حوالگی سے متعلق والد کی آئینی درخواست مسترد کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ بچوں کی فلاح و بہبود والدین کے ترجیحی حق سے زیادہ اہم ہے، عدالت نے والد کو فی بچہ 35 ہزار روپے ماہانہ خرچہ ادا کرنے اور اس میں سالانہ 10 فیصد (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مثالی گاؤں پراجیکٹ کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

COMMUNITY AWARENESS SESSION ON ACTIVE BYSTANDER INTERVENTION AND PREVENTION OF GBV

صنفی بنیاد پر تشدد کی روک تھام اور فعال شہری مداخلت کے موضوع پر کمیونٹی آگاہی سیشن کے شرکاء کا گروپ فوٹو

کمیونٹی کے افراد ہراسانی اور تشدد کے واقعات پر خاموش تماشائی بننے کے بجائے محفوظ اور ذمہ دارانہ انداز میں کردار ادا کریں۔ مقررین

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پنجاب وومن پروٹیکشن اتھارٹی اور جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی کے تعاون سے جاری منصوبے ''صنفی بنیاد پر تشدد کا شکار خواتین کے تحفظ، بحالی اور معاشی خودمختاری کے فروغ'' کے تحت صنفی بنیاد پر تشدد کی روک تھام اور فعال شہری مداخلت کے موضوع پر کمیونٹی آگاہی سیشن منعقد کیا گیا جس کا مقصد عوامی شعور، کمیونٹی کی شمولیت اور تشدد سے متاثرہ افراد کے تحفظ و معاونت کے مؤثر طریقوں سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔ سیشن کی قیادت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر لقمان مجید نے کی جبکہ محترمہ نوریکو ہارا، ڈسٹرکٹ ویمن پروٹیکشن آفیسر فوزیہ جبین اور وومن پروٹیکشن آفیسر سمیرا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

پیپلز پارٹی کی عظیم الشان تقریب، شہدائے کارساز اور چوہدری یسین سندھو مرحوم کو خراج عقیدت

پنڈی بھٹیاں (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حافظ آباد کے زیر اہتمام راجہ چوک حافظ آباد میں سانحہ کارساز کے شہداء ؒ کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ایک عظیم الشان مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں ضلع حافظ آباد اور تحصیل پنڈی بھٹیاں سے پارٹی قیادت اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے شرکاء ؒ میں محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ نائب صدر پیپلز لائرز فورم سنٹرل پنجاب، ملک شوکت حیات اعوان ٹکٹ ہولڈر، کامران یونس بٹ ایڈووکیٹ صدر پیپلز لائرز فورم حافظ آباد، خالدہ شاہد ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری پی پی پی ضلع حافظ آباد، علی الطاف چوہان انفارمیشن سیکرٹری، چوہدری امداد مبارک لودھرا صدر تحصیل پنڈی بھٹیاں، جابر ندیم چوہان سٹی صدر پنڈی بھٹیاں، ملک محمد رفیق اعوان نائب صدر تحصیل، کیپٹن ملک محمد نصیر جنرل سیکرٹری تحصیل پنڈی بھٹیاں، محمد افضال انجم (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

اوکاڑہ محکمہ سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی شاپس اور فائر سیفٹی کے ناقص انتظامات کے خلاف کارروائیاں، 7 مقدمات درج

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ محکمہ سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی شاپس اور فائر سیفٹی کے ناقص انتظامات کے خلاف کارروائیاں، 7 مقدمات درج، 3 پٹرول پمپس کو نوٹسز 7 مقدمات درج کروائے جبکہ فائر سیفٹی کے انتظامات تسلی بخش نہ ہونے پر 3 پٹرول پمپس کو نوٹسز جاری کیے گئے۔ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے محکمہ سے مکمل طور پر متحرک

جاری، سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیر نگرانی ضلع بھر میں غیر قانونی ایل پی جی شاپس اور فائر سیفٹی کے غیر تسلی بخش انتظامات کے خلاف کارروائیاں تواتر سے کی جا رہی ہیں۔ سول ڈیفنس کی ٹیموں نے تحصیل اوکاڑہ اور دیپالپور مقامات پر چیکنگ کے دوران خلاف ورزیوں پر ہے اور اس سلسلہ میں ضلع بھر میں ایل پی جی شاپس کی چیکنگ کی جا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے غیر قانونی ایل پی جی کاروبار اور حفاظتی انتظامات میں غفلت کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے متعلقہ کاروباری افراد کو (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

سابق نائب صدر کھاریاں پریس کلب راجہ عرفان عباس جنجوعہ کی ہمشیرہ لیفٹیننٹ کرنل کے عہدے پر ترقی پا گئیں

کھاریاں (راجہ سلطانی سے) سابق نائب صدر کھاریاں پریس کلب اور سینئر صحافی راجہ عرفان عباس جنجوعہ کی ہمشیرہ محترمہ کو پاک فوج میں لیفٹیننٹ کرنل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی اس موقع پر رینک بیجز لگانے کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ ترقی کی خوشی میں اہل خانہ عزیز و اقارب دوست احباب اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے اس موقع پر راجہ عرفان عباس جنجوعہ نے کہا کہ الحمدللہ، یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و کرم اور ہمارے خاندان کے لیے باعث فخر اعزاز ہے کہ ہمارا خاندان نسل در نسل پاک فوج کی خدمت کرتا آ رہا ہے انہوں نے کہا کہ وطنِ عزیز پاکستان اور پاک فوج کی خدمت ہمارے لیے اعزاز ہے اور ان شاء اللہ آئندہ بھی یہ جذبہ برقرار رہے گا انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج ملک و قوم کے دفاع اور سلامتی کے لیے اہم کردار ادا کر رہی ہے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

پتوکی شہر بھر میں قائم پیٹرول پمپس مالکان نے حکومتی ریلیف پیکیج کو بھی دھندا بنا لیا

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی شہر بھر میں قائم پیٹرول پمپس مالکان نے حکومتی ریلیف پیکیج کو بھی دھندا بنا لیا ہے، جہاں عوامی فلاح کے اس اقدام کو بہتر کرنے کے بجا؟ مبینہ طور پر کھلی لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ اطلاعات کے مطابق، شہر بھر کے کئی پیٹرول پمپس حکومت کی جانب سے ملنے والے ریلیف کے نام پر اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں، جن میں سے کچھ پمپس صرف پانچ سو روپے تک کا پیٹرول دینے پر اصرار کر رہے ہیں، جبکہ دیگر پمپس پیمانے میں ڈنڈی مار کر عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے میں مصروف ہیں۔ متاثرہ شہریوں اور غریب طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد نے اس صورتحال پر شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے اپنی بے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

چوہدری یاسین مقصود کو پاکستان بیت المال کا کوآرڈینیٹر حلقہ این اے 134 مقرر کیے جانے پر پتوکی کیمسٹ کمیونٹی کے صدر محمد عامر نے انہیں دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

پتوکی (نامہ نگار) چوہدری یاسین مقصود کو پاکستان بیت المال کا کوآرڈینیٹر حلقہ این اے 134 مقرر کیے جانے پر پتوکی کیمسٹ کمیونٹی کے صدر محمد عامر نے انہیں دلی مبارک باد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع پر محمد عامر کا کہنا تھا کہ چوہدری یاسین مقصود کی تقرری خوش آئند اقدام ہے۔ امید ہے کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیتے ہوئے مستحق، نادار اور ضرورت مند افراد کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے اور عوامی خدمت کے جذبے کے تحت اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ محمد عامر نے چوہدری یاسین مقصود کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی تعیناتی سے حلقہ این اے 134 میں مستحق افراد کی معاونت اور فلاحی سرگرمیوں کو مزید فروغ ملے گا۔ واضح رہے کہ چوہدری یاسین مقصود کی تقرری کا باضابطہ نوٹیفکیشن وزیراعظم آفس سے جاری کیا جائے گا۔

اسٹیٹ لائف کی شاندار بزنس میٹنگ، نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کی حوصلہ افزائی

بھیرہ تحصیل رپورٹر فرحان ظفر بھٹی (اسٹیٹ لائف کی شاندار بزنس میٹنگ، نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کی حوصلہ افزائی بھیرہ: گورنمنٹ آف پاکستان کے ادارے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کی ایک شاندار بزنس میٹنگ ڈوگر بجی ریسٹورنٹ پر منعقد ہوئی، جس میں سیکٹر ہیڈ سید ریاض حسین شاہ صاحب (چنیوٹ)، ایریا منیجر سید حسنین شاہ نقوی صاحب اور ایریا 2785 بھیرا کی کامیاب ٹیم نے شرکت کی۔ میٹنگ کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک اور نعت رسولِ مقبول ؟ سے ہوا۔ اس موقع پر گزشتہ ماہ نمایاں کاروباری کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے احمر مصطفیٰ، بدرالحسن اور ڈاکٹر افضال احمد ملک صاحب کو پھولوں کے ہار پہنا کر خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ سیکٹر ہیڈ سید ریاض حسین شاہ صاحب نے ٹیم کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے مزید کاروباری ترقی کے لیے رہنمائی فراہم کی اور نئے اہداف مقرر کیے۔ انہوں نے ٹیم ورک، بہتر کارکردگی اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے بھرپور محنت جاری رکھنے پر زور دیا۔ یہ میٹنگ سینئرز تنویر احمد صاحب اور رانا محمد آصف صاحب کی ٹیم کے زیر اہتمام منعقد ہوئی۔ شرکاء ؒ نے ادارے کی ترقی اور کاروباری اہداف کے حصول کے لیے مزید محنت اور لگن سے کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے خلاف ورزی پر مقدمات درج کروائے جائیں۔ کمشنر ساہیوال

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا ہے کہ ڈویژن بھر میں غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں انہوں نے کہا کہ غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے قیام اور قانون کی خلاف ورزی کی ہرگز اجازت نہیں دی جاسکتی وہ یہاں غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی روک تھام اور قانونی کارروائیوں کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، اسسٹنٹ کمشنرز چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد طارق اسماعیل اور ضلع کونسل کے افسران نے شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنرز اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور پاکپتن آصف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

APPSMA ڈسکہ کے وفد کی نئے تعینات ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ ڈاکٹر شہنشاہ بابر خان سے ملاقات

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) APPSMA ڈسکہ کے وفد کی نئے تعینات ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ ڈاکٹر شہنشاہ بابر خان سے ملاقات، نجی تعلیمی ادارے محکمہ تعلیم کے اہم اسٹیک ہولڈرز ہیں، ان کی خدمات قابلِ تحسین ہیں: ڈاکٹر شہنشاہ بابر خان، گذشتہ روز APPSMA ڈسکہ کے وفد نے سیالکوٹ میں نئے تعینات ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ ڈاکٹر شہنشاہ بابر خان سے خصوصی ملاقات کی اور انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک باد پیش کی، خوش آمدید کہا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ وفد نے نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے محکمہ تعلیم کے ساتھ ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔ ملاقات کے دوران ڈاکٹر شہنشاہ بابر خان نے نجی تعلیمی اداروں کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پرائیویٹ اسکول محکمہ تعلیم کے اہم اسٹیک ہولڈرز ہیں اور تعلیمی شعبے میں ان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ APPSMA راولپنڈی کے راہنما ابرار احمد خان اور عدنان نثار کی قیادت میں ان کی ٹیم کی طرح سیالکوٹ اور ڈسکہ کی ٹیمیں بھی محکمہ تعلیم کے ساتھ بھرپور تعاون اور باہمی رابطے کے ذریعے تعلیمی بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کریں گی۔ ڈاکٹر شہنشاہ بابر خان نے مزید بتایا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

ایس ایم تنویر کو اعزازی ڈاکٹریٹ آف فلاسفی پی ایچ ڈی کی ڈگری سے نوازا گیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ملک کی معروف کاروباری سماجی شخصیت اور بزنس کمیونٹی کے لیے اپنی خدمات سر انجام دینے والے ایس ایم تنویر کو پاکستان کی صنعت و معیشت کے لئے انکی خدمات کے اعتراف میں دی یونیورسٹی آف لاہور کی جانب سے اعزازی ڈاکٹریٹ آف فلاسفی پی ایچ ڈی کی ڈگری سے نوازا گیا ہے، ایس ایم تنویر کو ملنے والی اعزازی ڈگری پر ضلع چنیوٹ کی بزنس کمیونٹی صدر چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری دانش نعیم فخری، سابق صدر فہد نعیم فخری، صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب رجسٹرڈ چنیوٹ شاہد محمود چوہدری، سینئر نائب صدر ملک شہباز اختر، نائب صدر چوہدری شہباز یامین، جنرل سیکرٹری حافظ عمار شمشاد، میڈیا کوآرڈینیٹر و سیکرٹری انفارمیشن ڈسٹرکٹ پریس کلب رجسٹرڈ چنیوٹ عامر صدیقی، سرپرست اعلیٰ ڈسٹرکٹ پریس کلب سرور علی چوہدری، محمد علی مشتاق جنرل سیکرٹری سمیت شہر کی سیاسی سماجی کاروباری شخصیات کی جانب سے مبارکباد دی گئی ہے، ضلع چنیوٹ کی معروف سماجی کاروباری شخصیت ایس ایم عمران نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں کہا کہ ہمارے خاندان کے لیے ایک قابلِ فخر اور یادگار لمحہ میرے پیارے بھائی ایس ایم تنویر کو، پاکستان کی صنعت اور معیشت کے لیے ان (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

50 تاریخی گوردواروں کی بحالی، سکھ ورثے کی تحفظ اور پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنے پر وائس آف پنجاب ایچ ڈی نیوز کی اہم ملاقات

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) وائس آف پنجاب ایچ ڈی نیوز کی ٹیم نے متروکہ وقف املاک بورڈ (ETPB) کے سیکرٹری ناصر مشتاق سے ملاقات کی، جس میں پنجاب کے تاریخی گوردواروں کی بحالی، سکھ مذہبی و ثقافتی ورثے کی تحفظ اور پاکستان کی مثبت تشخص کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کیحوالے سے تفصیلی تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔ ملاقات تقریباً آدھے گھنٹے تک جاری رہی۔ ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کیتحت صوبے کے 50 سیز ائد تاریخی گوردواروں کی بحالی اور تحفظ کیمنصوبے کو خصوصی اہمیت دی گئی۔ اس منصوبیمیں ایسے تاریخی مقامات بھی شامل ہیں جن کی عمارتیں طویل عرصیبخستہ حالی کا شکار ہیں۔ منصوبے کا بنیادی مقصد سکھ مذہب سے وابستہ تاریخی مقامات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

جھنگ: پروگرام ''مریم کو بتائیں'' کے تحت خصوصی افراد میں معاون آلات تقسیم

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ کی ہدایات کی روشنی میں خصوصی افراد کو خودمختار، باعزت اور معاشرے کا فعال شہری بنانے کے لیے سوشل ویلفیئر کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شہباز خان کھوکھر، معروف سماجی کارکن و صدر آمنہ ویلفیئر فاؤنڈیشن مہر محمد ریاض نول، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کمیونٹی ڈویلپمنٹ فضل عباس اور خصوصی افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی بیگم

کمپلیکس جھنگ میں پروگرام ''مریم کو بتائیں'' کے تحت معاون آلات تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس کی مہمانِ خصوصی رکن پنجاب اسمبلی بیگم عابدہ بشیر چوہدری تھیں تقریب میں خصوصی افراد کی فلاح و بہبود، ان کے مسائل کے حل اور معاشرے میں ان کی مؤثر شمولیت عابدہ بشیر چوہدری ایم پی اے نے ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شہباز خان کھوکھر اور مہر محمد ریاض نول کے ہمراہ خصوصی افراد میں الیکٹرک وہیل چیئرز، الیکٹرک ٹرائی موٹر سائیکلیں، بچوں کے لیے وہیل چیئرز، مریضوں کے لیے قابلِ حرکت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

قدیر حسینی مستانہ کے دوسرے سالانہ ختم پاک کی محفل کا اہتمام ان کی رہائش گاہ واقع ہاؤسنگ کالونی میں کیا گیا

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) تفصیلات کے مطابق ننکانہ کے صحافی، نوید حسینی، غلام شہباز حسینی، غلام عباس حسینی اور توقیر حسینی کے والد محترم قدیر حسینی مستانہ کے دوسرے سالانہ ختم پاک کی محفل کا اہتمام ان کی رہائش گاہ واقع ہاؤسنگ کالونی میں کیا گیا جس میں معززین محلّہ و شہریوں نے شرکت کی محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اور کریم آقاؐ کے دربار اقدس میں گلہائے عقیدت کے پھول نچھاور کیے گئے اس کے بعد منے شاہ نے شان اہلبیت اور عظمت والدین پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ والدین اللہ تعالیٰ کی طرف سے انمول تحفہ ہوتے ہے ہمیں جن کے والدین اللہ تعا لیٰ کو پیارے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

اوکاڑہ محکمہ ماحولیات کی انسداد سموگ مہم کے تحت کارروائیاں، 1 اینٹوں کا بھٹہ سیل، 7 کو نوٹسز جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ محکمہ ماحولیات کی انسداد سموگ مہم کے تحت کارروائیاں، 1 اینٹوں کا بھٹہ سیل، 7 کو نوٹسز جاری، سکشن ہڈز کی خلاف ورزی پر 2 باربی کیو پوائنٹس سیل، ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات محمد جہاں تاب اختر کی زیر نگرانی محکمہ کی ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر ایک اینٹوں کا بھٹہ سیل کر دیا جبکہ مزید 7 بھٹوں کو خلاف ورزیوں پر نوٹسز جاری کیے گئے جبکہ باربی کیو پوائنٹس پر سکشن ہڈز کے استعمال سے متعلق ضوابط کی خلاف ورزی پر 2 باربی کیو پوائنٹس کو بھی سیل کر دیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات محمد جہاں تاب اختر نے کہا کہ انسداد سموگ مہم کی خلاف ورزی پر کارروائیوں کا مقصد عوام کو صاف ستھرا اور سموگ سے پاک ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اینٹوں کے بھٹوں کے مالکان ماحولیاتی قوانین اور مقررہ ضوابط کی مکمل پابندی کریں اور اس سلسلہ میں کسی کو بھی ماحولیاتی آلودگی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ باربی کیو پوائنٹس پر سکشن ہڈز کے حوالے سے مقررہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

منڈی احمد آباد۔ پولیس کا چاک و چوبند دستہ شہید ہیڈ کانسٹیبل کی قبر پر سلامی دیتے ہوئے

شہید ہیڈ کانسٹیبل غلام مرتضی وٹو کی قبر پر پولیس کے دستے نے سلامی دی

منڈی احمد آباد۔ (نامہ نگار) شہید ہیڈ کانسٹیبل غلام مرتضی وٹو کی قبر پر پولیس کے دستے نے سلامی دی تفصیل کے مطابق ہیڈ کانسٹیبل غلام مرتضی وٹو شہید کی قبر پر پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی دی اور قبر پر پھول رکھے اور شہید ہیڈ کانسٹیبل کی بلندی درجات کے لیے دعا کی گئی اس موقع پر شہید کی اہلیہ محترمہ/ بھائی اور دیگر عزیز و اقارب بھی موجود تھے واضح رہے کہ ہیڈ کانسٹیبل غلام مرتضی وٹو 20 اکتوبر 1998 بروز منگل کو لاہور دوران ڈیوٹی ایک مبینہ ڈاکو کی گولی لگنے سے شہید ہوئے تھے۔ شہید کے یوم شہادت کے موقع پر پنجاب پولیس کی جانب سے سلامی کے لیے چاک و چوبند دستہ قبر پر آیا تھا۔

ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے تھانہ شاہ کوٹ میں پولیس خدمت مرکز افتتاح کر دیا

چیچہ وطنی (نامہ نگار، تحصیل رپورٹر) ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے تھانہ شاہ کوٹ میں پولیس خدمت مرکز افتتاح کر دیا، ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی ہدایات پر عوام کو پولیس سے متعلقہ سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے ضلع بھر میں اقدامات جاری ہیں، اسی سلسلے میں تھانہ شاہ کوٹ میں بھی پولیس خدمت مرکز کا قیام عمل میں لایا جا چکا ہے، تھانہ شاہ کوٹ کے فرنٹ ڈیسک پر پولیس خدمت مرکز کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، جس سے شہریوں کو پولیس سے متعلقہ خدمات کے حصول میں آسانی ہوگی، تھانہ شاہ کوٹ اور گردونواح کے دیہات کے رہائشیوں کو پولیس خدمت مرکز کی سہولیات حاصل کرنے کے لیے چیچہ وطنی یا ساہیوال جانے کی ضرورت نہیں، شہری اپنے متعلقہ تھانہ شاہ کوٹ سے ہی پولیس خدمت مرکز کی دستیاب سہولیات سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

اوکاڑہ اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت کا پیرا آفس کا دورہ، سٹاف کو متحرک انداز میں فرائض کی ادائیگی، ڈسپلن اور حاضری یقینی بنانے کی ہدایات

اوکاڑہ + حجرہ شاہ مقیم (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر + الٰہی بخش ڈولہ) اوکاڑہ اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت کا پیرا آفس کا دورہ، سٹاف کو متحرک انداز میں فرائض کی ادائیگی، ڈسپلن اور حاضری یقینی بنانے کی الناس، دکانداروں اور تاجروں کے ساتھ خندہ پیشانی، خوش اخلاقی اور احترام سے پیش آیا جائے۔ سرکاری فرائض کی انجام دہی میں شائستہ رویہ، قانون کی پاسداری اور میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے۔

ہدایات، انہوں نے پیرا آفس دیپالپور میں سٹاف کی حاضری، نظم و ضبط اور انفورسمنٹ کے سلسلہ میں جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے عملے کو ہدایت کی کہ وہ سرکاری ذمہ داریوں کی ادائیگی میں متحرک، مستعد اور ذمہ دارانہ انداز اپنائیں اور حکومتی ہدایات پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے کہا کہ انفورسمنٹ کے دوران عوام اسسٹنٹ کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ پیرا آفس کا تمام سٹاف ڈسپلن کو یقینی بنائے اور عوامی خدمت کے جذبے کے تحت محنت، لگن اور ذمہ داری سے کام کرے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ کی کارکردگی بہتر بنانے، عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور سرکاری احکامات پر عملدرآمد کے لیے تمام اہلکار اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ایمرجنسی	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری [illegible] سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بینک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو بی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

ماہلہ بکن کے محلّہ کمہار پورہ میں 50 کے وی ٹرانسفارمر اور بجلی کی تاریں نصب، اہلِ علاقہ کا وفاقی وزیر اور ایم پی اے سے اظہارِ تشکر

ڈھلیانہ (مہر مشتاق احمد) ماہلہ بکن کے محلّہ کمہار پورہ میں بجلی کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے 50 کے وی کا ٹرانسفارمر اور بجلی کی تاریں نصب کروا دی گئیں، جس پر اہلِ علاقہ نے وفاقی وزیر برائے آبی وسائل میاں محمد معین احمد خان وٹو اور ایم پی اے چوہدری افتخار حسین چھچھر کا شکریہ ادا کیا ہے۔ اس سلسلے میں چیئرمین مسلم لیگ (ن) یونین کونسل گدر ڈ ملکانہ چوہدری ذیشان منظور آرائیں نے وفاقی وزیر میاں محمد معین احمد خان وٹو اور ایم پی اے چوہدری افتخار حسین چھچھر کی خصوصی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ محلّہ کمہار پورہ کے عوام کو درپیش بجلی کے مسائل کے حل کے لیے ٹرانسفارمر اور تاروں کی تنصیب ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے اہلِ علاقہ کو سہولت میسر آئے گی۔ چوہدری ذیشان منظور آرائیں نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور لوگوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وعدے صرف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

رقم کا مطالبہ کرنے پر مجھے مبینہ طور پر سنگین مقدمات میں پھنسانے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں، سید علی رضا ہمدانی

چکوال (نامہ نگار) رقم کا مطالبہ کرنے پر مجھے مبینہ طور پر سنگین مقدمات میں پھنسانے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں، یہ بات سید علی رضا ہمدانی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتائی، انہوں نے کہا کہ پولیس کانسٹیبل آصف عرف سندھی شاہ سے بھاری رقم اور گاڑیاں لینی ہیں، اب اپنی رقم اور گاڑیوں کی واپسی کا مطالبہ کرنے پر مجھے سنگین مقدمات میں پھنسانے اور منشیات کے مقدمات درج کرنے کی دھمکیاں دی گئیں ہیں، میرے خلاف 3 جھوٹے مقدمات درج کر لیے گے ہیں، جب کہ 15 سے زائد جھوٹی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

ڈگری کالج فار ویمن حجرہ شاہ مقیم میں سول ڈیفنس کی جانب سے خصوصی تربیتی سیشن کا انعقاد

ڈھلیانہ (مہر مشتاق احمد) ڈگری کالج فار ویمن حجرہ شاہ مقیم میں سول ڈیفنس کے زیر اہتمام طالبات کو ہنگامی حالات اور ناگہانی آفات سے نبرد آزما ہونے کے لیے طالبات اور اساتذہ نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی۔ یہ اہم سیشن ڈپٹی کمشنر اوکاڑا کی خصوصی نگرانی، ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب لاہور حافظ عدنان

تیار کرنے کے مقصد سے ایک خصوصی تربیتی سیشن کا شاندار انعقاد کیا گیا۔ اس تربیتی پروگرام میں کالج کی کی خصوصی ہدایات اور سول ڈیفنس آفیسر کی باقاعدہ سرپرستی میں منعقد کیا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

محمد آصف اقبال چیمہ نے ان لینڈ ریونیو آفیسر حافظ آباد کا چارج سنبھال لیا

پنڈی بھٹیاں (نمائندہ خصوصی) تفصیلات کے مطابق محمد آصف اقبال چیمہ سے ملاقات کرنے والوں نبیلہ ایڈووکیٹ اور ملک عدیل حسین ایڈووکیٹ شامل تھے، ان سے ملاقات کی وکلاء ؒ نے محمد آصف اقبال

میں معروف قانون دان عاطف صدیق بھٹی ایڈووکیٹ، حاجی غضنفر علی ایڈووکیٹ، میڈم شکیلہ ایڈووکیٹ، میڈم چیمہ کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے، نیا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

سرکاری نرخوں پر گیس سلنڈر اور اشیائے خورد و نوش کی دستیابی شہریوں کے لیے چیلنج بن گئی، پیرافورس کی کارکردگی پر سوالات

عارف والا (تحصیل رپوٹر) میں گیس سلنڈرز کی سرکاری نرخوں پر عدم دستیابی اور اشیائے خورد و نوش کی مبینہ طور پر مہنگے داموں فروخت کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ شہر کے مختلف علاقوں میں مبینہ تجاوزات کے خلاف کارروائی نہ ہونے پر وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے قائم کردہ پیرافورس کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں کے مطابق قبولہ روڈ، کمہاراں والا چوک اور پاکپتن روڈ سمیت متعدد مقامات پر ناجائز تجاوزات کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پیرافورس کے زیر تعمیر دفتر کے قریب بھی تجاوزات کی موجودگی تشویش کا باعث ہے۔ قبولہ روڈ پر چائے کے اسٹالز اور مختلف مقامات پر گوشت کے اسٹالز سڑک کے قریب قائم ہونے کی شکایات بھی کی جا رہی ہیں، جس سے ٹریفک کی روانی اور شہریوں کی آمد و رفت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے میڈیا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

نیشنل ہائی وے، جی ٹی روڈ بیٹ 15 خستہ حالی کا شکار، گہرے کھڈوں سے شہری پریشان

گیمبر اوکاڑہ کینٹ (نمائندہ خصوصی): نیشنل ہائی وے، جی ٹی روڈ بیٹ 15 خستہ حالی کا شکار، گہرے کھڈوں سے شہری پریشان کروڑوں روپے ٹول ٹیکس وصول کرنے کے باوجود سڑک کی مرمت نہ ہو سکی، گاڑیوں کو نقصان، سفر کرنا دشوار ہو گیا — خالد شاہین فریدی کا وزارتِ مواصلات سے نوٹس لینے کا مطالبہ: گیمبر ساہیوال کے علاقے میں نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے، جی ٹی روڈ بیٹ 15 کی سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، جس کے باعث مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور اہلِ علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ سڑک پر جگہ جگہ گہرے کھڈے پڑنے سے گاڑیوں کی آمد و رفت دشوار ہو گئی ہے، جبکہ گاڑیوں کو نقصان پہنچنے کے باعث سفر کرنے والے افراد بھی پریشانی میں مبتلا ہیں۔ علاقے کے عوام کا کہنا ہے کہ سڑک کی خراب حالت کے باعث روزانہ سفر کرنے والوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گہرے کھڈوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

تھانہ ہڑپہ میں امن و امان کے قیام کے لیے پولیس گشت میں اضافے اور ٹھیکری پہرے بحال کرنے پر زور

عطائی ڈاکٹر کے کلینک سے انجکشن لگوانے کے بعد 28 سالہ دیہاتی جانبحق ہو گیا

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) عطائی ڈاکٹر کے کلینک سے انجکشن لگوانے کے بعد 28 سالہ دیہاتی جانبحق ہو گیا اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس اور ڈپٹی ڈی ایچ او موقع پر پہنچ گیے عطائی گرفتار کلینک کو سیل کر دیا گیا عطائیت کے ہاتھوں ہونیوالی اموات محکمہ صحت کے منہ پر طمانچہ ہے تفصیلات کے مطابق بتایا جاتا ہے کہ رینالہ خورد کے نواحی گاؤں چکنمبر 21 ٹو ایل میں مبینہ طور پر محمد حسین نامی عطائی ڈاکٹر نے اپنا کلینک بنا رکھا ہے جہاں گذشتہ روز کلینک پر ایک دیہاتی رحمت بلوچ انجکشن لگوانے کے لیے آیا عطائی سے انجکشن لگواتے ہی رحمت بلوچ کی طبیعت خراب ہو گئی اور تھوڑی دیر بعد ہی رحمت بلوچ جانبحق ہو کر ملک عدم سدھار گیا اس واقع کی اطلاع ملتے ہی ڈپٹی ڈی ایچ او رینالہ خورد ڈاکٹر اشوک کمار اور تھانہ سٹی پولیس موقع پر پہنچ گئی ڈپٹی ڈی ایچ او نے عطائی ڈاکٹر کا کلینک سیل کر دیا جبکہ پولیس نے عطائی کو گرفتار کرنے کے تھوڑی دیر بعد ہی چھوڑ دیا واضع رہے گذشتہ چند مہینوں سے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

محفوظ پنجاب ویژن کے تحت ڈسٹرکٹ ٹریفک ایجوکیشن یونٹ اوکاڑہ کے زیر اہتمام سٹی سکول اوکاڑہ میں روڈ سیفٹی آگاہی لیکچر کا انعقاد

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت ڈسٹرکٹ ٹریفک ایجوکیشن یونٹ اوکاڑہ کے زیر اہتمام سٹی سکول اوکاڑہ میں روڈ سیفٹی آگاہی لیکچر کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد طلباء و طالبات میں ٹریفک قوانین کی پابندی اور محفوظ سفر کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر، آر پی او ساہیوال رانا ایاز سلیم، ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی اور ڈی ایس پی ٹریفک اوکاڑہ سردار بالی خان کی خصوصی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ٹریفک ایجوکیشن آفیسر کامران راؤ نے لیکچر دیا۔ اس موقع پر طلباء و طالبات اور سکول سٹاف نے بھرپور شرکت کی۔ آگاہی نشست کے دوران بچوں کو ٹریفک قوانین پر عمل درآمد، سڑک عبور کرنے کے محفوظ طریقوں، موٹر سائیکل چلاتے وقت ہیلمٹ کے استعمال اور گاڑی میں سفر کے دوران سیٹ بیلٹ باندھنے کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ بچوں نے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

تھانہ ہڑپہ میں امن و امان کے قیام کے لیے پولیس گشت میں اضافے اور ٹھیکری پہرے بحال کرنے پر زور

ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں) تھانہ ہڑپہ کی حدود میں جرائم اور منشیات کی روک تھام چوری کی وارداتوں میں کمی اور امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے پولیس گشت میں اضافے کے ساتھ دیہی علاقوں میں ٹھیکری پہرے اور چوکیداری نظام کو فعال بنانے پر زور دیا جا رہا ہے ایس ایچ او تھانہ ہڑپہ شہزاد جوئیہ نے عوام نمبرداران چوکیداران اور صحافیوں کے باہمی تعاون کو پائیدار امن کے قیام کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صحافی میری آنکھیں ہیں، ہم سب کو مل کر علاقہ تھانہ ہڑپہ کو امن کا گہوارہ بنانا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک نے ضلع چنیوٹ کا وزٹ کیا۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے آر پی او کو سلامی دی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک نے ضلع چنیوٹ کا وزٹ کیا۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے آر پی او کو سلامی دی۔ آر پی او انعام الرحمٰن ملک نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی۔ آر پی او نے شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔ آر پی او نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہدائے پولیس ہمارا فخر، ہمارا اثاثہ ہیں انکی قربانیوں کے ہم امین ہیں۔ آر پی او انعام الرحمٰن ملک نے ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کے ہمراہ امن کمیٹی ممبران (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

توجہ برائے نمائندگان/ نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چوہدری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہارڈ شپ کمیٹی کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہارڈ شپ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ تعلیم کے ملازمین کی جانب سے ہارڈ شپ گراؤنڈ پر تبادلوں کے لیے موصول ہونے والی درخواستوں اور کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ملازمین کی جانب سے پیش کردہ درخواستوں، تبادلے کی وجوہات اور متعلقہ دستاویزات کا جائزہ لیتے ہوئے مقررہ قواعد و ضوابط اور محکمانہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

اوکاڑہ پولیس کی گزشتہ 24 گھنٹوں میں بڑی کارروائیاں، 27 ملزمان گرفتار

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ پولیس کی گزشتہ 24 گھنٹوں میں بڑی کارروائیاں، 27 ملزمان گرفتار پولیس نے 14 اشتہاری مجرمان سمیت 27 ملزمان گرفتار کیے 14 اشتہاری، 01 ٹارگٹڈ آفینڈر، 02 عدالتی مفرور گرفتار پولیس نے 03 منشیات فروش ملزمان کو گرفتار کیا گرفتار منشیات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

اوکاڑہ انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، حسنین نثار

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) صحافی و کالم نگار حسنین نثار نے وزیر اعلیٰ پنجاب، وزیر صحت پنجاب، محکمہ؟ صحت اور اوکاڑہ کے منتخب عوامی نمائندوں سے مطالبہ کیا ہے کہ اوکاڑہ شہر میں جدید سہولیات سے آراستہ اوکاڑہ انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے قیام کے لیے فوری عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ دل کا دورہ ایک ہنگامی کیفیت ہے جس میں بروقت علاج زندگی بچانے میں فیصلہ کن کردار ادا کرتا ہے، جبکہ اوکاڑہ کے شہریوں کو انجیوگرافی، انجیوپلاسٹی، اسٹنٹنگ اور ضرورت کے مطابق بائی پاس سرجری جیسی سہولیات کے لیے لاہور یا دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب دل کا مریض زندگی اور موت کی جنگ لڑ رہا ہو تو اس کے اہلِ خانہ کو علاج کی تلاش میں شہر شہر بھٹکنے پر مجبور نہیں ہونا چاہیے۔ اوکاڑہ میں جدید امراضِ قلب کے ہسپتال کا قیام عوام کی دیرینہ ضرورت، انسانی زندگیوں کے تحفظ اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کی جانب سے اہم قدم ہوگا۔ حسنین نثار نے حکام بالا سے اپیل کی کہ اس عوامی مطالبے کو سنجیدگی سے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یاسین اعوان

عرس مبارک حضرت خواجہ پیر محمد شریف رحمتہ اللہ علیہ 22 اکتوبر بروز جمعرات بعد نماز عشاء منعقد ہو رہا ہے

گکھڑ منڈی (نامہ نگار) عرس مبارک حضرت خواجہ پیر محمد شریف رحمتہ اللہ علیہ 22 اکتوبر بروز جمعرات بعد نماز عشاء منعقد ہو رہا ہے جامع مسجد عالیہ صدیقیہ گکھڑ میں جس میں زیر سرپرستی صاحبزادہ پیر ڈاکٹر زبیر افضل فرمائے گے خطاب حضرت علامہ مولانا پیر ڈاکٹر محمد سلیمان مصباحی صاحب اور حضرت علامہ مولانا پیر محمد حسنات احمد چشتی صاحب فرمائے گے اور تلاوت قاری خادم بلال مجددی نعت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

آر پی او بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) کا چشتیاں کا دورہ چشتیاں کے تھانہ سٹی اے ڈویژن کی نئی عمارت کا افتتاح کیا

چشتیاں، (تحصیل رپورٹر) آر پی او بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) کا چشتیاں کا دورہ چشتیاں کے تھانہ سٹی اے ڈویژن کی نئی عمارت کا افتتاح کیا اور اور تفصیلی فارمل انسپکشن کیں ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران کے ہمراہ تھانہ سٹی اے ڈویژن چشتیاں کی نوتعمیر شدہ جدید عمارت کا باقاعدہ افتتاح کیا اور تھانیکی جامع فارمل انسپکشن کی۔ چشتیاں آمد پر انہوں نے فیتہ کاٹ کر اور یادگاری تختی کی نقاب کشائی کر کے نئی عمارت کا افتتاح کیا۔ اس باوقار تقریب میں پولیس کے اعلیٰ افسران، مقامی معززین اور میڈیا کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ افتتاحی تقریب کے فوراً بعد، آر پی او بہاولپور غازی محمد صلاح الدین نے تھانہ سٹی اے ڈویژن کی فارمل انسپکشن کی۔ انسپکشن کے دوران انہوں نے تھانے کے تمام شعبہ جات بشمول فرنٹ ڈیسک، حوالات، مال (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

بہاولپور: کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا کمشنر چیمپئنز فلڈ لائٹ کرکٹ لیگ کے افتتاح کے موقع ڈویژنل سپورٹس آفیسر عامر حمید کو اعزازی شیلڈ دیتے ہوئے

چشتیاں ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور چشتیاں دورہ کے دوران تھانہ سٹی اے ڈویژن چشتیاں کی نئی بلڈنگ کا افتتاح مختلف تھانہ جات کی انسپکشن اور ہدایات جاری کرتے ہوئے

انسانیت کی فلاح و بہبود اور دکھی انسانیت کی خدمت اولیائے کرام کا مقصدِ حیات ہے، ڈاکٹر ندیم احمد بٹ

گوجرانوالہ تحصیل رپورٹر انسانیت کی فلاح و بہبود اور دکھی انسانیت کی خدمت اولیائے کرام کا مقصدِ حیات ہے، ڈاکٹر ندیم احمد بٹ گوجرانوالہ: معروف سماجی و مذہبی شخصیت ڈاکٹر ندیم احمد بٹ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ انسانیت کی فلاح و بہبود، دکھی انسانیت کی خدمت اور مخلوقِ خدا کے ساتھ محبت و شفقت کا جذبہ اولیائے کرام کی تعلیمات کا بنیادی پیغام ہے۔ اولیائے کرام نے ہمیشہ محبت، امن، بھائی چارے اور انسان دوستی کا درس دیا اور اپنی زندگیوں کو خدمتِ خلق کے لیے وقف کیے رکھا۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں امن، محبت اور رواداری کے فروغ کے لیے اولیائے کرام کی تعلیمات پر عمل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمیں چاہیے کہ بلاامتیاز رنگ و نسل اور مذہب انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں اور ضرورت مندوں، غریبوں اور بے سہارا افراد کی مدد کر کے ایک مثالی معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں۔ ڈاکٹر ندیم احمد بٹ نے مزید کہا کہ دکھی انسانیت کے چہروں پر مسکراہٹ بکھیرنا اور مخلوقِ خدا کے کام آنا ہی حقیقی خدمت اور انسانیت کی معراج ہے۔

پٹرول، بجلی اور گیس کی آسمان کو چھوتی قیمتوں اور ظالمانہ لوڈشیڈنگ سے عوام کا جینا محال کر دیا، خواجہ عاطف

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و سابق چیئرمین بلدیہ ڈسکہ خواجہ عاطف رضا پاشی نے کہا ہے کہ فارم 47 کی پیداوار جعلی حکومت نے پٹرول، بجلی اور گیس کی آسمان کو چھوتی قیمتوں اور ظالمانہ لوڈشیڈنگ سے عوام کا جینا محال کر دیا۔ انہوں نے اپنے بیان میں میڈیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کے لیے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا، عرفان علی کاٹھیا

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی توجہ کے تحت کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کے لیے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ کمشنر چیمپئنز فلڈ لائٹ کرکٹ لیگ 2026 اس سلسلے کی پہلی کڑی ہے، جبکہ جلد ہی ٹینس بال کرکٹ، فٹ بال اور دیگر کھیلوں کے صوبائی سطح سے لے کر کونسل سطح کے مقابلے منعقد کروائے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈرنگ اسٹیڈیم بہاولپور کے کرکٹ گراؤنڈ میں کمشنر چیمپئنز فلڈ لائٹ کرکٹ لیگ 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے بیٹنگ کرتے ہوئے شاٹ لگا کر ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

سپیریئر کالج جھنگ کی سینئر فیکلٹی ممبر پروفیسر مسز امبرین اختر قائم مقام پرنسپل مقرر، چارج سنبھال لیا

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) سپیریئر کالج گوجرہ روڈ جھنگ کی ڈائریکٹر مسز فرحین اسامہ چوہدری نے ادارے کی سینئر فیکلٹی ممبر اور اعلیٰ تعلیم یافتہ پروفیسر مسز امبرین اختر کو قائم مقام پرنسپل مقرر کرتے ہوئے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے انہوں نے چارج سنبھال کر ذمہ داریاں ادا کرنا شروع کر دی ہیں۔ اس موقع پر پروفیسر مسز امبرین اختر نے ڈائریکٹر مسز فرحین اسامہ چوہدری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان کے اعتماد پر پورا اترنے اور کالج کی تعلیمی و انتظامی ترقی کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گی۔ ان کی ترجیحات میں تعلیمی معیار کی بہتری، طلبہ و طالبات کی کردار سازی، نظم و ضبط (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

ڈسکہ شہر و گردونواح میں موسم سرما کی آمد کیساتھ ہی گیس بندش سے روزمرہ کی زندگی متاثر

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر و گردونواح میں موسم سرما کی آمد کیساتھ ہی گیس بندش سے روزمرہ کی زندگی متاثرہ، مہنگی ایل پی جی کم آمدن والوں اور سفید پوش طبقہ کیلئے اضافی بوجھ، لوگ ہوٹلوں سے مہنگے داموں کھانا خریدنے پر مجبور، ڈسکہ شہر سمیت گردونواح میں سوئی گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم پریشر کے باعث گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، مہنگی ایل پی جی نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا جس سے گھریلو بہت شدید متاثر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی زیرِ صدارت ڈی پی او آفس کے کانفرنس روم میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی کرائم میٹنگ

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی زیرِ صدارت ڈی پی او آفس

کے کانفرنس روم میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی کرائم میٹنگ منعقد ہوئی، میٹنگ میں جرائم کی مجموعی صورتحال، تمام ہیڈز آف کرائم پر کارکردگی، امن و امان کی صورتحال اور انسدادِ جرائم کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور نے افسران کو ہدایات جاری کیں کہ جرائم کے مؤثر تدارک کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جائے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

پتوکی: تھانہ سٹی پولیس کی کارروائی، مبینہ منشیات فروش گرفتار، 2 کلو چرس برآمد

پتوکی (چوہدری صدیق سے) تھانہ سٹی پولیس نے ایس ایچ او ذوالفقار علی بھٹی کی سربراہی میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے آصف عرف لڈی کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے تقریباً دو کلوگرام چرس برآمد ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزم کے خلاف امتناعِ منشیات کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ ڈی پی او قصور آفتاب احمد پھلروان کی ہدایت پر ضلع بھر میں منشیات کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔

پیپلز پارٹی کے جیالے ملک میں آمریت، ظلم اور دہشت گردی کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ہیں، ملک حسن پرویز ایڈووکیٹ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے تحصیل سیکرٹری جنرل ملک حسن پرویز ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ کارساز کے شہداء نے جانوں کا نذرانہ پیش کر کے یہ ثابت کر دیا کہ پیپلز پارٹی کے جیالے ملک میں آمریت، ظلم اور دہشت گردی کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ہیں، شہداء کا لہو آج بھی جمہوریت کی آبیاری کر رہا ہے اور ان کی قربانیاں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔ ملک حسن پرویز نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں کارکن آئین، قانون کی بالادستی، جمہوریت کے استحکام اور عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد ماند نہیں پڑنے دیں گے۔ شہدائے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

مریم نواز ہیلتھ کلینکس میں معیاری طبی سہولیات اور مریضوں کی بہتر نگہداشت یقینی بنائی جائے: اسسٹنٹ کمشنر ثوبیہ فلک

عارفوالا (تحصیل رپرٹر) اسسٹنٹ کمشنر عارفوالا ثوبیہ فلک نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق بنیادی مراکزِ صحت میں معیاری علاج، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی ہدایات پر انہوں نے مریم نواز ہیلتھ کلینک 75 ای بی کا اچانک دورہ کیا اور طبی سہولیات، عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کا معائنہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کو علاج معالجے میں کسی تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے، جبکہ صفائی، ادویات کی دستیابی اور طبی خدمات کے معیار پر بھی خصوصی توجہ دی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

اسسٹنٹ کمشنر عارفوالا ثوبیہ فلک مریم نواز ہیلتھ کلینک 75 ای بی کا اچانک دورہ کرتے ہوئے

ریفارمز ایڈ کراس روٹ لیول کے عنوان سے مباحثتی نشست کا انعقاد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رائزنگ پاکستان فورم کے پلیٹ فارم سے ریفارمز ایڈ کراس روٹ لیول کے عنوان سے مباحثتی نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے مختلف افراد سماجی و سیاسی نمائندوں نے بھی شرکت کی شرکا نے بہت تفصیل سے عام آدمی کو درپیش مسائل کو ان کے دروازے کی سطح تک حل کرنے کی ضرورت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

جمبر میں طالبات کی تعلیمی راہ آسان بنانے کے لیے بڑا اقدام بیداری این جی او نے 100 سے زائد سائیکلیں تقسیم کر دیں

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) تعلیم صرف کتابوں تک رسائی کا نام نہیں بلکہ ان خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کا وسیلہ بھی ہے جن کی تعبیر کے لیے ہماری بیٹیاں روزانہ طویل راستے طے کرتی ہیں اسی سوچ کو عملی شکل دیتے ہوئے گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول جمبر کلاں میں بیداری این جی او کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں جمبر کے سرکاری گرلز ہائی سکولوں کی طالبات میں 100 سے زائد سائیکلیں تقسیم کی گئیں تقریب کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات خان تھے جبکہ تعلیمی شعبے سے وابستہ شخصیات اساتذہ کرام مرکزی پریس کلب جمبر کے عہدیداران اور معززین علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی یہ تقریب محض سائیکلوں کی تقسیم کا پروگرام نہیں تھی بلکہ ان طالبات کے لیے امید، سہولت اور روشن مستقبل کی جانب ایک اہم قدم تھی جو حصولِ تعلیم کے لیے روزانہ طویل فاصلے پیدل طے کرنے پر مجبور ہیں سائیکلوں کی فراہمی سے نہ صرف طالبات کے سفر میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ ان کے قیمتی وقت اور توانائی کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

جمبر میں طالبات کی تعلیمی راہ آسان بنانے کے لیے بڑا اقدام بیداری این جی او نے 100 سے زائد سائیکلیں تقسیم کر دیں

معاشرے کے ہر فرد کو چاہیے کہ وہ نابینا افراد کے احترام کرے، انجینئر محمد بوٹا ملک

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف سماجی رہنما انجینئر محمد بوٹا ملک نے کہا ہے کہ بصارت سے محروم افراد ہماری خصوصی توجہ کے مستحق ہیں اللہ تعالیٰ نے ہمیں آنکھوں جیسی عظیم نعمت سے نوازا ہے اس لیے ہمارا فرض ہے کہ ہم اس نعمت کا شکر ادا کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی مخلوق بالخصوص نابینا افراد کی مدد اور خدمت کو اپنا شعار بنائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بصارت سے محروم افراد کے عالمی یوم سفید چھڑی کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا انجینئر محمد بوٹا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

شہر کو صاف ستھرا رکھنا صرف متعلقہ اداروں کے ساتھ ساتھ شہریوں کا تعاون بھی اس عمل میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے، فہد شفیق

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) کوڑا کرکٹ کو مقرر مقامات پر ڈالنے، گلیوں اور سڑکوں پر گندگی پھیلانے سے اجتناب

کرنے اور صفائی کے عملے کے ساتھ تعاون کرنے سے شہر کے ماحول کو بہتر بنایا جا سکتا ہے ان خیالات کا اظہار پروجیکٹ منیجر فہد شفیق نے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں مولانا عبدالمجید نظامی، مولانا عمر فاروق بھٹی، ڈاکٹر محمد اسلم، سابقہ پرنسپل نذیر احمد، محمد جاوید بٹ، عامر رضا چوہان، منظور رحمانی، ناصر علی مہار، ڈاکٹر اعظیم عامر، ڈاکٹر یونس مسیحی، شیخ کامران، محمد فاروق قریشی، سیف اللہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ کے زیر اہتمام سارکو ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے تعاون سے تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی کا عمل جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ کے زیر اہتمام سارکو ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے تعاون سے تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی کا عمل جاری ہے ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور منیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر شہری اور دیہی علاقوں میں صفائی آپریشن تسلسل کے ساتھ جاری ہے جس کا مقصد عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا اور صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانا ہے صفائی آپریشن کی قیادت ڈسٹرکٹ منیجر علی رضا کر رہے ہیں جبکہ سارکو پروجیکٹ منیجر محمد رضوان ظفر آپریشن کی نگرانی اور انتظامی امور کو مربوط بنانے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں تحصیل منیجر ارسلان احمد کی زیر نگرانی تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی کی سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں جاری رکھا جا رہا ہے تاکہ شہری و دیہی علاقوں میں صفائی کے انتظامات کو یقینی بنایا جا سکے صفائی آپریشن کے دوران مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی، سڑکوں اور گلیوں کی صفائی، کوڑا کرکٹ اٹھانے اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ عوامی مقامات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

سیف سٹی کیمروں، موٹر سائیکل کے بھاری چالان سمیت بہت سارے حکومتی اقدامات سے تاجر آڑھتی اور سرمایہ کار پریشان ہیں، شیخ محمد نعیم ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) مرکزی انجمن تاجران پاکپتن کے جنرل سیکرٹری وا انجمن تاجران منڈی روڈ پاکپتن کے صدر شیخ محمد نعیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سیف سٹی کیمروں، موٹر سائیکل کے بھاری چالان سمیت بہت سارے حکومتی اقدامات سے تاجر آڑھتی اور سرمایہ کار پریشان ہیں، کاروباری سرگرمیوں کو بڑھانے کیلئے حکومت کو تاجروں اور آڑھتیوں کو ریلیف دینا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے تاجروں کے وفد سے ملاقات میں کیا انہوں نے کہا کہ سیف سٹی کیمروں کی وجہ سے گاہک گھر سے نہیں نکل رہا، ترقی پذیر مما لک میں لوگوں کی ذہن سازی اور قانون پر عمل درآمد کرنے کیلئے نرم انداز میں عمل درآمد اور تربیتی سیشن کی ضرورت ہوتی ہے، سر پر ڈنڈا مارنے سے مسائل حل نہیں ہونگے، دوسری طرف مارکیٹ میں سرمائے کی قلت دور کرنے کیلئے وہ اقدامات نہیں اٹھائے جا رہے ہیں جس کی ضرورت ہے، مرکزی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

پتوکی میں گھریلو گیس سلنڈر سرکاری نرخوں سے 2250 روپے مہنگا فروخت ہونے لگا، تحصیل انتظامیہ اور پیرا فورس کی کارکردگی پر سوالات اٹھنے لگے

پتوکی (چوہدری صدیق سے) پتوکی میں گھریلو گیس سلنڈر سرکاری نرخوں سے 2250 روپے مہنگا فروخت ہونے لگا، تحصیل انتظامیہ اور پیرا فورس کی کارکردگی پر سوالات اٹھنے لگے۔ تفصیل کے مطابق پتوکی و نواح میں گھریلو گیس سلنڈر کی قیمت 5600 روپے تک پہنچ گئی، جبکہ سرکاری نرخ 3350 روپے مقرر ہونے کے باوجود مبینہ زائد قیمت پر فروخت کا سلسلہ جاری ہے۔ عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، مگر سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے ذمہ دار اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر سرکاری نرخوں پر عملدرآمد نہیں کروایا جا سکتا تو نرخ مقرر کرنے کا عوام کو کیا فائدہ؟ تحصیل انتظامیہ اور پیرا فورس کی موجودگی کے باوجود گیس سلنڈر سرکاری قیمت سے 2250 روپے مہنگا فروخت ہونا انتظامی نگرانی اور مؤثر کارروائیوں پر سوالات کھڑے کرتا ہے۔ شہری حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گھریلو گیس سلنڈر کی مقررہ قیمت پر فروخت یقینی بنائی جائے، زائد قیمت وصول کرنے والوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

مرحوم حکیم محمد سعید وطن سے محبت کرنیوالے ایک ایماندار اور وضع دار انسان تھے، حکیم مقبول احمد چوہدری

پاکپتن (نامہ نگار) معروف طبیب، میلورا فوڈز، بلال فوڈز اور مطب المسعود بہرام پور پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو حکیم مقبول احمد چوہدری نے کہا ہے کہ مرحوم حکیم محمد سعید وطن سے محبت کرنیوالے ایک ایماندار اور وضع دار انسان تھے شہید پاکستان نے اپنی محنت سے کئی جہان آباد کیے پوری زندگی کسی سے کچھ نہیں مانگا اپنی رزق حلال کی کمائی سے ہی سینکڑوں ادارے قائم کیے جو رہتی دنیا تک علم کی پیاس بجھاتے رہیں گے، ان کا خیالات کا اظہار انہوں نے شہید پاکستان حکیم محمد سعید کی برسی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حکیم محمد سعید روزانہ 18 گھنٹے کام کرنیوالے انسان تھے اپنی کاوشوں سے ڈبلیو ایچ او سے طب اسلامی کو سائنس تسلیم کرایا کراچی مدینۃ الحکمہ کی بنیاد رکھی ہمدرد یونیورسٹی کا قائم کی ہمدرد سکول سسٹم کو پورے ملک میں متعارف کرایا اسپورٹس کے شعبے قائم کیے مسلمان سائنسدانوں پر عالمی کانفرنسز کا انعقاد کیا بیت الحکمہ میں ایشیا کی سب سے بڑی لائبریری قائم کی وہ ایک ادارہ نہیں کئی اداروں کے بانی تھے، مرحوم حکیم سعید نے اپنی پوری زندگی کو فروغ علم کیلئے وقف کر رکھا تھا کہ قوم کے نونہالوں کی ذہنی تربیت کے حوالہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

سیکرٹری لائیوسٹاک کا دورہ شورکوٹ، ویٹرنری ہسپتالوں کا معائنہ

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) سیکرٹری لائیوسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ احمد عزیز تارڑ نے ایڈیشنل

سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر عثمان طاہر اور ڈائریکٹر جنرل پروڈکشن ڈاکٹر نعیم کنور کے ہمراہ شورکوٹ کا دورہ کیا انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک شورکوٹ کے دفتر، سول ویٹرنری ہسپتال شورکوٹ اور سول ویٹرنری ڈسپنسری بدھ راجبانہ کا معائنہ کیا اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک جھنگ اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 52)

عارفوالا کے نواحی گاؤں 78 ای بی کے موجودہ نمبردار پر چالیس لاکھ کی کرپشن کا الزام، محمد احمد موہل کی میڈیا سے گفتگو



عارفوالا (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق عارفوالا کے نواحی گاؤں چکنمبر 78 ای بی کے رہائشی محمد احمد موہل نے موجودہ نمبردار نزیر موہل پر چالیس لاکھ کی کرپشن کا الزام لگاتے ہوئے ان کو فوری گاؤں کی سربراہی سے ہٹانے کا مطالبہ کر دیا محمد احمد موہل کے مطابق محمد نزیر ولد محمد ادریس نے واصلباقی کے 22 لاکھ اور 51 ہزار بقایا جات بھی دینے ہیں جس سے وہ مکمل انکاری ہے محمد احمد موہل نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ کرپشن کی گئی تمام رقم محمد نزیر سے وصول کر کے زمیندار کاشتکاروں کو واپس دلوائی جائے نمبرداری کا عہدہ انتہائی اہم اور گاؤں میں رہنے والے تمام افراد کے لیے اچھے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 53)

ننکانہ صاحب: شہر کے وسط سے ہاکی اسٹیڈیم کے قریب فلتھ ڈپو کی منتقلی، شہریوں کا ضلعی انتظامیہ کے اقدام کا خیر مقدم

ننکانہ صاحب (غلام سرور) شہر کے وسط میں ہاکی اسٹیڈیم کے ایک کونے میں آبادی کے درمیان قائم فلتھ ڈپو کو بند کرنے اور کوڑا کرکٹ جمع



ہونے کی روک تھام کے لیے دیوار کی تعمیر پر شہریوں نے ضلعی انتظامیہ کے اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خوش آئند قرار دیا ہے تفصیلات کے مطابق ہاکی اسٹیڈیم کے قریب کوڑا کرکٹ جمع ہونیکے باعث ماحول انتہائی آلودہ اور غیر صحت بخش ہو چکا تھا تعفن پھیل رہا تھا، مکھیوں اور مچھروں کی افزائش کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا تھا اور بیماریوں کے پھیلاؤ کے خدشات بھی بڑھ رہے تھے۔ ڈپٹی کمشنر رعنا حمید کی ہدایت پر سینئر ٹیچر اشفاق خالد اور اہلِ محلّہ کی درخواست پر ستھرا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

ڈسٹرکٹ الیکشن کمیشن ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام طلبہ کے لیے ووٹنگ کے طریقہ کار پر تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب (غلام سرور) ڈسٹرکٹ الیکشن کمیشن ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام طلبہ کے لیے ووٹنگ کے طریقہ کار پر تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا، گورنمنٹ

To Promote Voter Education among
Students

گریجویٹ کالج میں ہونے والے سیمینار میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر محمد قیوم، پرنسپل گورنمنٹ گورونانک گریجوایٹ کالج ڈاکٹر جمیل احمد شاہ، اساتذہ اور طلباء وطالبات نے شرکت کی، شرکاء کو کو انتخابی عمل، ووٹ ڈالنے کے طریقہ کار اور انتخابی عملے کی ذمہ داریوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر جمیل احمد شاہ نے انتخابی عمل کی اہمیت اور جمہوری نظام میں ووٹ کی بنیادی حیثیت پر روشنی ڈالی جبکہ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر محمد قیوم نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

ٹی ایچ کیو ہسپتال شورکوٹ میں بریسٹ کینسر سے آگاہی سیمینار

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) ٹی ایچ کیو ہسپتال شورکوٹ میں بریسٹ کینسر سے آگاہی کے حوالے سے

سیمینار منعقد ہوا، جس میں ایم ایس ڈاکٹر ماریہ امداد، گائناکالوجسٹ ڈاکٹر صبا سمیت گائنی، فیملی پلاننگ اور دیگر شعبوں کی فیمیل ڈاکٹرز اور اسٹاف نے شرکت کی اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر ماریہ امداد نے کہا کہ سیمینار میں مریضوں کو اعتماد میں لے کر بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی دینے کی تربیت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 51)

تھانہ ٹانڈہ کے علاقہ سے لاپتہ ہونے والی خاتون نسیم بی بی کے قتل کا معمہ حل شوہر نے ملازمہ کے ساتھ حالت غیر میں پکڑے جانے پر بیوی کو قتل کر دیا

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) تھانہ ٹانڈہ کے علاقہ سے لاپتہ ہونے والی خاتون نسیم بی بی

کے قتل کا معمہ حل شوہر نے ملازمہ کے ساتھ حالت غیر میں پکڑے جانے پر بیوی کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق مورخہ 25 ستمبر 2026 کو محمد اشفاق نامی شخص نے تھانہ ٹانڈہ پولیس کو اطلاع دی کہ وہ کھیتوں میں کام کرنے کے بعد گھر واپس آیا تو اس کی 39 سالہ بیوی نسیم بی بی گھر سے لاپتہ تھی، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

آر پی او بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) کا چشتیاں کا دورہ: تھانہ سٹی اے ڈویژن کی نئی عمارت کا افتتاح اور تفصیلی فارمل انسپکشن

بہاولنگر (سے رانا محمد اشرف بیورو چیف جنوبی پنجاب) آر پی او بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) کا چشتیاں کا دورہ: تھانہ سٹی اے ڈویژن کی نئی عمارت کا افتتاح (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

جڑانوالہ کی سیاسی وسماجی شخصیت راجہ ندیم اکبر حیات اور راجہ شہروز اکبر کی دعوت پر ایم پی اے ثاقب چدھڑ کی کے نواحی گاں 126 گ ب پنڈ جنجوعہ آمد

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ کی سیاسی وسماجی شخصیت راجہ ندیم اکبر حیات اور راجہ شہروز اکبر کی دعوت پر ایم پی اے ثاقب چدھڑ کی کے نواحی گاں 126 گ ب پنڈ جنجوعہ آمد۔ جہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر علاقائی مسائل، ملکی سیاسی صورتحال، حکومتی اقدامات اور عوام کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر راجہ ندیم اکبر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی رہنماں اور عوام کے درمیان رابطے مضبوط ہونے چاہییں تاکہ عوامی مسائل متعلقہ فورمز تک پہنچائے جا سکیں۔ اس موقع پر ایم پی اے ثاقب چدھڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمت اور علاقے کی ترقی ان کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ حکومت اور عوام کے درمیان بہتر رابطہ ملک کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

ڈپٹی کمشنر گجرات نور العین نے اسسٹنٹ کمشنر آفس سرائے عالمگیر میں طویل عرصے سے بند لائبریری کو تزین و آرائش کے بعد آج کھول دیا

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) ڈپٹی کمشنر نور العین نے اسسٹنٹ کمشنر آفس سرائے عالمگیر میں طویل عرصے سے

بند لائبریری کو تزین و آرائش کے بعد آج کھول دیا ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر کو شاباش دی اور کہا کہ لائبریری میں مزید کتابیں اور کمپیوٹرز فراہم کیے جائیں، طلبہ کو مطالعے کی طرف راغب کیا جائے اور لائبریری صبح سے شام تک کھلی رکھی جائے تاکہ طلبہ اور شہری اس سہولت سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ اس موقع پر پی ایس او ایم سی سرائے عالمگیر عظمت وڑائچ اور دیگر افسران موجود تھے۔

یونیورسٹی آف اوکاڑہ کی دوسالہ ترقی کا اعتراف، ہائر ایجوکیشن منسٹر نے کارکردگی کو سراہا، داخلوں میں 310 فیصد اضافہ، 44 کروڑ روپے کے 13 ترقیاتی منصوبے شروع

رینالہ خورد + شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر + رینالہ عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر)) یونیورسٹی آف اوکاڑہ نے گزشتہ دو سال کے دوران تعلیمی، مالیاتی اور انتظامی شعبوں میں نمایاں ترقی حاصل کی ہے، جس کا اعتراف پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کے کمیٹی روم میں منعقدہ یونیورسٹی کی 30 ویں سنڈیکیٹ کے اجلاس میں پیش کی گئی کارکردگی رپورٹ میں کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت صوبائی وزیر ہائر ایجوکیشن رانا سکندر حیات نے کی، جبکہ رجسٹرار جمیل عاصم نے ایجنڈا پیش کیا اور ڈپٹی ڈائریکٹر پریس، میڈیا اینڈ پبلیکیشنز شرجیل احمد نے جامعہ کی کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ دو سال میں داخلوں میں 310 فیصد اضافہ ہوا اور رواں فال سمسٹر میں داخلوں کی تعداد 7 ہزار 85 تک پہنچ گئی۔ یونیورسٹی میں 44 کروڑ روپے کی لاگت سے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے 13 منصوبے شروع کیے گئے، جن میں مرکزی جامع (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

یونیورسٹی آف اوکاڑہ کی دوسالہ ترقی کا اعتراف، ہائر ایجوکیشن منسٹر نے کارکردگی کو سراہا، داخلوں میں 310 فیصد اضافہ، 44 کروڑ روپے کے 13 ترقیاتی منصوبے شروع

گجرات میں ایل پی جی گیس کا شدید بحران، دکانداروں کی من مانیاں عروج پر، ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی + عمران بٹ) گجرات شہر میں ایل پی جی گیس کے شدید بحران نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ گیس کی مبینہ قلت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بعض دکانداروں نے من مانے نرخ وصول کرنا شروع کر دیے ہیں، جبکہ ایل پی جی کی قیمت 580 سے 600 روپے فی کلو تک پہنچنے کی اطلاعات ہیں۔ گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عام شہریوں، خصوصاً غریب اور متوسط طبقے کے افراد کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایل پی جی کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کے باعث گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہو رہا ہے اور کئی گھرانوں کے لیے روز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

آر پی او بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) کا چشتیاں کا دورہ: تھانہ سٹی اے ڈویژن کی نئی عمارت کا افتتاح اور تفصیلی فارمل انسپکشن

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

اپوزیشن نے سہیل آفریدی اور دیگر کی حراست کا معاملہ قومی اسمبلی میں اٹھا دیا

پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور اپوزیشن کے چیف وہپ عامر ڈوگر نے تحریک التوا اسپیکر قومی اسمبلی کو جمع کروائی جس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی کی مبینہ حراست پر بحث کرانے کی درخواست کی گئی ہے۔ تحریک التوا میں چھ ارکان قومی اسمبلی امجد علی خان، جنید اکبر، فضل محمد خان، زبیر خان، حاجی امتیاز احمد چوہدری اور نسیم علی شاہ کی حراست پر بھی بحث کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔ تحریک التوا میں کہا گیا ہے کہ منتخب نمائندوں کی مبینہ حراست جمہوری اداروں کے امور اور عوامی نمائندگی سے متعلق سنگین خدشات پیدا کرتی ہے، منتخب نمائندوں کے آئینی حقوق اور پارلیمانی استحقاق کے تحفظ کا معاملہ قومی اسمبلی میں اٹھایا جائے۔ اپوزیشن نے مبینہ حراستوں کے حالات و واقعات پر ایوان میں فوری بحث کا مطالبہ بھی کیا اور معاملے پر بحث کے لیے قومی اسمبلی کا معمول کا ایجنڈا معطل کرنے کی درخواست کی۔ ملک محمد عامر ڈوگر نے قومی اسمبلی کے قواعد وضوابط 2007 کے رول 109 اور 110 کے تحت تحریک التوا اسپیکر قومی اسمبلی کو جمع کروادی۔ دوسری جانب قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے ارکان کی عدم موجودگی، پروڈکشن آرڈرز اور خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سے متعلق سوالات اٹھاتے ہوئے حکومت کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں لوگوں کو تنگ کرنے کا کوئی شوق نہیں، آپ نے ایک صوبے کی حکومت ختم کردی، اب بتایا جائے کہ خیبر پختونخوا کا وزیراعلیٰ اور ہمارے ارکان اسمبلی کہاں غائب ہیں؟ سہیل آفریدی سمیت دیگر لوگ زندہ بھی ہیں یا نہیں۔ قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود اچکزئی نے اجلاس میں نکتہ اعتراض پر دعویٰ کیا کہ جنید اکبر، نسیم شاہ، عادل بازئی اور عزیر خان سمیت متعدد ارکان قومی اسمبلی میں موجود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی رکن نے بدترین جرم بھی کیا ہو تو اس کے پروڈکشن آرڈرز حاصل کرنا اسپیکر کی ذمہ داری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اپنے ارکان کو اس ایوان میں اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتے ہیں اور انہیں ایوان میں بولنے کا موقع دیا جائے۔ اپوزیشن لیڈر نے اسپیکر سے مخاطب ہو کر کہا کہ ہمیں آپ سے کچھ نہیں چاہیے، صرف آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی میں کہی گئی بات پر کسی کو گرفتار نہیں کیا جانا چاہیے اور نہ ہی کارروائی ہونی چاہیے۔ اگر ارکان کو بولنے کا موقع ہی نہیں دیا جائے گا تو پارلیمان کا مقصد کیا رہ جائے گا؟ محمود اچکزئی نے تاریخی مثال دیتے ہوئے کہا کہ 600 سال پہلے ایک بادشاہ کو پانچ ارکان کی ضرورت تھی تو اسپیکر نے اس کی درخواست کا احترام کیا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آج اپنے ارکان کی موجودگی اور ان کے حقوق کے لیے آواز اٹھانے پر انہیں کیوں نہیں سنا جا رہا؟ انہوں نے مزید کہا کہ آپ جو قانون بنانا چاہتے ہیں بنائیں، لیکن اس کے نتائج بھی بھگتنا ہوں گے۔ محمود اچکزئی نے مطالبہ کیا کہ ایوان میں موجود ثناء اللہ مستی خیل اور کنڈی سمیت دیگر ارکان کو بھی بات کرنے کا موقع دیا جائے۔

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا 'نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔........(جامع ترمذی)

عوام مار نظام کی موت کا واحد حل

ظفریات
facebook / zafar iqbal zafar raiwind
ظفر اقبال ظفر
zafariqbalzafarculimnist@gmail.com

اگر کسی بھی حکمران کا دورِ حکومت سچائی و حقائق کے ساتھ جاننا ہو تو اُس دور کا ادب پڑھیں۔ صرف ایک ادیب، مصنف، رائٹر، یعنی قلم ہی پورا عوامی سچ لکھتا ہے۔ اگر حکومت کے وجود کا مقصد دیکھا جائے تو یہ صرف کمزور، غریب، پسے ہوئے طبقے کو علاج، تعلیم، روزگار، انصاف، تحفظ مہیاءِ کرنا ہے۔ انہی عوامی حقوق کے حصول پر آج کا ملکی سچ یہ ہے ایک مزدور کے حالات زندگی دیکھ لیجئے کہ بے روزگاری و مہنگائی پیدا کرتی اس نالائق حکومت کے دور میں مزدوری کو اتنا سستا کر دیا ہے کہ کثیر تعداد کے مزدور منڈی میں سارا دن کھڑے شام کو خالی ہاتھ گھروں کو لوٹ جاتے ہیں اور پھر اگلی صبح ان کی مزدوری کا نہیں مجبوری کا سودا ہوتا ہے۔

جس مزدور کو سخت گرمی اور اپنے وسیع کام کا اعصابی تناؤ ناقابل برداشت لگتا تھا وہ بچے پالنے کے لیے بے حس حکمرانوں کی بنائی اس جہنم میں روز اترتا ہے۔ سفید پوش گھرانوں کی عورتیں نقاب کر کے بازاروں میں بھیک مانگتی ہیں اور پھر ایک دن کی خوراک خرید کر بچوں میں لوٹ جاتی ہیں۔ انسانی حقوق تو چھوڑیئے یہاں انسانیت ہی پامال ہو رہی ہے۔ غریب عوام کو ان حالات میں پہنچانے والے حکمرانوں کے متعلق خدا سے سوال کرتا ہوں کہ، اے خدا ان کا خالق بھی تو ہی ہے؟ غریب عوام کا حال لکھوں تو ہر لفظ درد سے بھر جائے گا۔ اور درد کا سب تکلیف دہ پہلو یہ ہے کہ بڑوں سے چلتا آیا اور نسلوں تک منتقل ہوتا رہے گا کسی کے پاس اس کا مرہم نہیں۔

اک بار فیض احمد فیض سے پوچھا گیا، اب اور اس ملک کے ساتھ کیا برا ہوگا؟ تو انہوں نے جواب دیا اس سے بھی برا یہ ہوگا کہ یہ یونہی چلتا رہے گا۔

مجھے، یونہی چلتا رہے گا، سے متفق نہیں ہونا میں اس ملک کا سب سے حقدار مستحق طبقہ اُس سہولتوں میں دیکھنے کا آرزومند ہوں، جو اس ملک پر قابض اشرفیہ جی رہی ہے۔

اس کے لیے کیا خونی انقلاب آئے گا؟ نہیں مجھے پہلے ہی اس سسٹم کی ناانصافیوں سے مرجانے والوں کا دکھ کھائے جا رہا ہے، میں کسی جان کے جانے کا حامی نہیں ہوسکتا۔ پھر کیسے پسے ہوئے طبقے کے وسائل ان تک پہنچیں گے؟ ہڑتال کرنی ہوگی؟ نہیں، روز کماتے ہیں تو کھاتے ہیں ہڑتال نہیں۔ پھر کیا احتجاج کرنا ہوگا؟ نہیں، احتجاج سے عوامی تقدیر تو کیا تصویر پر بھی اثر نہیں پڑے گا۔ پھر کیا دھرنا دینا ہوگا؟ دھرنا۔۔ ہاں مگر ماضی و حال جیسا دھرنا نہیں۔ پھر کیسا؟ اپنے اندر صبر و برداشت کا دھرنا دینا ہوگا۔ وہ کیسے؟ دیکھو اس ملک میں غریب عوام کی ہی اکثریت ہے ناں؟ ہاں تو۔۔ انہی کو نچوڑ کر اشرفیہ کو پالا جا رہا ہے۔ اس اشرفیہ کو فاقوں پہ لانا ہوگا۔ غریب ان کے منہ میں اپنے بچوں کے نوالے ڈالنا بند کر دیں یہ وسائل پہ قابض نظام مرجائے گا۔۔۔ وہ کیسے؟ دیکھو مہنگی بجلی ظالمانہ نرخ وہ بھی لوڈ شیڈنگ کے ساتھ یعنی سہولت کے نام پہ ایک عذاب کا نام بجلی ہے اس بجلی کو اسی اشرفیہ پہ گرا دو۔۔ کیا مطلب؟ دیکھو ظالم وہ نہیں جو ظلم کرتا ہے ظالم وہ ہے جو ظلم سہتا ہے۔۔۔ ٹھیک کہا پھر؟ غریب اجتماعی طور پر اس کی خریداری سے دستبردار ہو جائیں یعنی کچھ عرصہ بجلی کی خریداری ترک کر دیں۔۔ ہوسکتا ہے کنکشن ہی کٹ جائیں، کٹ جانے دیں۔۔۔ نوے فیصد بل جمع ہی نہ ہوئے تو۔۔۔ زبردستی کی مہنگائی خریدنے سے انکار مطلب ناجائز نرخوں کا عملی بائی کاٹ خریداری نہ کرنا ہے، اب کسی دوسرے ملک کو تو بیچ نہیں سکتے نا کوئی اور ملک ہماری عوام جتنا مجبور ہے۔۔ دشمن ہمسایہ ملک بھارت پہلے ہی اپنی عوام کا بل دو سو یونٹ اور اس سے بھی زائد یونٹ مفت دیتا ہے۔ چائنہ ہمیں سولر بیچتا ہے وہ کیوں خریدے گا۔۔۔ افغانستان بھی دشمن ملک وہ بھی اُس ظالمانہ قیمتوں پر نہیں لے گا جس پر اپنی عوام کو دیتے ہیں۔۔۔ ایران اپنی عوام کے ساتھ ظلم کا عادی ہی نہیں وہ اپنا سارا انتظام آپ رکھتا ہے۔۔ ایسے ہی پٹرول و گیس کے ساتھ کیا جائے، مطلب جس چیز کے نرخ اُس کی اوقات میں لانے ہیں اس کا استعمال ترک کر دیا جائے۔ ایک قوم کی طرح متفق اور متحد ہو کر ہی ہم مسائل کو دفنا سکتے ہیں اور پھر ہمارا آئین بھی تو ہمیں سول نافرمانی کی اجازت دیتا ہے سوچو اگر ہم ناجائز ٹیکس پر مبنی اشیاءِ کی خریداری سے انکار کر دیں تو اس کی کیا اوقات رہ جائے گی؟ اس کے بعد پتا ہے کیا ہوگا؟ کیا ہوگا؟ اشرفیہ عوام سے لوٹا ہوا سرمایہ سمیٹ کر اس ملک سے فرار ہو جائے گی۔۔۔ اگر نہ ہوئی تو؟ ارے بھئی یہ اشرفیہ اپنے دور حاضر کے ظالمانہ سلوک سے ثابت کر چکی ہے کہ یہ محبِّ عوام تو ہے ہی نہیں۔۔ مگر اس سے بھی بڑا سچ تو یہ ہے کہ محبِّ وطن بھی نہیں ہے۔۔ وہ کیسے؟ یہ اس ملک کو چلانے کے لیے اپنا لوٹا ہوا پیسہ کبھی خرچ نہیں کرے گی۔۔ نہ باہر سے واپس لائے گی۔ یہ نہ لیڈر ہیں نا سیاست دان۔۔۔ وہ کیسے؟ دیکھو لیڈر اپنا نہیں اپنی عوام کا سوچتا ہے۔۔ ٹھیک۔۔ ہاں ٹھیک۔۔۔ اور سیاست دان بھی وہ ہوتا ہے جو اپنی ذہنی قابلیت و عمل سے عوام کے لیے وسائل پیدا کرے۔۔۔ یہ اس میں بھی ناکام۔۔۔ یہ وہ تاجر ہیں جنہیں اقتدار کی سہولت درکار ہے۔۔۔ انہوں نے اقتدار نہیں سنبھالا بلکہ اپنی نسلوں اور ساتھیوں کا مالی مستقبل سنبھالا ہوا ہے

دیکھو آج بھی یہ امیر سے امیر تر ہیں اور ہمارے محبِّ وطن غریب۔۔۔ ان کے پاس محبِّ وطنی کے سوا ہے ہی کچھ نہیں۔۔۔ نہ یہ ملک چھوڑ سکتے ہیں نہ غداری کر سکتے ہیں یہ بچارے جینے کے لیے مرے جا رہے ہیں۔۔۔ اب ان کے پاس اشرفیہ کو مارنے کے سوا کیا راستہ بچتا ہے؟۔۔۔ اس ملک کا غریب حکومتی وسائل کے بغیر مزدوری کر کے اپنا گزارہ کر سکتا ہے تو مہنگی تنخواہیں لینے والے کیوں مراعات کے بغیر گزارہ نہیں کر سکتے ان کی محبِّ وطنی، نچلے درجے کے عوامی معیارِ زندگی پر جینا گناہ و سزا سمجھتی ہے؟

آپ کیا کہتے ہیں؟

اس ملک کی عوام پاکستان کے نام پر آدم خور اشرفیہ کے نوالے بنتے رہیں یا ناجائز ٹیکس و مہنگائی کی خریداری بند کر کے انہیں مار دیں؟

چہروں کی کائنات اور باطن کے بھید



آنکھ سے نظر تک
عباس ملک
0300-5558352

دن کا اجالا رخصت ہونے کو تھا
اور رات اپنی تاریک چادر پھیلانے کی تیاری کر رہی تھی۔ فضا پر خاموشی کا ایک عجیب سا رنگ غالب تھا۔
میں اتفاقاً ایک مصروف سڑک سے گزر رہا تھا کہ میری نگاہ سڑک کنارے بیٹھے چند مزدوروں پر پڑی۔ کسی کے ہاتھ میں بیلچہ تھا،
کسی کے پاس ڈرل مشین،
اور سب کی نظریں گزرتی ہوئی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر لگی تھیں،
شاید کسی کام کی امید میں۔
ان کے چہروں پر مختلف کیفیات نمایاں تھیں:
کسی کی آنکھوں میں انتظار،
کسی کی پیشانی پر فکر کی شکنیں
اور کسی کے لبوں پر ایسی مسکراہٹ تھی جس کے پیچھے چھپی کیفیت سمجھنا آسان نہ تھا۔ یہ منظر دیکھ کر میرے ذہن میں سوال ابھرا:
کیا واقعی انسان کا چہرہ اس کے باطن کا آئینہ ہوتا ہے
، یا بعض اوقات آئینے بھی حقیقت دکھانے میں ناکام رہتے ہیں؟
اپ سب نے اکثر لوگوں کو یہ کہتے سنا ہوگا
کہ ہم چہرہ دیکھ کر انسان کو پہچان لیتے ہیں۔
کسی کے لہجے میں شرارت،
کسی کی گفتگو میں غرور،
کسی کی نگاہ میں خود پسندی اور کسی کی مسکراہٹ میں چھپی بے اعتنائی تلاش کر لیتے ہیں۔
مگر کیا واقعی چند لمحوں میں کسی انسان کے باطن تک رسائی ممکن ہے؟
کیا ہر شخص نجومی ہے کہ کسی کی زندگی کے پوشیدہ ابواب پڑھ لے؟
میں نے بہت سے نجومیوں اور خود ساختہ چہرہ شناسوں کو آزمایا،
مگر اکثر کے حصے میں محض اندازے اور تکے ہی آئے۔
کسی پریشان چہرے کو دیکھ کر بے روزگاری، معاشی تنگ دستی، گھریلو ناچاقی
یا محبوب کی بے وفائی کا اندازہ لگا لینا کون سا غیر معمولی کمال ہے؟
ممکن ہے وہ شخص آسودہ حال ہو،
مگر اس کی پریشانی اولاد کی نافرمانی یا بچوں کے مستقبل کی فکر ہو۔
چہرے پر پریشانی دکھائی دے سکتی ہے، لیکن
اس کی اصل وجہ جان لینا
محض ظاہری مشاہدے سے
ممکن نہیں۔
چہرہ بلاشبہ
ایک کتاب ہے،
مگر ہر چہرے میں ایک الگ داستان پوشیدہ ہے
۔ کہیں فرشتہ صفت چہرہ ہے،
جس کی نگاہ میں شفقت اور لہجے میں نرمی ہے؛
کہیں سنگ دل چہرہ ہے،
جس کے سامنے کسی کی آہ و فغاں بھی اثر نہیں کرتی
۔ مغرور چہرہ اپنی برتری کے زعم میں دوسروں کو حقیر سمجھتا ہے،
جب کہ منکسر المزاج چہرہ عظمت کے باوجود انکسار کا دامن نہیں چھوڑتا۔ معصوم چہرہ سادگی کا تاثر دیتا ہے،
مگر معصوم دکھائی دینا معصوم ہونے کی دلیل نہیں۔
کہیں شہباز جیسی بلند پروازی کا استعارہ ہے،
کہیں حالات سے شکستہ انسان کی بے بسی۔
شب بیدار چہرے کے پیچھے عبادت، تیمارداری یا مستقبل کی فکر ہوسکتی ہے؛
خوابیدہ چہرہ سکون یا تھکن کا اظہار ہوسکتا ہے۔
مشتاق چہرہ کسی ملاقات یا منزل کا منتظر ہوتا ہے،
جب کہ بیزار چہرہ حالات کی تلخیوں سے اکتایا ہوا دکھائی دیتا ہے۔
بیمار چہرہ جسمانی تکلیف کی علامت ہوسکتا ہے،
مگر ہر زردی بیماری کی دلیل نہیں۔
محروم چہرے کی آنکھوں میں ادھوری خواہشیں،
غم زدہ چہرے پر جدائی کے آثار
اور مسکراتے چہرے کے پیچھے برسوں کی محرومیاں چھپی ہوسکتی ہیں۔
وفا کا چہرہ مشکل وقت میں ساتھ نبھاتا ہے،
جب کہ منافقت کا چہرہ لبوں پر محبت اور دل میں عداوت لیے پھرتا ہے
۔ تاہم یہ سب تاثرات ہیں،
کسی کے باطن کا قطعی فیصلہ نہیں۔
ہم روتے ہوئے چہرے کے آنسو دیکھ لیتے ہیں،
مگر اس کے دکھ کا سبب نہیں جان پاتے۔ ہنستے ہوئے چہرے کو خوش حال سمجھ لیتے ہیں، حالانکہ ممکن ہے
اس کی مسکراہٹ کے پیچھے ایک طویل داستانِ غم ہو۔
چہروں کو سمجھنے کے لیے صرف آنکھیں نہیں،
احساس رکھنے والا دل بھی درکار ہوتا ہے۔
اور پھر ماں کا چہرہ ہے،
جو دنیا کے تمام چہروں سے الگ ایک جہانِ محبت ہے۔ انسان کی پہلی مانوس کائنات
ماں کا چہرہ ہوتا ہے۔ دنیا کے تعلقات بدلتے رہتے ہیں،
مگر ماں کی نگاہ میں اولاد کا چہرہ عمر بھر معصوم رہتا ہے
۔ ماں کا چہرہ محض چہرہ نہیں،
بے لوث محبت،
دعا، تحفظ اور قربانی کی زندہ تصویر ہے۔
حسن و جمال سے آراستہ چہرہ بھی کردار کی پستی کے سامنے اپنی کشش کھو سکتا ہے،
جب کہ وقت کی سختیوں سے جھریوں زدہ چہرے میں خلوص کی ایسی روشنی ہوسکتی ہے جو دلوں کو منور کر دے۔
اصل خوب صورتی آنکھ، ناک اور لب و رخسار میں نہیں،
بلکہ کردار،
نیت اور باطن کی پاکیزگی میں پوشیدہ ہے
۔ کسی کے چہرے پر وقار اور کسی کی پیشانی پر فکر کی لکیریں ہوتی ہیں،
مگر وقار کے پردے میں تکبر اور مسکراہٹ کے عقب میں بے بسی بھی چھپی ہوسکتی ہے۔
تاریخ کے اوراق
بھی یہی سبق دیتے ہیں
۔ حضرت ابراہیم ؟ کے مقابل نمرود،
حضرت موسیٰ ؟ کے مقابل فرعون
اور ہابیل کے مقابل قابیل؛
ان کرداروں کی پہچان ظاہری نقوش سے نہیں،
بلکہ اعمال اور کردار سے ہوئی۔
کسی انسان کی اصل شناخت اس کے رویّے اور عمل سے ہوتی ہے، اس لیے محض چہرہ دیکھ کر اچھا یا برا ہونے کا فیصلہ دانش مندی نہیں۔
ہم دوسروں کے چہروں پر غرور تلاش کرتے ہیں، مگر اپنے لہجے کی سختی نہیں دیکھتے۔ دوسروں کی بے وفائی کے قصے سناتے ہیں، مگر اپنے رویّوں کا احتساب بھول جاتے ہیں۔
ہم دوسروں کے باطن کو پڑھنے کے دعوے تو کرتے ہیں
، لیکن اپنے کردار کے تضادات پر نگاہ ڈالنے سے گریز کرتے ہیں۔
یاد رکھیے،
ہر چہرہ ایک کہانی، ہر آنکھ
ایک کیفیت
اور ہر خاموشی ایک ممکنہ داستان ہے،
مگر ہر داستان کا مفہوم ظاہری نقوش سے اخذ نہیں کیا جا سکتا۔
انسان کے باطن کی مکمل حقیقت کا علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ ہمیں دوسروں کے بارے میں فیصلے صادر کرنے کے بجائے حسنِ ظن،
ہمدردی اور اپنے کردار کی اصلاح کو ترجیح دینی چاہیے۔
چہرے پڑھنے کے دعوے سے پہلے اپنے دل کی تحریر پڑھیے اور دوسروں کے عیب تلاش کرنے سے پہلے اپنے کردار کے آئینے میں جھانکیے۔
کیونکہ دنیا کے ہزاروں چہرے پہچان لینے کے باوجود ممکن ہے انسان اپنی اصل پہچان سے محروم رہ جائے۔
ایک آخری گزارش ان مزدوروں کے نام، جو بیلچہ، کدال یا ڈرل مشین اٹھائے سڑکوں کے کنارے اس امید میں کھڑے رہتے ہیں کہ شاید کوئی انہیں کام کے لیے بلا لے۔ ان کے لیے دن کا ہر گزرتا لمحہ صرف وقت نہیں،
بلکہ گھر کے چولہے، بچوں کی بھوک اور اہلِ خانہ کی ضروریات سے جڑا ہوتا ہے۔
کبھی شام ڈھل جاتی ہے،
مگر مزدوری نہیں ملتی؛
ہاتھوں میں اوزار رہ جاتے ہیں
اور آنکھوں میں امید آہستہ آہستہ دم توڑنے لگتی ہے
۔ گاڑیوں میں بیٹھ کر گزرنے والے صاحبانِ حیثیت سے
دست بستہ گزارش ہے کہ ان محنت کشوں کو محض سڑک کنارے کھڑے
بے نام چہرے نہ سمجھیں۔
جہاں ممکن ہو، انہیں کام دیجیے،
ان کی جائز مزدوری ادا کیجیے
اور اگر کام دینا ممکن نہ ہو تو حسبِ استطاعت ان کی مالی اعانت بھی کیجیے۔ خدارا،
ان بے آسرا محنت کشوں پر رحم کیجیے؛ ان کی مجبوری کو تماشا نہیں،
انسانیت کی آواز سمجھیے۔
یاد رکھیے، کسی ضرورت مند کے ہاتھ میں بھیک کے بجائے محنت کا معاوضہ تھما دینا
اس کی عزتِ نفس کا احترام بھی ہے
اور معاشرے کی حقیقی خدمت بھی۔



افتخار احمد چوہان — پہلوانوں کے شہر سے

I ♥ GUJRANWALA

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

این اے 77 ضمنی الیکشن، ضروری انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر وڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نوید احمد کی زیرصدارت قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 77 گوجرانوالہ میں ضمنی انتخابات کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے خصوصی اجلاس منعقد ہوا

جس میں سابق رکن قومی اسمبلی مرحوم محمود بشیر ورک کی وفات کے باعث خالی ہونے والی نشست پر ضمنی انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں مختلف انتظامی امور پر تفصیلی غور کیا گیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر وڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نوید احمد کی زیرصدارت قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 77 گوجرانوالہ میں ضمنی انتخابات کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں سابق رکن قومی اسمبلی مرحوم محمود بشیر ورک کی وفات کے باعث خالی ہونے والی نشست پر ضمنی انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں مختلف انتظامی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس دوران پولنگ اسٹیشنز کیلئے موزوں عمارتوں کے انتخاب، عمارتوں کی ضروری مرمت و بحالی، سکیورٹی انتظامات، انتخابی عملے کی تربیت، مانیٹرنگ، ٹرانسپورٹ کی دستیابی اور متعلقہ محکموں کے درمیان رابطہ کاری کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر وڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نوید احمد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضمنی انتخابات کے حوالے سے تمام انتظامی تیاریاں مقررہ وقت میں مکمل کی جائیں اور پولنگ اسٹیشنز پر ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے انتخابی عمل کی مؤثر نگرانی، سکیورٹی انتظامات کو مزید مربوط بنانے اور تمام متعلقہ محکموں کے درمیان مسلسل رابطہ برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی انتظامات کی بروقت تکمیل اور متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کے ذریعے انتخابی عمل کو منظم انداز میں مکمل کرنے کے لیتمام ضروری اقدامات کیجائیں۔ اجلاس میں اس امر پر بھی توجہ دی گئی کہ الیکشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق انتظامی امور کو مربوط اور مؤثر بنایا جائے تا کہ ضمنی انتخابات کے انعقاد کیلئے تمام تیاریاں بروقت مکمل ہوسکیں۔

گوجرانوالہ کی مصنوعات بلاشبہ بین الاقوامی مارکیٹ بھی ایک مقام رکھتی ہے

یہاں کی مصنوعات نہ صرف معیاری ہیں بلکہ سستی بھی ہیں، نعمان اسلم شیخ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل (DG) آئی پی او پاکستان نعمان اسلم شیخ نے کہا ہے کہ گوجرانوالہ کی مصنوعات بلاشبہ بین الاقوامی مارکیٹ بھی ایک مقام رکھتی ھیں یہاں کی مصنوعات نہ صرف معیاری ہیں بلکہ سستی بھی ہیں یہ شہر پہلوانوں کے ساتھ ساتھ ہنر مندوں سے بھی پہچانا جاتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سمال اسٹیٹ میں ٹیفلان میٹل کے دورہ کے دوران کیا اس موقع پر معید امان ،میڈم شاکرہ خورشید، نائب صدر ابو محمد عثمان صدیق، صدیق بھٹی، محمد قدیر، محمد ظہیر بھی موجود تھے

مہنگائی، بے روزگاری نے عوام کی کمر توڑ دی، چوہدری شوکت منیر

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سینئر رہنماء آل پاکستان مسلم لیگ چوہدری شوکت منیر نے کہا ہے کہ ملک بھر میں مہنگائی' بیروزگاری اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے' عام آدمی دو وقت کی روٹی کو ترس گیا۔ حکمرانوں کی ترجیح عوام نہیں ہے جب جب (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی اقتدار میں آئی ہیں غریب عوام کو مہنگائی' بیروزگاری' بھوک' غربت' ڈاکے' ناکے' فاقے' خودکشیاں' لوٹ مار کے تحفے دینے کے سوا کچھ نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے بعد مہنگائی کا ایک نیا طوفان آ گیا ہے۔ پٹرول مہنگا ہوتے ہی ٹرانسپورٹ کے کرایوں' سبزیوں' پھلوں' اشیائے خورد و نوش اور روز مرہ استعمال کی تمام چیزوں کی قیمتوں میں ہوشرباء اضافہ ہو گیا ہے۔ بیروزگاری کی شرح میں بھی خطرناک حد تک اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ فیکٹریاں اور کارخانے بند ہونے' مارکیٹیں سیل ہونے اور کاروبار ٹھپ ہونے سے لاکھوں نوجوان بیروزگار ہو گئے ہیں پہلے ہی بجلی' گیس کے بلوں نے جینا محال کر رکھا ہے۔

سیاسی کشیدگی ملکی سلامتی اور استحکام کے لیے نقصان دہ ہے، رانا مدثر نذر

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) نائب صدر لائیرز فورم مسلم لیگ (ن) گوجرانوالہ رانا مدثر نذر خاں ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے' صحت' تعلیم' زراعت' روزگار' سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور شہری سہولیات کی بہتری کے شعبوں میں مختلف منصوبوں پر توجہ دے رہی ہے' صوبے کے شہری اور دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے جاری اقدامات عوامی خدمت کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ پنجاب میں صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے' سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں علاج معالجے کی سہولتیں بڑھانے' تعلیمی اداروں کے معیار کو بہتر کرنے اور مستحق خاندانوں کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات معاشرتی ترقی کیلئے اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی کشیدگی ملکی سلامتی اور استحکام کیلئے نقصان دہ ہے' اپوزیشن جماعتیں ذمہ دارانہ اور مثبت سیاست کو فروغ دیں۔

چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کو گمشدہ بچوں کے لواحقین کی تلاش

12 سالہ نابالغ شاہزیب ولدیت ریاض کو گمشدہ حالت میں تلاش کیا



گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو حکومت پنجاب (ہوم ڈیپارٹمنٹ) کی حفاظتی تحویل میں موجود 12 سالہ نابالغ شاہزیب ولدیت ریاض کو گمشدہ حالت میں 14 ماہ قبل لاہور سے گمشدہ حالت میں حفاظتی تحویل میں لیا گیا تھا، 11 سالہ نابالغ علی ولدیت انور کو 4 ماہ قبل گجرات سے حفاظتی تحویل میں لیا گیا، 12 سالہ عبداللہ ولدیت طارق کو 4 ماہ قبل پولیس اسٹیشن دھلے سے گمشدہ حالت حفاظتی تحویل میں لیا گیا، 15 سالہ چاند ولدیت قاسم کو 2 ماہ قبل لاہور سے گمشدہ حالت میں حفاظتی تحویل میں لیا، 10 سالہ علی حیدر ولدیت شوکت کو 6 ماہ قبل وزیرآباد سے بھیک مانگتے ہوئے تحویل میں لیا گیا۔ نابالغین اپنے گھر کا ایڈریس بتانے سے قاصر ہیں۔ لہٰذا نابالغین کے لواحقین اور ان کی شناخت کرنے والے افراد چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے نمبر پہ رابطہ کریں۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے صارف دوست ویژن کے تحت شہری کو بروقت انصاف مل گیا

ڈھائی لاکھ روپے مالیت کی الیکٹرک اسکوٹی کی 85 ہزار روپے مالیت کی 6 عدد خراب بیٹریاں نئی سے تبدیل

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) صارفین کے حقوق کا تحفظ، حکومتِ پنجاب کی ترجیحات میں شامل؛ کنزیومر کونسل گوجرانوالہ کی مؤثر کارروائی سے شہری کو ریلیف مل گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے صارف دوست ویژن کے تحت ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کی ہدایات پر کنزیومر کونسل گوجرانوالہ نے ایک شہری کی شکایت کا بروقت ازالہ کرتے ہوئے اسے الیکٹرک اسکوٹر کی 85 ہزار روپے مالیت کی بیٹریاں تبدیل کروا کر ریلیف فراہم کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ایک شہری عمران سلیم نے الیکٹرک بیٹلنگ BENLG کمپنی سے 2 لاکھ 40 ہزار روپے مالیت کی الیکٹرک اسکوٹی خریدی تھی

افسران عوامی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیح بنائیں، کمشنر

کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے دفتر اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کے مسائل اور شکایات سنی اور ان کے فوری حل کے لئے متعلقہ محکموں کے افسران کو ضروری احکامات جاری کئے

کھلی کچہری میں ریونیو، محکمہ مال، ستھرا پنجاب، میونسپل کمیٹی، ضلع کونسل، لوکل گورنمنٹ، پیرافورس، زراعت، جنگلات، ہائی وے اور لینڈ ریکارڈ سمیت مختلف محکموں سے متعلق شہریوں نے اپنی شکایات اور درخواستیں پیش کیں

زیرِ صدارت کمشنر گوجرانوالہ / گجرانوالہ ڈویژن

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے دفتر اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کے مسائل اور شکایات سنی اور ان کے فوری حل کے لئے متعلقہ محکموں کے افسران کو ضروری احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین اور اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کھلی کچہری میں ریونیو، محکمہ مال، ستھرا پنجاب، میونسپل کمیٹی، ضلع کونسل، لوکل گورنمنٹ، پیرا فورس، زراعت، جنگلات، ہائی وے اور لینڈ ریکارڈ سمیت مختلف محکموں سے متعلق شہریوں نے اپنی شکایات اور درخواستیں پیش کیں۔ کمشنر محمد علی نے درخواستیں ذاتی طور پر وصول کیں اور متعلقہ افسران کو طلب کر کے شکایات کے ازالے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ سمبڑیال بار ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے کھلی کچہری کے انعقاد پر کمشنر گوجرانوالہ کا شکریہ ادا کیا۔ کمشنر محمد علی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کیا جا سکے اور ان کے مسائل فوری طور پر حل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے پاس جا کر ان کے مسائل سننے جا رہے ہیں اور شکایات کے فوری حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئیگئے ہیں۔ انہوں نےکہا کہ درخواستوں پر جاری احکامات پر عمل درآمد کا باقاعدہ جائزہ لیا جاتا تاکہ شہریوں کو عملی ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ کمشنر گوجرانوالہ نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی درخواستوں پر جاری احکامات پر عمل درآمد یقینی بنا کر رپورٹ پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ تمام افسران روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفاتر میں شہریوں کے مسائل سنیں اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی، سرکاری محکموں کی جوابدہی اور شکایات کا مؤثر حل یقینی بنایا جائے۔ کمشنر محمد علی نےکہا کہ کھلی کچہریوں کا بنیادی مقصد شہریوں کے مسائل کا فوری حل، عوام اور انتظامیہ کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانا اور سرکاری محکموں کی کارکردگی میں بہتری لانا ہے۔

ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے گوجرانوالہ ٹیچنگ ہسپتال اور نئے تعمیر کیے گئے الشافی ڈائیلاسز سینٹر کا دورہ کیا

جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے کے انتظامات اور ڈائیلاسز کی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے گوجرانوالہ ٹیچنگ ہسپتال اور نئے تعمیر کیے گئے الشافی ڈائیلاسز سینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے کے انتظامات اور ڈائیلاسز کی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ صحت کے شعبے میں مخیّر حضرات کی معاونت لائقِ تحسین اور قابلِ تقلید عمل ہے۔ ایسے فلاحی اقدامات سے مستحق مریضوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ دورے کے دوران میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) (ٹیچنگ ہسپتال) نے ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال میں طبی سہولیات کی فراہمی، علاج معالجے کے انتظامات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے ایم ایس اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، علاج معالجے کے مؤثر انتظامات اور ہسپتال میں صفائی ستھرائی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مریضوں کو بروقت طبی امداد فراہم کرنے اور علاج معالجے کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ شہریوں کو بہتر طبی سہولیات میسر آ سکیں۔

☆☆☆☆

بعدالت جناب حاجی فرقان سرور
صاحب سول جج درجہ اول ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 5067 مورخہ 30-07-26 سال 2026ء۔ دعویٰ استقرار حق بصورت دیگر تکمیل مختص اقرار نامہ معاہدہ بیعہ مورخہ 12-07-2018 معہ حکم امتناعی دوامی ۔ عنوان مقدمہ ۔ امجد حسین بنام صوبہ پنجاب وغیرہ ۔ اخبار اشتہار بنام ۔ (2) محمد اشرف سلطانی ولد بشیر احمد قوم منہاس ساکن چک نمبر 37، تحصیل فیروزوالہ، ضلع شیخوپورہ ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ نمبر 2 کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 27-10-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں ۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا ۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب حاجی فرقان سرور
صاحب سول جج درجہ اول ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 3505 مورخہ 01-07-26 سال 2026ء ۔ دعویٰ تکمیل مختص معاہدہ بیعہ زبانی معہ حکم امتناعی دوامی ۔ عنوان مقدمہ ۔ صوبیہ نیاز بنام حسنین علی ۔ اخبار اشتہار بنام ۔ حسنین علی ولد نیاز علی ساکن فیروز وٹواں ، تحصیل و ضلع شیخوپورہ ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 31-07-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں ۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا ۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
بہاولنگر

ہرگاہ عملہ فیلڈ ہمارے روبرو انتقال وراثت متوفی طاہر فرید ولد مقبول احمد ذات قریشی فاروقی موضع مومن آباد تحصیل و ضلع بہاولنگر پیش ہوا جس میں حسب گفتہ خیر محمد خرم پسر متوفی نے اپنے علاوہ فرخ ضیاء بیوہ متوفی، اسفند یار چشتی، آمنہ طاہر، رمشاء صدف پسر و دختران متوفی کو زندہ و شرعی وارثان جبکہ والدین متوفی کو متوفی سے قبل فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے ۔ دیگر کوئی وارث نہ ہے ۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر معیاد سات یوم دفتر مجاز عدالت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja kokab

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز
بٹ صاحبہ سول جج/جج فیملی کورٹ
قصور

صغراں بی بی بنام ناصر

دعویٰ۔ تنسیخ نکاح ۔ اشتہار بنام؛۔

ناصر ولد فرمائش سکنہ گاؤں ہری کے نول ڈاکخانہ کھڈیاں خاص تحصیل و ضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے ۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے ۔ لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 24-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً و وکالتاً حاضر آویں ۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی ۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز
بٹ صاحبہ سول جج/جج فیملی کورٹ
قصور

ماریہ رفیق بنام محمد اویس

دعویٰ۔ دلا پانے ۔ اشتہار بنام؛۔

محمد اویس ولد امانت علی سکنہ کوٹلی رائے ابوبکر گاؤں کوٹلی رائے ابوبکر تحصیل و ضلع قصور 0305-5405944 مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے ۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے ۔ لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 22-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً و وکالتاً حاضر آویں ۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی ۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ
یونین کونسل نمبر 40 کوڑیانوالی

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد وکیل احمد ولد بشیر احمد سکنہ بکھو شاہ تحصیل و ضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کی حقیقی بیٹی زینت بی بی کی تاریخ پیدائش مورخہ 14-03-2003 ہے۔ جس کی پیدائش کا اندراج بروقت یونین کونسل میں نہ کروایا جا سکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار و عزیز و اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل/لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا گیا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے ۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں، اس مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokb

بعدالت جناب تحصیلدار/ADLR
صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:۔ انتقال وراثت متوفی نور احمد ولد غلام محمد موضع، کنگش پورہ تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفی کے واثان میں، ایک بیٹا محمد منیر، دو بیٹیاں، ریاض الٰہی، زینب بی بی، زندہ حیات درج ہیں۔ لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائے گا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Rana Attaullah

بعدالت جناب وقار سلطانی
صاحب ADJ سیالکوٹ

نعیم یوسف وغیرہ بنام محمد ذوالقرنین عرف بلو مشرف نعیم یوسف ولد محمد یوسف ذات چوہان ساکن نزد بلال مسجد شفیع کا بھٹہ ظفروال روڈ محلہ نظام آباد سیالکوٹ

اپیل زیر دفعہ 96 ض۔د۔

اخبار اشتہار بنام محمد ذوالقرنین عرف بلو مشرف ولد محمد شریف ذات چوہان ساکن موضع بڑ تحصیل و ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ اپیل مندرجہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔ لہذا رسپانڈنٹ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 21-10-2026 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کر سکتا ہے بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوئے گی بعد میں کوئی عذر و قابل قبول نہ ہوگا۔ بحکم عدالت ہذا۔

CR Arshad Ali Tabbasum

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض
صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

دعویٰ تنسیخ نکاح

شمع ظفر بنام محمد رمضان اشتہار بنام محمد رمضان ولد محمد ثاقب ذات کھوکھر ساکن مکان نمبر 3 اے سٹریٹ نمبر 4 محلہ رحمان گنج کھوکھر روڈ لاہور تحصیل و ضلع لاہور دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 12-11-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Afzal

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
کھاریاں

انتقال وراثت

ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ غلام رسول ولد احمد خاں ساکن بھاگو تحصیل کھاریاں جو کہ مورخہ 25.4.24 قضائے الٰہی سے فوت ہو گیے ہیں ان کے شرعی وارثان میں زبین النساء بیوہ جویریہ بی بی۔ سکینہ بی بی ندا بتول دختران۔ ثاقب علی پسر ہیں اگر ان کے علاوہ کوء دیگر شرعی وراث ہو تو اندر 3 یوم دفتر زیر دستخطی رجوع کریں دیگر صورت انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور بعد میں کوء عذر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Afzal

بعدالت جناب محترمہ عظمیٰ تبسم نذیر صاحبہ
جج فیملی کورٹ چونیاں ضلع قصور

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان مقدمہ۔ رابعہ بی بی بنام محمد زمان اشتہار بنام محمد زمان ولد عبدالرزاق ساکن محلہ سردار نور محمد الہ آباد تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعاعلیہ) ہرگاہ مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 22-10-2026 بوقت 08:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Javed

بعدالت جناب محمد ضیاء خاں صاحب
سینئر سول جج فیملی ڈویژن قصور

محمد سہیل اشرف بنام عوام الناس وغیرہ مقدمہ نمبر 5/4/26 بابت سال 26-10-16 درخواست اجازت فروختگی۔ محمد سہیل اشرف ولد محمد اشرف ذات گجر سکنہ منیر شہید کالونی تحصیل و ضلع قصور بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست عدالت ہذا میں دائر کی ہے ۔ جس میں مورخہ 30-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں ۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا

Cr..Bhutta

اطلاع عام

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد طاہر فاروق ولد محمود احمد مین بازار مکان نمبر E-3-38 چونگی امرسدھو لاہور کینٹ ضلع لاہور نے ملک محمد یوسف ولد ملک محمد اسماعیل مکان نمبر 259-KV سٹریٹ نمبر 1 محلہ فیز V ڈی ایچ اے لاہور (بذریعہ مختار عام) سے فیکٹری /پلاٹ نمبر C-23 رقبہ تعدادی 10 مرلے واقع پنجاب سمال انڈسٹریز اسٹیٹ 8 کلومیٹر فیروز پور روڈ قصور خرید کیا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو اعتراض ہو تو اندر 7 یوم تک محکمہ ہذا یا متعلقہ شخص سے رابطہ کریں بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا ۔

المشتہر:۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر پنجاب سمال انڈسٹریز اسٹیٹ قصور

Cr..Bhutta

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ
یونین کونسل نمبر 40 کوڑیانوالی

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی اللہ دتہ ولد ولی محمد سکنہ بستی ماہنی صابوکا تحصیل و ضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کی حقیقی بہن صغراں بی بی کی تاریخ پیدائش مورخہ 01-01-1976 جس کی پیدائش کا اندراج بروقت یونین کونسل میں نہ کروایا جا سکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار و عزیز و اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل/لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا گیا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے ۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں، اس مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokb

بعدالت جناب افضال احمد ہنجرا
صاحب سول و فیملی جج کورٹ تحصیل
رینالہ خورد

دعویٰ دلا پانے خرچہ نان و نفقہ وغیرہ عنوان کائنات لیاقت بنام حسنین جمیل اشتہار بنام حسنین جمیل ولد جمیل قوم ملک سکنہ چک نمبر 2 ون اے ایل تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 22-10-26 بوقت آٹھ بجے صبح اصالتاً و وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Sarwar

اشتہار مشتری ہوشیار باش

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ منکہ مسمی محمد وسیم ولد محمد سلیم ساکن کل باجوہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ جو کہ من مقر ایک عدد مکان رقبہ تعدادی 9 مرلے از کھیوٹ نمبر 265 کھتونی نمبر 450 تا 452 خسرہ نمبران قطعات 4 کھیوٹ نمبر 265/1 کھتونی نمبر 453 خسرہ نمبر 87 بمطابق نقل جمعبندی زمین سال 2008-09ء واقع محال سعد اللہ پور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ کا معاہدہ بیع ہمراہ مقصود احمد ولد احمد دین ساکن چاہ کھوکھراں تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ برائے بیعنامہ کیا ہے تا کہ وہ جائیداد متذکرہ بالا کو اپنے نام ٹرانسفر کروا سکے۔ اگر اس ضمن میں کسی فرد سرکاری و غیر سرکاری ادارہ، بینک یا مالیاتی ادارے وغیرہ کو اس ملکیت یا معاہدہ پر اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی یا اس کے نمائندہ کو بمعہ ثبوت مطلع فرمائیں ۔ بعد میں کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا ۔ المشتہر: سید رضوان حسین بخاری ایڈووکیٹ ہائیکورٹ چیمبر نمبر 257 جاوید مہدی بلاک ۔ ڈسٹرکٹ کورٹس سیالکوٹ موبائل نمبر 0301-6151412

CR Arshad Ali Tabbasum

بعدالت جناب رانا طارق حسین
صاحب نائب تحصیلدار اسسٹنٹ
کلکٹر درجہ اول کھاریاں

درخواست تقسیم اراضی

محمد اسلم بنام شوکت علی

اشتہار بنام شوکت علی ولد کرم الٰہی، میاں خاں ولد محمود، سکینہ بی بی بیوہ، زاہد حفیظ، محمد ارسلان، عاشق گوجر پسران، جویریہ بتول، بشیر بی بی دختران محمد شریف، محمد عارف، محمد لطیف، محمد اشرف، محمد اسلم، اصغر علی، فضل حسین پسران اللہ دتہ، انعام الحق ولد عبدالمناف، محمد اقبال ولد خان محمد، بھاول بخش پسر غلام محمد، بھاگ بھری دختر حکم دین، محمد اقبال ولد میاں خاں، محمد ساجد ولد محمد ارشد، جمشید عمران، سلیمان شہزاد، شمریز رضوان پسران غلام رسول، ظفر اقبال ولد بشیر احمد، سید احمد، عبدالعزیز، محمد اقبال پسران میاں خاں، سکینہ بی بی زوجہ محمد اسلم، نذیر حسین ولد غلام حسین، محمد ساجد محمود ولد محمد ارشد، سلطان بیگم زوجہ، رزاق احمد، محمد الطاف، اشفاق احمد، محمد آصف پسران، گلزار بی بی، قرب بی بی دختران فصلہ داد، محمد انور، غلام سرور پسران کرم دین، غلام رسول، محمد حسین پسران، پروین اختر دختر غلام محمد، رمشہ شہزادی دختر خالد محمود، خاور عباس ولد محمد خان، محمد سلیم، محمد افضال، محمد اقبال، محمد نواز پسران احمد خاں، مسرت ریاض زوجہ محمد ریاض، یاسمین بیوہ، ذکاء اللہ پسر، نشاء دختر مشتاق احمد، خالد محمود ولد صفر محمود، محمد یوسف ولد فتح علی، خالد محمود ولد صفدر محمود، خضر حیات ولد محمد اشرف، عدیل اصغر ولد محمد اشرف، محمد اصغر، خان محمد، میاں خاں پسران فضل داد، شبیر حسین ولد غلام علی، شیراز علی ولد شرافت علی اقوام گوجر سکنائے مٹوانوالہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات۔

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 24-10-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Afzal

بعدالت جناب اسد رضا موہل
صاحب تحصیلدار قصور

چوہدری محمد فرغام بنام غلام رسول وغیرہ۔ درخواست تقسیم۔ اشتہار بنام؛۔ غلام رسول، فیاض علی پسران محمد اقبال راجپوت بھٹی، خورشید بیگم دختر محمد علی ارائیں، محمد ایوب صابر ولد محمد اقبال احمد راجپوت طور، خورشید بی بی بیوہ، جہانگیر علی، تنویر احمد، شبیر حسین، احسان باری، احسان الٰہی، محمد شفیق پسران، مسرت بی بی، فرحت بی بی، رفعت بی بی دختران مصنف علی راجپوت بھٹی سکنائے موضع دفتوہ مصطفیٰ آباد قصور ہرگاہ مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24-10-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کاررروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب محمد نعیم صاحب سول
جج/گارڈین/فیملی کورٹ/مجسٹریٹ
درجہ اول پھالیہ

عنوان: راشدہ پروین وغیرہ بنام حفیظ الدین وغیرہ

دعویٰ: استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی

اشتہار بنام: حفیظ الدین۔ ظہور الدین۔ محمد اسحاق پسران شمس الدین اقوام آرائیں سکنائے مسجد جٹاں والی ہیلاں روڈ محلہ کیہاں تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین۔ عابدہ سلیم دختر شمس الدین زوجہ محمد سلیم اختر قوم آرائیں ساکن ہاؤس نمبر 11/991D محلہ لالہ رخ وہ کینٹ تحصیل ٹیکسلا ضلع راولپنڈی۔ عبدالجبار۔ محمد کامران پسران۔ کوثر پروین دختر حفیظہ بیگم اقوام آرائیں سکنائے بستی نیامت پورسٹی عبدالقیوم تحصیل کبیر والا ضلع خانیوال

ہرگاہ مدعاعلیہم کو نوٹس۔ رجسٹری A/D کے ذریعہ سے تعمیل ہونا مشکل ہے اس لیے مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 22-10-2026 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت جناب میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ ورنہ مدعاعلیہ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

یہ اشتہار بحکم عدالت ھذا جاری ہوا ہے۔

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب ADLR صاحب
/تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حسن شوکت (غیر شادی شدہ) ولد نذر محمود ذات راجپوت ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع قصبہ بہاولنگر تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی وارثان میں رانا محمود شوکت، نرگس خالد، یاسمین وسیم برادر و ہمشیرگان حقیقی زندہ حیات ہیں۔ متوفی کی والدہ شمیم اختر بعد میں فوت شدہ ہے جبکہ متوفیہ کا والد پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokb

بعدالت جناب افضال احمد ہنجرا
صاحب سول و فیملی جج کورٹ تحصیل
رینالہ خورد

دعویٰ خرچہ نان و نفقہ وغیرہ عنوان انیلہ اسلم وغیرہ بنام احسان عظیم اشتہار بنام احسان عظیم ولد رانا محمد عظیم قوم راجپوت سکنہ 49 ٹو ایل تحصیل و ضلع اوکاڑہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 21-10-26 بوقت آٹھ بجے صبح اصالتاً و وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Sarwar

بعدالت جناب حاجی فرقان سرور
صاحب سول جج درجہ اول ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 3968 مورخہ 22-07-26 سال 2026ء۔ دعویٰ حکم امتناعی دوامی و تاکیدی۔ عنوان مقدمہ۔ ابراہیم افضل بنام عابد علی وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ (1) عابد علی ولد محمد یوسف قوم سندھو جٹ ساکن کدلتھی موڑ حال مقیم مینار سٹی، تحصیل و ضلع شیخوپورہ (2) اعجاز احمد انسپکٹر انفورسمنٹ ڈسٹرکٹ کونسل شیخوپورہ (3) چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 12-11-2026 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان
صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ استقرار حق

منجانب حافظ محمد وقار زبیر پسر، زینب زبیر خاں، عائزہ زبیر دختران، طاہرہ ملک بیوہ محمد زبیر خاں ساکنان اندرون سرکلر روڈ محلہ ککے زئیاں ایمن آباد تحصیل و ضلع گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 30-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب عمران خورشید
صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن
جج کھاریاں

اپیل

فتح محمد بنام محمد اصغر

اشتہار بنام محمد اصغر محمد اقبال محمد افضاد پسران فتح محمد اقوام گجر ساکن امرہ کلاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 24-10-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Afzal

بعدالت جناب اسد رضا موہل
صاحب تحصیلدار قصور

چوہدری محمد فرغام بنام محمد آصف وغیرہ۔ درخواست تقسیم موضع دفتوہ۔ اشتہار بنام؛۔ محمد آصف پسر، نسرین، پروین دختران محمد یعقوب، ریاض بیگم بیوہ محمد نواز بھٹی، عطرہ نواز بھٹی دختر محمد نواز بھٹی، ریاض بیگم دختر غلام محمد، مہناز دختر محمد نواز بھٹی، صغراں بی بی پسر، مشکور احمد پسر محمد یعقوب، نذیر احمد ولد غلام محمد، اقراء نواز بھٹی دختر، غلام رسول بھٹی پسر محمد نوز بھٹی، شہناز بیگم بیوہ محمد نواز بھٹی، مقصود احمد، اسد محمود پسران ظہور احمد، محمد ایوب ولد حسن محمد راجپوت بھٹی، محمد سلیم ولد محمد رفیق جٹ موضع دفتوہ قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24-10-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

لیٹ اندراج پیدائش

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ یونین کونسل قادر آباد تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین

اشتہار بنام عوام الناس بابت لیٹ اندراج پیدائش بر درخواست ارشاد اللہ ولد محمد حیات ساکن کھٹی شاہ محمد تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین نے درخواست گزاری ہے کہ مجھے برتھ سرٹیفکیٹ چاہیے ارشاد اللہ سائل جو مورخہ 24-02-1954 کو پیدا ہوا جس کا بروقت اندراج نہ ہو سکا۔ مگر اب اندراج یونین کونسل قادر آباد تحصیل پھالیہ میں کروانا چاہتا ہوں۔ اس سے قبل کسی بھی یونین کونسل میں اندراج نہ ہے سائل ارشاد اللہ کے نام کا اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ دفتر ہذا سے رابطہ کر سکتا ہے اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر

ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی سنٹر ضلع منڈی بہاولدین

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب ADLR صاحب
/تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی غلام مجتبیٰ توگیروی ولد میاں محمد دین ذات توگیروی ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع فتوریہ ہٹھاڑ تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی بیوہ مائی فخر الٰہی۔ حامد محمود، زیتون بی بی، کلثوم بی بی، شازین محمود، آسیہ مجتبیٰ، عشرت بی بی، کنزہ مجتبیٰ، سومرہ مجتبیٰ وارثان میں پسران و دختر حقیقی زندہ حیات ہیں۔ جبکہ متوفیہ کے والدین اور خاوند محمد شفیع اور دختر حقیقی نسیم اختر پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokb

بعدالت جناب تحصیلدار فورٹ
عباس ضلع بہاولنگر

عنوان وراثت متوفیہ ثریا بیگم بیوہ عصمت اللہ

انتقال وراثت بابت رقبہ احاطہ چک نمبر 187/7r

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ انتقال وراثت عنوان! متوفیہ ثریا بیگم بیوہ عصمت اللہ درج ہوا حسب گفتہ شجرہ نصب مرتب شدہ کے مطابق وارثان میں محمد نعمان پہلے فوت شد ضیاالرحمٰن۔ محب اللہ۔ عبدالرحمٰن پسران متوفیہ ام حبیبہ دختر متوفیہ زندہ حیات موجود ہیں

وراثت مزکورہ وارثان درج ہیں

متوفیہ فقہ حنفی کی پیروکار مسلمان تھی

وارثان کے ناموں پر کسی کو کوئی عذر ہوا گر کوئی وارث وراثت سے محروم رہ گیا ہو یا دیگر کسی کو کسی قسم کا اعتراض ہو تو اشتہار ہذا شائع ہونے کے بعد اندر 3 یوم اصالتاً یا وکالتاً حاضر آکر عذر پیش کرے مابعد کاروائی ضابطہ عمل لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا امروز ہماری مہر عدالت سے جاری کیا گیا ہے۔

Cr..Adnan

از دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل
گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ
بہاولنگر

عنوان۔ اخبار اشتہار برائے لیٹ اندراج فوتیدگی ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی نور نبی ولد محمد یوسف سکنہ کھیتراں والہ ڈاک خانہ ڈونگہ بونگہ تحصیل و ضلع بہاولنگر نے اپنے والد محمد یوسف ولد سردار علی ذات سکھیرا سکنہ کھیتراں والہ تحصیل و ضلع بہاولنگر کے لیٹ اندراج فوتیدگی مورخہ 24-04-2023 کروانے کے لئے درخواست دفتر یونین کونسل کھیتراں والہ میں گزاری ہے۔ عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو متوفی محمد یوسف کی تاریخ وفات 24-04-2023 پر کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشتہار کی اشاعت کے دس یوم کے اندر اپنا تحریری عذر و اعتراض زیر دستخطی کو دفتر حاضر آ کر جمع کروائے۔ بعد از میعاد اخبار اشتہار متوفی کا سرٹیفکیٹ فوتیدگی جاری کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Donga

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب
نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ
ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اراضی ریکارڈ
سنٹر کھرڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد ارشد ولد مختار احمد چک نمبر 39 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے ۔ متوفی کے وارثان میں مختار احمد والد، اذان پسر (بچپن میں) پہلے فوت شدگان ،صغراں بی بی والدہ ،نسرین بی بی ، رفاقت بیوگان ، اسامہ سارم ، سعید احمد ، محمد عبداللہ پسران ، لاریب فاطمہ ، خنساء مریم ، ایمان ارشد ، مقدس ارشد دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں ۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی
DDLG فیصل آباد

اے ڈی ایل جی تحصیل صدر کے دفتر سے محمد عثمان تاریخ پیدائش 13-08-2006 سکنہ چک نمبر 212 رب اچکیرہ کا لیٹ اندراج پیدائش کا کیس موصول ہوا ہے درخواست دہندہ محمد مقصود (والد) نے استدعا کی ہے اپنے بیٹے کا لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل 128 چک نمبر 212 رب اچکیرہ میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر یں 10 یوم از اشاعت اخبار زیر دستخطی کو تحریری طور پر پیش کرے بعد از گزرنے معیاد کوئی اعتراض قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

بعدالت جناب اسد رضا موہل
صاحب تحصیلدار قصور

چوہدری فرغام بنام محمد الیاس وغیرہ۔ درخواست تقسیم موضع دفتوہ۔ اشتہار بنام؛۔ محمد الیاس ولد محمد علی، روبینہ دختر محمد علی، سراجدین ولد وزیر، کرم بی بی دختر باغ علی، بشیراں، شریفاں، حنیفاں دختران باغ علی، مختیار علی ولد محمد علی، بشریٰ دختر صوبہ، محمد اشرف، بشیر احمد پسران باغ علی، شاہین دختر محمد رفیق، رحمت علی ولد صوبہ، بشریٰ دختر محمد رفیق، روبینہ دختر محمد رفیق، برکت علی ولد باغ علی، صاحب دین ولد صوبہ، غفور علی ولد صوبہ، ثمینہ، معافیہ دختران محمد رفیق، روبینہ زوجہ محمد اشرف دختر محمد علی، محمد شہباز ولد منیر احمد، خورشید احمد، نذیر احمد، محمد صدیق، محمد رشید پسران، خالدہ پروین دختر محمد انور، خالد محمود ولد سراجدین، ساجد محمود ولد خالد محمود، تنویر احمد ولد منیر احمد، جہانگیر احمد، محمد اشفاق پسران منیر احمد جٹ سندھو سکنائے موضع دفتوہ قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24-10-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر
لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال شیر محمد کا انتقال وراثت اراضی شنکر داس تحصیل و ضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں حنیفاں بی بی بیوہ۔ محمد حسین۔ غلام حسین پسران ریحانہ پروین۔ ثمرین بتول دختران متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے با صورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب ADLR صاحب
/تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ جنت بی بی دختر محمد الدین بیوہ محمد شفیع ذات آرائیں ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفیہ کی اراضی موضع مرلی گڑھ تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفیہ کے شرعی وارثان میں محمد اختر، محمد اشرف، محمد ارشاد، عبدالرزاق، ثریا بیگم پسران و دختر حقیقی زندہ حیات ہیں۔ جبکہ متوفیہ کے والدین اور خاوند محمد شفیع اور دختر حقیقی نسیم اختر پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفیہ کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokb

بعدالت جناب راشد حسین صاحب
سول جج درجہ اول و فیملی کورٹ
ہارون آباد

عنوان مقدمہ سمیعہ عمر بنام احسن ضیاء ولد مقبول احمد قوم ملک سکنہ فقیر والی تحصیل ہارون آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح

ہرگاہ مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعیہ نے آپ کے خلاف دعویٰ عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 23/10/2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

BhattiCr.Bashir

بعدالت جناب محبوب الٰہی صاحب
سول جج/با اختیارات فیملی کورٹ ضلع
شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 3496/FC مورخہ 02-10-26 سال 2026ء ۔ دعویٰ دلا پانے خرچہ نان و نفقہ۔ عنوان مقدمہ۔ ماریہ نذیر وغیرہ بنام ہاشم خان وغیرہ ۔ اخبار اشتہار بنام ۔ (1) ہاشم خان ولد محمد اسلم قوم بھٹی ساکن چاہ چندو، ضلع شیخوپورہ (2) محمد اسلم ولد نور محمد قوم بھٹی ساکن چاہ چندو، ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 11-11-2026 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں ۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا ۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب
نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ
ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اراضی ریکارڈ
سنٹر کھرڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ذوالفقار علی ولد نور محمد چک نمبر 378 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی (لاولد) فوت ہو چکا ہے ۔ متوفی کا تعلق فقہ جعفریہ سے ہے اور متوفی کے وارثان میں نور محمد والد، نوراں بی بی والدہ پہلے فوت شدگان ، شائستہ رانا بیوہ، رائے ریاض علی برادر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں ۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی
DDLG فیصل آباد

اے ڈی ایل جی تحصیل صدر کے دفتر سے دعا عابد تاریخ پیدائش 07-09-2016، ستائش تاریخ پیدائش 27-04-2018 سکنہ 226 رب ملکھا نوالہ کا لیٹ اندراج پیدائش کا کیس موصول ہوا ہے درخواست دہندہ عابد مسیح (والد) نے استدعا کی ہے اپنی بیٹیوں کا لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل 141 چک نمبر 235 میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر یں 10 یوم از اشاعت اخبار زیر دستخطی کو تحریری طور پر پیش کرے بعد از گزرنے معیاد کوئی اعتراض قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

بعدالت جناب اسد رضا موہل
صاحب تحصیلدار قصور

چوہدری محمد فرغام بنام مقصود علی وغیرہ درخواست تقسیم موضع دفتوہ۔ اشتہار بنام؛۔ مقصود علی، صادق علی، محمد طارق پسران حاجی محمد اشرف قوم راجپوت بھٹی سکنائے موضع دفتوہ قصور، منیر آفتاب ولد نذیر احمد قوم انصاری سکنہ دفتوہ قصور مقدمہ ہذا میں مسئول علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مسئول علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 24-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً و وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب نازش نواز کیانی
صاحبہ فیملی جج/گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول گارڈین سرٹیفکیٹ: محمد اشرف ولد ولی محمد ساکن بدھیاں تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ\سائل نے درخواست تقرری گارڈین عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس 24-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

اشتہار برائے لیٹ اندراج تاریخ
پیدائش*

عام اطلاع

میں ثناء اللہ ولد بشیر احمد سکنہ بیربل ڈاکخانہ حویلی لکھا، تحصیل دیپالپور، ضلع اوکاڑہ حلفیہ بیان کرتا ہوں کہ میرے ایک بیٹا

(1) محمد جاوید احمد

جو کہ غفلت و لاپرواہی کی وجہ سے مقررہ مدت کے اندر متعلقہ یونین کونسل میں درج نہ ہو سکی۔

لہذا اب میں اپنے بیٹے کی تاریخ پیدائش کا لیٹ اندراج کروانا چاہتا ہوں۔ اگر کسی شخص کو اس تاریخ پیدائش کے اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو وہ 15 دن کے اندر تحری ثبوت کے ساتھ سیکرٹری یونین کونسل بونگہ صالح 140، تحصیل دیپالپور، ضلع اوکاڑہ کے دفتر میں پیش کرے۔ بصورت دیگر مقررہ مدت کے بعد میری درخواست پر لیٹ اندراج کر دیا جائے گا۔

بعد ازاں کوئی اعتراض قابل سماعت نہ ہوگا۔

نام: ثناء اللہ

ولدیت: بشیر احمد

شناختی کارڈ نمبر: 35301-7543982-1

موبائل نمبر: 03414820747

C/o..RM

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ
یونین کونسل نمبر 37 اسلام پورہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اسلم ولد عطاء محمد سکنہ خلیل اباد تحصیل بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کی بہن ثریا بی بی دختر عطاء محمد سکنہ خلیل اباد کی تاریخ پیدائش 01-07-1978 ہے۔ ان کا بر وقت اندراج یونین کونسل میں نہ کروا سکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار، عزیز اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل / لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا گیا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آکر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتاہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokb

انتقال وراثت

۔ اطلاع عام مطلع کیا جاتا ہے کہ مختار احمد ولد رحمت خاں قوم مغل سکنہ گوجرہ تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین جو کہ 05-10-2025 کو قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں ان کے شرعی وارثان میں رحمت خاں والد پہلے فوت شد، رسولاں بی بی والدہ پہلے فوت شد، عصمت بی بی بیوہ، اعجاز احمد، محمد نواز، سرفراز احمد پسران، کوثر پروین، صباء کرن دختران زندہ درج ہیں ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر تین یوم متعلقہ دفتر سے رابطہ کرلے بصورت دیگر انتقال وراثت پاس کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..AM

انتقال وراثت

۔ اطلاع عام مطلع کیا جاتا ہے کہ ارشد اقبال ولد غلام رسول قوم جٹ رانجھا سکنہ گوجرہ تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین جو کہ 13-08-2022 کو قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں ان کے شرعی وارثان میں غلام رسول والد پہلے فوت شد، رابع بی بی والدہ پہلے فوت شد جبکہ رفعت بتول بیوہ، شعبان ارشد، محمد سعد ارشد پسران، جویریہ ارشد، ثناء ارشد، عیشہ زینب، اقرا ارشد دختران زندہ درج ہیں ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر تین یوم متعلقہ دفتر سے رابطہ کر لے بصورت دیگر انتقال وراثت پاس کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..AM

بعدالت جناب نوید احمد گھمن
صاحب سول جج درجہ اول ملکوال

۔ درخواست برائے بنائے جانے رول آف کورٹ فیصلہ ثالثی۔ مقبول اختر وغیرہ بنام اورنگ زیب وغیرہ ۔ اشتہار بنام ۔ ریاض احمد ولد سعی محمد، نوید عباس ولد غلام عباس سکنائے رکن تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین ۔ درخواست مندرجہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مسئول علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 23-10-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی
DDLG فیصل آباد

اے ڈی ایل جی تحصیل صدر کے دفتر سے سلمہ نور تاریخ پیدائش 15-12-1979، سعدیہ طفیل تاریخ پیدائش 19-08-1984 سکنہ مکان نمبر P-332 گلی نمبر 8 محلہ محمود آباد کا لیٹ اندراج پیدائش کا کیس موصول ہوا ہے درخواست دہندہ شیخ عرفان الرحمان (بھائی) نے استدعا کی ہے اپنی بہنوں کا لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر یں 10 یوم از اشاعت اخبار زیر دستخطی کو تحریری طور پر پیش کرے بعد از گزرنے معیاد کوئی اعتراض قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

بعدالت جناب اسد رضا موہل
صاحب تحصیلدار قصور

چوہدری محمد فرغام بنام محمد بشیر وغیرہ۔ درخواست تقسیم ۔ اشتہار بنام؛۔ محمد بشیر ولد علی احمد، جعفر حسین ولد نذیر احمد، نیامت علی ولد کرم دین، محمد فرغام ولد اقبال احمد، عنایت ولد چراغدین، نازیہ زوجہ قدیر احمد راجپوت، محمد خالد ولد محمد طفیل، عمر حیات ولد محمد شریف، میاں شیر جمیل ولد نذیر احمد، رفیق احمد ولد نذیر احمد انصاری ، میاں نیئر جمیل ولد نذیر احمد انصاری ، محمد نوید ولد محمد، شبیر احمد ولد محمد شریف، بشیراں دختر محمد شریف جٹ دفتوہ قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24-10-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب نازش نواز کیانی
صاحبہ فیملی جج/گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول گارڈین سرٹیفکیٹ/درخواست برائے اجازت فروخت کیے جانے اراضی: شاہدہ پروین بیوہ محمد عارف قوم راجپوت بھٹی ساکن قلعہ احمد آباد تحصیل و ضلع نارووال بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ\سائل نے درخواست تقرری گارڈین عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس 24-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب ایڈمنسٹریٹر صاحب
یونین کونسل 211 فیصل ٹاؤن لاہور

مقدمہ تنسیخ نکاح ڈگری FML1152026

فریق اول غزالہ دختر محمد منشاء ساکن مکان نمبر 12 گلی نمبر 1 کوٹھا پنڈ فیصل ٹاؤن لاہور

فریق دوئم محمد ذیشان ولد محمد رمضان ساکن ڈاکخانہ اسماعیل نگر چونگی امرسدھو لاہور

طلاق زیر دفعہ 7(1)، مسلم قوانین مجریہ 1961 مقدمہ عنوان بالا اول نے ڈگری تنسیخ نکاح عدالت سے حاصل کی ہے۔ جس پر فریقین کو نوٹس حاضری جاری کیے گئے لیکن فریق دوئم کسی بھی سماعت پر حاضر نہ ?ئی ہیفر یق دوئم کی اسان ذرائع سے تعمیل ممکن نہ ہے لہذا فریق دوئم محمد ذیشان ولد محمد رمضان کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ

مورخہ 24-10-2026 بوقت 9 بجے صبح کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا موقف بیان کریں بصورت دیگر طلاق موثر سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عزر قابل قبول نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائی گی مہر عدالت دستخط آج یونین کونسل 211 سے

جاری ہوا

Cr..Yousaf

بعدالت جناب ADLR صاحب
/تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد امین ولد محمد شفیع ذات شیخ ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع اسلام پورہ تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی وارثان میں محمد ندیم پسر حقیقی زندہ حیات ہے۔ جبکہ متوفی کے والدین اور زوجہ ممتاز بی بی پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokb

بعدالت جناب محمد ارقم خان صاحب
سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ استقرار حق

منجانب مسماۃ شازیہ قیوم بیوہ، محمد داؤد، محمد سعود، محمد احمد پسران، عائشہ، زینب دختران عبدالقیوم اقوام مغل ساکنان مکان نمبر 197/10 گلی نمبر 16 محلہ گلشن آباد گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 10-نومبر-2026 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب محمد ارقم خان صاحب
سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ دخلیابی مکان و دوکانات

خواجہ محمد ایوب وغیرہ بنام محمد یوسف ولد محمد اسحاق ساکن گلی نمبر 4 محلہ مسلم ٹاؤن گوجرانوالہ، عبدالرشید ولد عبدالرحیم قوم کشمیری ساکن گلی مولوی سراج دین تھانہ والہ بازار ہوزری مارکیٹ گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 28-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب محترمہ شگفتہ صاحبہ
سول جج/فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ (تعمیل مختص) درخواست طلبی مثل و short کیے جانے تاریخ پیشی

عنوان: اظہر زمان بنام نسرین اختر وغیرہ

اظہر زمان چیمہ ولد محمد اکرام چیمہ ساکن مکان نمبر 315A عبداللہ گارڈن عائشہ بلاک تحصیل و ضلع فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 23-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

بعدالت جناب حافظ نصیب اللہ
صاحب سول جج/فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ استقرار حق

عنوان: حماد حیدر بنام نادرا وغیرہ

2۔ سیکرٹری یونین کونسل نمبر 139 آفس واقع چک نمبر 215 رب فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 22-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

بعدالت جناب اسد رضا موہل
صاحب تحصیلدار قصور

چوہدری محمد فرغام بنام رشیداں بی بی وغیرہ۔ درخواست تقسیم موضع دفتوہ۔ اشتہار بنام؛۔ رشیداں بی بی زوجہ خوشی محمد، محمد اقبال ولد خوشی محمد، محمد فرغام ولد اقبال احمد راجپوت سکنائے دفتوہ قصور مقدمہ ہذا میں مسئول علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مسئول علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 24-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً و وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب ظفر مہندی صاحب
ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج پسرور

اپیل زیر دفعہ 96 ض د:

اہلیان دیہہ موضع ڈھونے بنام عوام الناس وغیرہ

اخبار اشتہار بنام 5۔ شہباز احمد ولد بشیر احمد 7۔ محمد اشرف ولد خورشید 8۔ خلیل احمد ولد محمد نواز 9۔ منور حسین ولد سید احمد 10۔ محمد انور ولد محمد بشیر ساکنان ڈھونے تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ اپیل عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 04-11-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب افضل بیگ صاحب
جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنائے خلع

عنوان نمرہ تاج بنام اقرار شاہ

اشتہار بنام اقرار شاہ ولد خالد شاہ ساکن ڈاکخانہ خاص سادھو پہلی خاگ تحصیل پاک پتن

مدعاعلیہم

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ/مدعاعلیہم تعمیل سمن سیگر یزاں ہیاں کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 26-10-2026 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب نائب تحصیلدار
صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی نزیر احمد ولد شام دین ذات جوئیہ ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع موڑانوالہ تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی وارثان میں بیوہ حنیفاں بی بی۔ محمد رمضان، عابدہ بی بی، راشدہ بی بی پسران و دختران حقیقی زندہ حیات ہیں۔ جبکہ متوفی کے والدین اور دختران حقیقی معافیہ بی بی (غیر شادی شدہ)، ساجدہ بی بی (غیر شادی شدہ) پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفیہ کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokb

بقیہ سحر 1

رضا نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف جاری کارروائیوں اور متعلقہ اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ تمام ہاؤسنگ سوسائٹیز کی ای بز پورٹل پر رجسٹریشن یقینی بنائی جائے اور غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی تشہیر، پلاٹس کی غیر قانونی فروخت اور شہریوں کو گمراہ کرنے والے اقدامات کی مؤثر روک تھام کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مقررہ ایس او پیز اور قانونی تقاضے پورے کرنے والی ہاؤسنگ سوسائٹیز ہی پلاٹس کی فروخت کی مجاز ہوں گی۔ خلاف ورزی کے مرتکب افراد اور اداروں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور متعلقہ قوانین کے تحت ایف آئی آر درج کروائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں میں سرمایہ کاری کے ممکنہ نقصانات سے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ سحر 2

کو محفوظ بنانا اور اس عظیم ورثے کو آنے والی نسلوں تک منتقل کرنا ہے۔ اس موقع پر وائس آف پنجاب ایچ ڈی نیوز کی ٹیم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ چینل سکھ تاریخ، تاریخی گوردواروں، مذہبی مقامات اور پنجاب کی مشترکہ ثقافتی روایات پر مبنی مستند اسٹوریز ناظرین تک پہنچاتا رہے۔

بقیہ سحر 3

ٹوائلٹ چیئرز، بیساکھیاں، سفید چھڑیاں، نابینا افراد کے لیے بریل نظامِ تحریر و مطالعہ سے متعلق سہولیات، ساعت کے آلات اور دیگر معاون آلات تقسیم کیے۔ بیگم عابدہ بشیر چوہدری نے کہا کہ معاون آلات کی فراہمی کا بنیادی مقصد خصوصی افراد کو روزمرہ زندگی کی مشکلات پر قابو پانے، نقل و حرکت میں آسانی پیدا کرنے اور خودمختاری کی جانب آگے بڑھنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔

بقیہ سحر 4

کہ پنجاب اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر کے تعلیمی اداروں کی عمارتوں کے معائنے کے لیے ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جو خستہ حال عمارتوں کی نشاندہی کر کے رپورٹ مرتب کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ احکامات کے مطابق لکڑی یا ٹی آر آئرن کی چھتوں والی عمارتوں کے حوالے سے بھی کارروائی کی جائے گی اور ایسی عمارتوں کو سیل کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ سحر 5

جنرل سیکرٹری سٹی پنڈی بھٹیاں، محمد شفیق راہی جنرل سیکرٹری سٹی حافظ آباد، علی حیدر اعوان ڈپٹی جنرل سیکرٹری، ملک عثمان سابقہ سیکرٹری ریکارڈ، ملک اسد علی اعوان، سید مصدق حسین غزنوی، شیخ آصف رضا قادری، میاں خلیق احمد متے والیے، پروفیسر اکبر علی، شبنم فیصل ایڈووکیٹ، رابعہ اناب ایڈووکیٹ، فائقہ صدیقی، پاکیزہ ہمایوں اور دیگر شامل تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ سانحہ کارساز جمہوریت کی بقا اور نظریاتی جدوجہد کا روشن باب ہے۔

بقیہ سحر 6

شاہین نے شرکاء سے خطاب کیا۔ مقررین نے صنفی بنیاد پر تشدد کی مختلف اقسام، اس کے سماجی اثرات اور روک تھام کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر زور دیا گیا کہ صنفی بنیاد پر تشدد کی روک تھام محض ادارہ جاتی ذمہ داری نہیں بلکہ پوری کمیونٹی کا مشترکہ فریضہ ہے اور کمیونٹی کے افراد ہراسانی اور تشدد کے واقعات پر خاموش تماشائی بننے کے بجائے محفوظ اور ذمہ دارانہ انداز میں کردار ادا کریں اور ضرورت کے مطابق متعلقہ اداروں سے معاونت حاصل کریں۔ مقررین نے واضح کیا کہ کسی بھی مداخلت کے دوران متاثرہ فرد کی سلامتی، رازداری، عزتِ نفس اور مرضی کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ سیشن کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ کمیونٹی کی مؤثر شمولیت، اجتماعی ذمہ داری اور مسلسل آگاہی کے ذریعے خواتین کے لیے محفوظ ماحول کی تشکیل، صنفی مساوات کے فروغ اور تشدد کے خاتمے کی کوششوں کو مزید مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ سحر 7

ہوگئے انہوں چاہیے ان کی بخشش کے لئے دعا کرنی چاہے اور جن کے والدین زندہ ہے انہوں کو چاہیکہ والدین کی قدر کرنی چاہیے انہوں نے قدیر مستانہ کے درجات کی بلندی کی لئے خصوصی دعا کی۔

بقیہ سحر 8

ماحولیاتی ضوابط پر عملدرآمد ضروری ہے۔ تمام کاروباری افراد ماحولیاتی تقاضے پورے کریں اور فضائی آلودگی کی روک تھام میں اپنا کردار ادا کریں۔ محمد جہاں تاب اختر نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ محکمہ ماحولیات فیلڈ میں متحرک ہے اور انسداد سموگ اقدامات پر عملدرآمد کی مسلسل نگرانی کر رہا ہے۔ شہریوں کے لیے صاف اور صحت مند ماحول کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ سحر 9

کی نمایاں خدمات کے اعتراف میں، دی یونیورسٹی آف لاہور (The University of Lahore) کی جانب سے 'اعزازی ڈاکٹریٹ آف فلاسفی' (PhD) کی ڈگری سے نوازا گیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ کامیابی نہ صرف ہمارے خاندان کے لیے انتہائی فخر کا باعث ہے، بلکہ یہ ہمارے والد ایس ایم منیر مرحوم کی اعلیٰ کارکردگی، سخت محنت اور لگن کی وراثت کا ایک خوبصورت تسلسل بھی ہے۔

بقیہ سحر 10

ہدایت کی کہ وہ قانونی تقاضے پورے کرنے کے ساتھ فائر سیفٹی کے تمام ضروری انتظامات یقینی بنائیں، تاکہ کسی بھی ممکنہ حادثے سے بچا جاسکے۔ عدنان قیصر نے مزید کہا کہ عوامی مقامات، کاروباری مراکز اور پٹرول پمپس پر حفاظتی اقدامات کو ہرگز نظر انداز نہ کیا جائے

بقیہ سحر 11

اور اپنی متعلقہ سروسز حاصل کر سکتے ہیں، ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے کہا کہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر سہولیات کی فراہمی، عوام دوست پولیسنگ اور بروقت ریلیف دینا ساہیوال پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے، عوامی خدمت کے اس سلسلے کو مزید مؤثر بنایا جارہا ہے۔

بقیہ سحر 12

کیے نہیں جاتے بلکہ انہیں عملی طور پر پورا بھی کروایا جاتا ہے۔

بقیہ سحر 13

درخواستیں دی جا چکی ہیں، مجھ پر مزید جھوٹے مقدمات درج کرنے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے، متاثرہ شہری سید علی رضا ہمدانی نے ایس ایچ او سٹی چکوال سید عاطف رضا شاہ پر بھی متعدد مقدمات اور درخواستوں کے ذریعے دباؤ ڈالنے کے الزامات عائد کیے ہیں، متاثرہ سید علی رضا ہمدانی نے چیف جسٹس آف پاکستان، وزیراعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب، ڈی او چکوال، و دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی شفاف تحقیقات کر کے انہیں انصاف اور تحفظ فراہم کیا جائے

بقیہ سحر 14

گیا۔ سیشن کے دوران سول ڈیفنس کے تجربہ کار انسپکٹر چراغ دین نے طالبات کو ہنگامی حالات سے نمٹنے کے عملی طریقے سکھائے۔

بقیہ سحر 15

کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 16

ٹریفک قوانین سے متعلق دلچسپ سوالات کیے، جن کے تسلی بخش جوابات دے کر ان کی رہنمائی کی گئی۔ کامران راؤ نے کہا کہ ٹریفک قوانین کی پابندی نہ صرف اپنی بلکہ دوسروں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لیے بھی ضروری ہے۔ احتیاط، ذمہ داری اور قانون پر عمل ہی محفوظ سفر کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہریوں، بالخصوص نئی نسل میں ٹریفک شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ سحر 17

عطائیت کے ہاتھوں متعدد افراد لقمہ اجل بننے کے ساتھ ساتھ درجنوں بیماریوں میں مبتلا ہو چکے ہیں ان واقعات سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ محکمہ صحت کی گرفت کمزور اور عطائی طاقتور ہو چکے ہیں#

بقیہ سحر 18

چنیوٹ سے میٹنگ کی۔ ضلع میں امن و امان کی صورتحال، دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ مذہبی ہم آہنگی و رواداری کے فروغ، امن و امان برقرار رکھنے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ آر پی او فیصل آباد نے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کے نمائندوں سے ملاقات کی، مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ آر پی او فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک نے ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کے ہمراہ پولیس افسران سے میٹنگ کی۔ دوران میٹنگ امن و امان کی صورتحال، کرائم کی شرح، کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ آر پی او نے پولیس افسران کو اپنی ترجیحات سے آگاہ کیا۔ آر پی او نے پولیس افسران کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ آر پی او نے پولیس افسران کو مجرمان اشتہاریوں، منشیات فروشوں، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ آر پی او نے تھانہ سٹی کا وزٹ کیا۔ آر پی او نے تھانہ کی عمارت، حوالات، فرنٹ ڈیسک، مختلف کمروں کا وزٹ کیا۔ آر پی او فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک شہید کانسٹیبل امتیاز احمد کے گھر پہنچ گئے۔ آر پی او نے شہید کے ورثاء سے ملاقات کی، تحائف پیش کئے، شہید کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔ آر پی او فیصل آباد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہدائے پولیس کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے تمام ممکن اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ سحر 19

ہے سی او روز نامہ نور نظر چوہدری طاہر شہزاد ایڈووکیٹ کی قیادت میں ملاقات کرنے والے صحافیوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او شہزاد احمد جوئیہ نے کہا کہ منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے اور چوری کی وارداتوں پر قابو پانے کے لیے پولیس گشت میں اضافے کے ساتھ مشکوک افراد اور غیر قانونی سرگرمیوں کی نگرانی کو مؤثر بنانے پر توجہ دی جارہی ہیان کا کہنا تھا کہ جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس کے ساتھ عوام کا تعاون بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے دیہات میں ٹھیکری پہرے اور چوکیداری نظام کی بحالی پر بات کرتے ہوئے

بقیہ سحر 20

لیتے ہوئے منصوبہ بندی اور عملی اقدامات کا آغاز کیا جائے، تاکہ اوکاڑہ اور گردونواح کے شہریوں کو بروقت اور معیاری علاج اپنے ہی شہر میں میسر آسکے۔

بقیہ سحر 21

فروشوں سے 880 گرام چرس اور 10 گرام آئس برآمد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 14 لیٹر شراب برآمد کی غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے 05 ملزمان گرفتار گرفتار ملزمان سے 05 پسٹل اور 11 گولیاں برآمد پولیس مقابلے، 02 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دی گئیں

بقیہ سحر 22

پالیسی کے مطابق کیسز پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر ہارڈشپ گراؤنڈ کے تحت تبادلوں کے عمل کو شفاف، منصفانہ اور میرٹ کے مطابق یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی ممبران اسسٹنٹ کمشنر شائستہ جبین، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن وقاص احمد گل، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر عمیر، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ صائمہ عمران سمیت دیگر متعلقہ ممبران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ہدایت کی کہ ہارڈشپ گراؤنڈ پر تبادلوں کے تمام کیسز کا متعلقہ قواعد وضوابط اور میرٹ کی روشنی میں باریک بینی سے جائزہ لیا جائے اور درخواستوں پر مقررہ طریقہ کار کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے، تاکہ مستحق ملازمین کے کیسز کو شفاف انداز میں نمٹایا جاسکے۔

بقیہ سحر 23

بسی کا رونا رویا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے اس طوفان میں موجودہ حکومت کی جانب سے ریلیف کی فراہمی ویسے ہی "اونٹ کے منہ میں زیرے" کے مترادف تھی، لیکن کرپٹ مافیا کی ملی بھگت سے وہ قلیل سہولت بھی عام آدمی تک نہیں پہنچ پا رہی۔ شہریوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ متعلقہ انتظامیہ کی مجرمانہ خاموشی اور غفلت اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ ان ظالم عناصر کی پشت پناہی کر رہی ہے، جو حکومتی احسن اقدامات اور خوش آئند پالیسیوں کو ناکام بنانے کی گھناؤنی سازش کر رہے ہے اور اسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ عوامی حلقوں نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لیں۔ اس کے ساتھ ہی، فرائض سے غفلت برتنے والے اور مبینہ طور پر پمپ مافیا کے ساتھ ملے ہوئے مقامی انتظامی اہلکاروں کی بھی فوری سرزنش کی جائے تاکہ قانون کی عملداری کو یقینی بنایا جا سکے اور عوام کو ان کا حق بلاتعطل مل سکے

بقیہ سحر 24

اور وطن کی خدمت ہر پاکستانی کے لیے باعثِ فخر ہے

بقیہ سحر 25

کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے اور حادثات کا خدشہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ اس کے باوجود متعلقہ حکام کی جانب سے سڑک کی مرمت اور بحالی کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہیں آرہے۔ وزارتِ مواصلات اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر ساہیوال، جی ٹی روڈ بیٹ 15 کی خستہ حال سڑک کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس کی ہنگامی بنیادوں پر مرمت کرائی جائے۔

بقیہ سحر 26

سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ اداروں کی جانب سے سرکاری نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فروخت یقینی بنانے اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جانے چاہئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر شہریوں کو سرکاری نرخوں پر گیس سلنڈرز اور ضروری اشیاء دستیاب نہیں ہو رہیں تو متعلقہ حکام کو اس صورتحال کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔

بقیہ سحر 27

حافظ تصور عطاری صاحب خصوصی شرکت سنی سپریم کونسل و میڈیا و نامہ نگار چوہدری افتخار صاحب اور چوہدری تابش افتخار کریں گے۔

بقیہ سحر 28

خانہ، آئی ٹی روم، تفتیشی افسران کے کمروں اور ریکارڈ روم کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ آر پی او نے تھانے کے سرکاری ریکارڈ، مال مقدمات کے رجسٹروں اور فلائیٹ کمپیوٹرائزیشن سسٹم کی اپ ڈیشن کو چیک کیا۔ انہوں نے تھانے کے صفائی ستھرائی کے انتظامات، ریکارڈ کی فول پروف کمپیوٹرائزیشن اور جدید انفراسٹرکچر کو سراہتے ہوئے موقع پر موجود افسران کو کارکردگی مزید بہتر بنانے کے لیے اہم پیشہ ورانہ ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ریجنل پولیس آفیسر غازی محمد صلاح الدین کا کہنا تھا کہ "تھانہ کلچر میں انقلابی تبدیلی اور شہریوں کو سازگار و پرامن ماحول میں انصاف کی فراہمی پنجاب پولیس کا بنیادی عزم ہے۔ اس جدید عمارت کی تعمیر اور فارمل انسپکشن کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ پبلک سروس ڈیلیوری کا معیار اعلیٰ ترین ہو۔ یہاں سائلین کو ایک ہی چھت تلے تمام قانونی سہولیات ملیں گی، جبکہ پولیس ملازمین کو بھی کام کا بہتر ماحول میسر آئے گا۔ تھانے آنے والے ہر مظلوم کی فوری دادرسی اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنا افسران کا فرض ہے۔ جبکہ ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کا اس موقع پر کہنا تھا کہ بہاولنگر پولیس آر پی او بہاولپور کی قیادت میں ضلع بھر سے جرائم کے خاتمے اور امن و امان کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ جدید بنیادی ڈھانچے کی فراہمی اور ایسے فارمل انسپکشنز سے فورس کا مورال بلند ہوتا ہے اور احتسابی عمل مضبوط ہوتا ہے، جس کے مثبت نتائج براہِ راست عوام تک پہنچتے ہیں۔

بقیہ سحر 29

کارساز کی عظیم قربانیاں پاکستان کی سیاسی اور جمہوری تاریخ کا روشن باب ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، ان شہداء نے محبوب قائد محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے استقبال کے لیے نکلتے ہوئے جمہوریت سے بے مثال محبت کا ثبوت دیا اور جانوں کے نذرانے پیش کر کے تاریخ میں ہمیشہ کیلئے نام ثبت کر دیا۔ انہوں نے شہدائے کارساز کیلئے دعائے خیر بھی کی۔

بقیہ سحر 30

جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ صحت عامہ کی سہولیات میں بہتری کا بنیادی مقصد شہریوں کو ان کی دہلیز پر بروقت اور معیاری علاج فراہم کرنا ہے، اس لیے عملے کی ذمہ داری ہے کہ وہ مستعدی اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دے۔

بقیہ سحر 31

کی طرف توجہ دلاتے ہوئے ملک میں مضبوط بلدیاتی اداروں کے مؤثر قیام کی ضرورت پر زور دیا اور اس بات پر اتفاق رائے پایا گیا کہ گلی محلے اور یونین کونسل کی سطح سے ہی قابل اور باصلاحیت لوگوں کو آگے آنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گلگت سے تعلق رکھنے والی سیاسی شخصیت امتیاز کاچو کا کہنا تھا کہ ملک کے باقی علاقوں کی طرح گلگت کو بھی اسی طرح مملکت پاکستان کا حصہ تصور کیا جائے جیسے پاکستان کے باقی حصے ہیں اور لوگوں کے لیے روزگار اور فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات پر کام کرنے کی طرف ہنگامی بنیادوں پر توجہ دی جائے۔

بقیہ سحر 32

بلاامتیاز قانونی کارروائیاں تیز کی جائیں اور اشتہاری مجرمان و عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ حساس مقامات، اہم تنصیبات اور عوامی مقامات کی سیکورٹی مزید موثر بنانے کے ساتھ پولیس گشت اور ناکہ بندی کے نظام کو بھی فعال بنایا جائے۔ ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے ہدایت کی کہ تمام ایس ڈی پی اوز اپنے سرکلز میں پولیس کارکردگی کی باقاعدگی سے نگرانی کریں جبکہ ایس ایچ اوز اپنے علاقوں میں جرائم کی روک تھام، موٹر پٹرولنگ اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ فرائض میں غفلت، ناقص کارکردگی اور قانون پر عمل درآمد میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈی پی او بہاولپور نے مزید کہا کہ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا، جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ اور قانون کی بالادستی یقینی بنانا پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ تمام افسران پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عوامی خدمت اور موثر پولیسنگ کو مزید بہتر بنائیں۔

بقیہ سحر 33

سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے طوفان نے عوام کی قوت خرید بالکل ختم کر دی، رہی سہی کسر ایف بی آر، کسٹمز حکام اور پیرا فورس کے چھاپوں، روزانہ کے چالانز اور تاجروں کا جینا حرام کرنے والے ہتھکنڈوں نے پوری کر دی، کرپشن اور لوٹ مار میں مصروف موجودہ حکمران اپنے بینک بیلنس اور جیبیں بھرنے میں مگن ہیں جبکہ عام آدمی بھوک اور افلاس کے باعث خودکشیاں کرنے پر مجبور ہو چکا ہے اور علما کرام سے اس بابت فتوے مانگ رہا ہے۔ خواجہ عاطف پاشی نے زور دیا کہ حکمران ہوش کے ناخن لیں، تاجروں و دکانداروں پر مظالم اور ناجائز چالانز کا سلسلہ فوری بند کریں اور عوام کی شدید پریشانیوں و مشکلات میں کمی کیلئے عملی اور مؤثر اقدامات کریں۔

بقیہ سحر 34

جبکہ اس موقع پر کرکٹ لیگ کی انعامی ٹرافی کی نقاب کشائی بھی کی گئی۔ تقریب میں ایڈیشنل کمشنر نعیم صادق چیمہ، اسسٹنٹ کمشنر جنرل خضر حیات، اسسٹنٹ کمشنر سٹی اقرا مبین، ڈویژنل سپورٹس آفیسر عامر حمید، ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس نوشابہ ملک اور نامور کاروباری شخصیت مہر اشرف سیال سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 35

کا فروغ اور جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ ماحول کی فراہمی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی تعلیمی ادارے کی کامیابی معیاری تعلیم، اساتذہ کی محنت، مؤثر انتظامی نظام اور والدین کے تعاون سے وابستہ ہوتی ہے۔ وہ تدریسی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے، طلبہ کی تعلیمی کارکردگی بہتر کرنے، اساتذہ کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنے اور کالج میں مثبت تعلیمی ماحول کے فروغ کے لیے اقدامات کریں گی۔ پروفیسر مسز امبرین اختر نے مزید کہا کہ اساتذہ، طلبہ اور انتظامیہ کے درمیان باہمی تعاون، بروقت حاضری، قواعد وضوابط کی پابندی اور طلبہ کی اخلاقی و تعلیمی تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ جدید تدریسی طریقوں، ڈیجیٹل ذرائع اور تحقیقی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا بھی ان کی ترجیحات میں شامل ہوگا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ڈائریکٹر مسز فرحین اسامہ چوہدری کی رہنمائی اور ادارے کی پالیسیوں کے مطابق کالج کے وقار، تعلیمی معیار اور انتظامی کارکردگی میں بہتری کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گی۔ تعلیمی حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ پروفیسر مسز امبرین اختر اپنے تجربے اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی بدولت سپیریئر کالج جھنگ کی ترقی اور طلبہ کی معیاری تعلیم و تربیت میں مثبت کردار ادا کریں گی۔

بقیہ سحر 36

ہوگیا، لوگ ہوٹلوں سے مہنگے داموں کھانا خریدنے پر مجبور ہوگئے۔ موسم سرما نے پوری طرح دستک بھی نہیں دی کہ گیس کی بندش نے روزمرہ زندگی متاثر کرنا شروع کر دی، اگر سردیوں کی آمد سے قبل یہ صورتحال ہے تو موسم سرما میں گھریلو صارفین کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ صارفین کے مطابق پہلے ہی مہنگائی نے عام آدمی کی مشکلات میں اضافہ کر رکھا ہے، ایسے میں گیس کی عدم دستیابی نے گھریلو اخراجات کا بوجھ مزید بڑھا دیا۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ متبادل ایندھن ایل پی جی بھی مہنگے داموں فروخت ہونے کے باعث عام صارفین کی پہنچ سے دور ہوتی جارہی ہے، کم آمدنی والے اور سفید پوش خاندانوں کیلئے روزمرہ کے کھانے پکانے کے اخراجات پورے کرنا مشکل ہوگیا۔ صارفین نے غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ ختم، گیس کے پریشر میں بہتری لانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ سحر 37

بچت بھی ممکن ہو سکے گی جس سے وہ اپنی تعلیم پر مزید توجہ دے سکیں گے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات خان نے بیداری این جی او کی چیف ایگزیکٹو آفیسر میڈم عنبرین عجائبہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے طالبات کے لیے سائیکلوں کی فراہمی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بچیوں کو تعلیم کے حصول کے لیے درپیش مشکلات کم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے جب طالبات کو سکول آنے جانے کے لیے مناسب سہولتیں میسر ہوں گی تو ان کے لیے تعلیمی سفر جاری رکھنا مزید آسان ہوجائے گا۔

بقیہ سحر 38

ملک نے کہا کہ نابینا افراد کی مدد کو اپنے معمولاتِ زندگی کا حصہ بنانا چاہیے جہاں کہیں بھی کوئی مستحق نابینا شخص نظر آئے اسے محفوظ طریقے سے سڑک پار کرانے آمدورفت میں تعاون فراہم کرنے اور ضرورت کے مطابق مالی یا عملی مدد کرنے کے لیے آگے بڑھنا چاہیے انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت اور ضرورت مند افراد کا سہارا بننا نہ صرف ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کا بھی بہترین ذریعہ ہے معاشرے کے ہر فرد کو چاہیے کہ وہ نابینا افراد کے احترام تحفظ اور فلاح کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرے۔

بقیہ سحر 39

قریشی، محمد یونس عرف پپو و دیگر نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی ایک ایسا اہم معاملہ ہے جس کا براہ تعلق شہریوں کی روز مرہ زندگی سے ہے صاف ستھرا ماحول نہ صرف شہریوں کی صحت کے لیے ضروری ہے بلکہ اس سے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ اور شہری زندگی کے معیار میں بہتری بھی آتی ہے۔ اس موقع پر میٹنگ کو وارڈ بیٹر محمد رفیق رحمانی نے کہا کہ ستھرا پنجاب کے اقدامات کو کامیاب بنانے کے لیے عوام اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون ضروری ہے شہریوں کو چاہیے کہ وہ صفائی کے عملے کی معاونت کریں، عوامی مقامات کو گندا کرنے سے اجتناب کریں اور کوڑا کرکٹ کو مقررہ جگہوں پر ڈالنے کی عادت اپنائیں۔

بقیہ سحر 40

اور دیگر اہم جگہوں پر صفائی کے انتظامات کو بہتر بنانے پر بھی توجہ دی جارہی ہے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول میسر آسکے ستھرا پنجاب ایجنسی اور سارکو ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کی جانب سے صفائی کے عمل کو مؤثر بنانے اور مختلف علاقوں میں صفائی کے تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے فیلڈ سرگرمیاں جاری ہیں سارکو افسران کی نگرانی میں صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا جارہا ہے تاکہ صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جاسکے اور عوامی شکایات کے ازالے پر بھی توجہ دی جاسکے۔

بقیہ سحر 41

انجمن تاجران پاکپتن کے جنرل سیکرٹری وا انجمن تاجران منڈی روڈ پاکپتن کے صدر شیخ محمد نعیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ معیشت تبھی ترقی کرے گی جب اس سے جڑے شعبے چلیں گے اگر ایسا نہ ہوا تو معیشت اسی دائرے میں گھومتی رہے گی اور صرف کاغذوں پر مستحکم نظر آئیگی پاکستان میں پالیسی ریٹ اور پیداواری لاگت خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں بہت زیادہ ہے مہنگی فنانسنگ سرمایہ کاری کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

بقیہ سحر 42

کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے اور تحصیل انتظامیہ و پیرا فورس کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا جائے، تاکہ عوام کو ناجائز منافع خوری سے نجات مل سکے۔

بقیہ سحر 43

سے نونہال اسمبلی قائم کی قوم کے بچوں کو ایک ہی درس ساری زندگی دیا اور کہا بچوں متحد ہو جاؤ وہ جب گورنر سندھ بنے تو اپنے عہدے کو بھی فروغ علم کا ذریعہ بنایا اور کراچی انکے دور میں یونیورسٹیوں کا شہر بن گیا حکیم محمد سعید اپنے نوجوانوں کی اخلاقی تربیت کی اخلاق محبت خلوص علم، ایثار، انسان دوستی، فروغ طب و حکمت، وقار اطباء تعمیر وطن کیلئے پوری زندگی وقف کر رکھی تھی،

بقیہ سحر 44

پنجاب مہم کے تحت مذکورہ مقام پر کوڑا کرکٹ جمع ہونے کی روک تھام کے لیے دیوار تعمیر کر دی گئی ہے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ستھرا پنجاب مہم کے تحت صفائی ستھرائی

بقیہ سحر 45

بھی طلبہ کو ووٹ کے درست استعمال اور انتخابی عمل کے مختلف مراحل کے بارے میں تفصیل ڈے آگاہ کیا۔ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے ماسٹر ٹریز راؤ کرم الٰہی عاطف نے پریزائیڈنگ آفیسر، اسسٹنٹ پریزائیڈنگ آفیسر اور پولنگ آفیسر کی ذمہ داریوں اور فرائض کے بارے میں بتایا۔ تربیتی نشست کے دوران پہچان ویلفیئر سوسائٹی ننکانہ صاحب کے صدر ڈاکٹر عابد علی عابد نے طلبہ کے درمیان فرضی انتخابی مشق کا انعقاد کیا اور انہیں ووٹنگ کے مکمل طریقہ کار سے عملی طور پر روشناس کروایا۔ اس مشق کے لیے چھ امیدواروں کو میدانِ انتخاب میں اتارا گیا اور ہر امیدوار کو انتخابی نشان الاٹ کیا گیا۔ ڈاکٹر عابد علی عابد نے طلبہ کو پولنگ اسٹیشن کے قیام، ووٹر کی شناخت، بیلٹ پیپر کے اجرا، ووٹ ڈالنے کے طریق کار، ووٹوں کی گنتی اور انتخابی عملے کی ذمہ داریوں کے بارے میں تفصیلی آگاہی دی۔

بقیہ سحر 46

ادا کر رہی ہے۔ ملاقات کے اختتام پر باہمی روابط کے فروغ اور علاقائی و ملکی سیاسی امور پر مزید مشاورت جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر نثار ٹوانہ، ملک ناصر، میاں نکاش، ملک طارق بھی موجود تھے۔

بقیہ سحر 47

مسجد، اکیڈمک بلاکس، اساتذہ و انتظامی عملے کے لیے رہائشی سہولیات، انڈور کرکٹ ایرینا، چار دیواری اور واکنگ ٹریک شامل ہیں۔ تدریسی و انتظامی اصلاحات کے نتیجے میں وزٹنگ فیکلٹی کے اخراجات 27 کروڑ 80 لاکھ روپے سے کم ہو کر ایک کروڑ 80 لاکھ روپے رہ گئے، جبکہ صوبائی حکومت کی سالانہ گرانٹ پانچ کروڑ روپے سے بڑھ کر تقریباً 50 کروڑ روپے ہو گئی۔ سنڈیکیٹ نے تدریسی و انتظامی عملے کی 62 نئی آسامیوں اور ٹی ٹی ایس کے تحت دو اساتذہ کی ترقی کے کیسز کی منظوری بھی دی۔

بقیہ سحر 48

مرہ کھانا پکانا بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ مہنگائی کے ستائے عوام پہلے ہی بنیادی ضروریات زندگی پوری کرنے میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، جبکہ ایل پی جی کے من مانے نرخوں نے ان کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔

بقیہ سحر 49

جسے شبہ ہے کہ کسی نامعلوم شخص نے اغوا کر لیا ہے۔ پولیس تھانہ ٹانڈہ نے فوری طور پر مقدمہ نمبر 26/322 درج کر کے خاتون کی تلاش شروع کر دی۔ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی صدر سرکل محمد اعظم کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ ٹانڈہ سب انسپکٹر ذبیح اللہ اور دیگر پولیس افسران پر مشتمل خصوصی ٹیم تشکیل دی اور خاتون کی فوری تلاش اور واقعہ کے تمام پہلو ؟ں سے تفتیش کی ہدایات جاری کیں۔ دوران تلاش چند روز بعد لاپتہ خاتون کی ڈھانچہ نما نعش گھر سے ملحقہ باجرے کی فصل سے برآمد ہوئی، جس کی شناخت نسیم بی بی کے نام سے ہوئی۔

بقیہ سحر 50

اور تفصیلی فارمل انسپکشن تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران کے ہمراہ تھانہ سٹی اے ڈویژن چشتیاں کی نو تعمیر شدہ جدید عمارت کا باقاعدہ افتتاح کیا اور تھانے کی جامع فارمل انسپکشن کی۔ چشتیاں آمد پر انہوں نے فیتہ کاٹ کر اور یادگاری تختی کی نقاب کشائی کر کے نئی عمارت کا افتتاح کیا۔

بقیہ سحر 51

فراہم کی گئی انہوں نے کہا کہ اس موذی مرض سے بچاؤ اور بروقت تشخیص کے لیے آگاہی ضروری ہے۔

بقیہ سحر 52

ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک شورکوٹ نے وفد کو ویٹرنری خدمات، محکمانہ سرگرمیوں اور وزیراعلیٰ پنجاب کی لائیو سٹاک ڈویلپمنٹ سکیموں پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ سیکرٹری لائیو سٹاک نے ادویات و ویکسین کی دستیابی، بیماریوں کی روک تھام، عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی، ریکارڈ اور مویشی پال حضرات کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا انہوں نے الٹرا ساؤنڈ کی سہولت کا بھی معائنہ کیا اس موقع پر انہوں نے ویٹرنری خدمات کی بہتری، حکومتی سکیموں پر مؤثر عمل درآمد اور مویشی پال حضرات کو معیاری طبی سہولیات کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ سحر 53

اقدامات اٹھانے کے لیے ہوتا ہے مگر یہاں گنگا ہی الٹی بہہ رہی ہے۔ جس گاؤں کے نمبردار کا کام کرپشن کر کے مال کمانا ہو وہاں گاؤں کے افراد ایسے نمبردار سے کیسے کسی اچھے کی امید کر سکتے ہیں محمد احمد نے متعلقہ اداروں سے کرپٹ نمبردار محمد نزید کو فی الفور نمبرداری جیسے اہم عہدے سے فارغ کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کرتے ہوئے کاروائی عمل میں لانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بعدالت جناب غلام محمد وٹو صاحب نائب تحصیل دار پاکپتن II تحصیل و ضلع پاکپتن شریف

ہر گاہ عوام الناس مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد حیات ولد سید محمد قوم چوہان سکنہ کوٹ دیوان تحصیل و ضلع پاکپتن شریف جو کہ قضائے الٰہی سے وفات پا گیا ہے، جس کا وراثتی انتقال درج کیا جانا ہے، سید محمد والد، اللہ جوائی والدہ، حاجراں بی بی دختر (لاولد) پہلے فوت شد ہیں، وارثان بازگشت میں شریفاں بیگم بیوہ (بعد میں فوت شد) محمد رمضان، محمد اکرام، محمد عمران پسران، زرینہ بی بی، سکینہ بی بی، صابراں بی بی، نابرہ چوہان دختران زندہ اور حقیقی وارث ہیں، اس کے علاوہ اگر وارث ہے تو وہ اشتہار کی اشاعت کے 7 یوم کے اندر پیش ہوں، بعدازاں کوئی عذر اعتراض قابلِ قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر صاحب / ریونیو حلقہ تحصیل دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت: نور بی بی (متوفیہ) زوجہ منور حسین دختر عبدالغنی قوم راجپوت کھرل ساکن موضع جسو کے گردتہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ نور بی بی (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکی ہے۔ جس کے وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ منور حسین (خاوند پہلے فوت شد)، احمد خاں، آصف علی خاں، محسن علی، علی حسنین، فدا منور پسران، رخسانہ منور، ساجدہ بی بی دختران نور بی بی اقوام راجپوت کھرل ساکن موضع جسو کے گردتہ تحصیل دیپالپور دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت نور بی بی (متوفیہ) کے وارثان کی بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ اندریں 7 یوم بمعہ ثبوت زیر دستخطی کے روبرو حاضر آوئے بصورت دیگر انتقال نور بی بی (متوفیہ) منظور کر لیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج مہر عدالت و دستخط ہمارے جاری ہوا۔

Cr..Imam Din

ازدفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ زینت بیگم زوجہ محمد اعظم ساکن فیروز آباد تحصیل و ضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میرے بیٹے ناظم اعظم ولد محمد اعظم کی تاریخ پیدائش 01-05-1980 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 7 خالد آباد میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafa

ازدفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج وفات ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ سمیرا زوجہ محمد آصف سکنہ اندرون شاہ فیصل گیٹ گجرات تحصیل و ضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میرے بیٹے محمد حسن ولد محمد آصف کی تاریخ وفات 10-01-2020 کا لیٹ اندراج یونین کونسل میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafa

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: انعم شہزادی بنام عباس علی

اشتہار بنام: عباس علی ولد امانت علی ساکن مکان نمبر 19 گلی نمبر 18 محلہ بلال گنج شہر تحصیل و ضلع لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 24-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالا

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین، بعنوان: شاکر علی بنام سونیا

شاکر علی ولد لیاقت علی ساکن عمر کورٹ تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہر گاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقررہ 02-11-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..FW

ازدفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج وفات ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ غلام مصطفیٰ ولد فضل الٰہی قوم گجر ساکن باسریاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میرے بیٹے حسن مصطفیٰ ولد غلام مصطفیٰ کی تاریخ وفات 24-02-2026 کو بیرون ملک یونان میں ہوئی ہے اور تدفین 15-03-2026 کو باسریاں تحصیل کھاریاں میں ہوئی ہے جس کا لیٹ اندراج یونین کونسل میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafa

ازدفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ نازیہ کوثر زوجہ نادر ساکن محلہ فیروز آباد گجرات تحصیل و ضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میری نازیہ کوثر زوجہ نادر کی تاریخ پیدائش 06-06-1978 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 7 خالد آباد میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafa

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: ملک عالیہ بنام محمد امین

اشتہار بنام: محمد امین ولد محمد بشیر ساکن چک نمبر 153 ر ب سائیانوالہ بھروکے تحصیل چک جھمرہ ضلع فیصل آباد بنام مدعاعلیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 28-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: غزالہ کنول بنام محمد شفیق

اشتہار بنام: محمد شفیق ولد عبدالطیف سکنہ چک نمبر 240 گ ب جڑانوالہ ضلع فیصل آباد بنام مدعاعلیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 23-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب قیصر مختار احمد صاحب سول جج گجرات،

مقدمہ: دعویٰ استقرار حق، عنوان: منزہ خانم، بنام: ایڈمنسٹریٹر بذریعہ سیکرٹری یونین کونسل جھیورانوالی تحصیل و ضلع گجرات، ہر گاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 21/10/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafa

بعدالت جناب شاہد نواز کچھی صاحب سینئر سول جج سول ڈویژن سرگودھا

درخواست برآمدگی دعویٰ

محمد اسلم بنام مظہر اقبال وغیرہ

اشتہار بنام: مظہر اقبال ولد فتح محمد، فیصل عباس، عمر عباس، محمد بلال پسران مظہر اقبال کھوکھر سکنائے چک نمبر 173 شمالی تحصیل سلانوالی ضلع سرگودھا، حال چک نمبر 188 شمالی تحصیل و ضلع سرگودھا، صوبہ پنجاب بذریعہ ڈسٹرکٹ کلکٹر سرگودھا

مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 13-11-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ آج ہمارے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالا

درخواست زیر دفعہ 7/25 گارڈین، بعنوان: کبراں بیگم بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام: فیاض مشتاق ولد محمد مشتاق ساکن مکان نمبر 74 گلی نمبر 5 کوٹ سلیم تحصیل و ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 22-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالا

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین، بعنوان: شاکر علی بنام سونیا

اشتہار بنام: سونیا دختر طالب حسین سکنہ محلہ حسن پارک مرید کے تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 02-11-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

ازدفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ میمونہ کرن زوجہ اظہر حسین ساکن ڈاکخانہ کوپرہ خورد، کوٹلی کھوکھراں تحصیل سمبڑیال ضلع سیالکوٹ نے درخواست گزاری ہے کہ میری میمونہ کرن زوجہ اظہر حسین کی تاریخ پیدائش 28-03-2001 کا لیٹ اندراج یونین کونسل میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafa

بعدالت جناب وقاص احمد ہاشمی صاحب سول جج درجہ اول سرگودھا

دعویٰ دخلیابی بذریعہ تکمیل معاہدہ

روبینہ کوثر وغیرہ بنام محمد اسلم وغیرہ

اشتہار بنام: ثمینہ اشرف زوجہ محمد ہاشم سکنہ وارڈ نمبر 60 محلہ سیداں والا شاہ پور شہر ضلع سرگودھا حال بستی نور پور صدیق آباد گلی نمبر 2 چک نمبر 42 شمالی تحصیل و ضلع سرگودھا

مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 12-11-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ آج ہمارے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: ثناء بی بی بنام محمد شہزاد

اشتہار بنام: محمد شہزاد ولد راشد علی ساکن تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب بنام مدعاعلیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 07-11-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب رانا محمد تنویر انور صاحب سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع عنوان مقدمہ نبیلہ مہربان بنام مرزا محمد رضوان بیگ اخبار اشتہار بنام مرزا محمد رضوان بیگ ولد مرزا محمد رفیق بیگ ساکن دسیال بنگڑیالہ ڈاکخانہ جٹی ڈھیری تحصیل و ضلع میرپور۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 10-11-2026 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

ازدفتر افتخار احمد چوہدری چیئرمین ثالثی کونسل۔ یونین کونسل برنالی تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

آخری نوٹس برائے نامزدگی نمائندگان تشکیل ثالثی کونسل درطلاق کیس مقدمہ 25 مورخہ 25/09/16 زیر دفعہ 7۔ مسلم لاز آرڈیننس 1961ء زیقا اول نور محمد ولد فضل احمد ساکن کراڑ یوالہ فورو تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

بنام۔ زیقا دوم رضوانہ کوثر دختر بہاول بخش ساکن باشنہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات برآگاہ زیقارقم کی اطلاع کے لیئے قلمی ھے کہ کریقا اول کی طرف سے مورخہ 2025/9/16 کو بحق زیقا دوئم نوٹس اطلاق دفتر ھذا کو موصول ہو چکا ہے جس میں تشکیل ثالثی کونسل کے لیئے نوٹس جاری کیے گئے زیقا دوئم کی طرف سے تا حال کسی نمائندے کا تقرر کیا گیا ہے لہٰذا کسی قسم کی اطلاع دفتر ہیڈ کوارسال کی گئی ہے زیقا اول روبرو ثالثی کونسل حاضر ہوا اور نوٹس طلاق کی تصدیق بھی کر چکا ھے کیس تیرا میں آئندہ تاریخ پیش مورخہ 2026/11/4 مقرر ہوئی ہے اگر مقررہ وقت تاریخ تک نامزدگی نہ کی گئی یا کسی قسم کی کوئی اطلاع نہ ارسال کی گئی تو فریق دوئم کے خلاف کاروائی عمل میں لاتے ہوئے فریق اول کو اطلاق موثر سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا حجلہ حرجہ وحرچہ کے خود ذمہ دار ہونگے مطلوب ہیں۔

چیئرمین ثالثی کونسل
یونین کونسل برنالی تحصیل کھاریاں

C/o..Shahzad Dilbar

بعدالت جناب حافظ محمد طفیل صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق، بعنوان: فرحان احمد بنام سیکرٹری یونین کونسل کرتو

اشتہار بنام: سیکرٹری یونین کونسل کرتو تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 27-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب محمد عثمان صاحب سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع عنوان مقدمہ طیبہ سلطانہ وغیرہ بنام ابرار صفدر اخبار اشتہار بنام ابرار صفدر ولد صفدر حسین ساکن چوٹالہ تحصیل و ضلع جہلم۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 23-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

ازدفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ زینت بیگم زوجہ محمد اعظم ساکن فیروز آباد تحصیل و ضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میرے بیٹے بشارت حسین ولد محمد اعظم کی تاریخ پیدائش 10-03-1969 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 7 خالد آباد میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafa

بعدالت جناب عمران خورشید صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کھاریاں

اپیل

ذوبتہ بی بی بنام ثاقب نواز

اشتہار بنام ثاقب نواز والد محمد نواز محمد نواز ولد محمد حسین ذات جٹ ساکن جلال پور جٹاں تحصیل و ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 17-11-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Afzal

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق معہ منسوخی دستاویز نکاح نامہ، بعنوان: حنوک جاوید بنام فرح نذیر

اشتہار بنام: فرح نذیر دختر نذیر مسیح، نذیر مسیح ولد شہباز مسیح ساکنان پرانا داؤ کے محلہ غوثیہ کالونی مرید کے ضلع شیخوپورہ، جاوید گریفن ولد گریفن مسیح ساکن پرانا داؤ کے محلہ غوثیہ کالونی مرید کے بنام مدعاعلیہم۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 28-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب وقاص مرتضیٰ جنجوعہ صاحب سول جج تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم

درخواست جانشینی عنوان مقدمہ تہمینہ زاہد بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار منجانب تہمینہ زاہد بیوہ زاہد اکرم متوفی ساکن کدلوٹ ڈاکخانہ بنگیال تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم بنام عوام الناس۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 24-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

عاق نامہ

میں اپنے بیٹے محمد طلحہ علی کو بوجہ نافرمانی و گستاخی اپنی منقولہ وغیرہ منقولہ جائیداد سے عاق کر دیا ہے آج سے میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق واسطہ نہ ہے اور نہ ہی میں اس کے کسی قول و فعل کا ذمہ دار ہوں المشتہر بلال رؤف ولد رؤف احمد ساکن بلال ہاؤس نور محلہ دینہ تحصیل دینہ ضلع جہلم

Cr..Faraz

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سینئر سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع

تبسم دختر مشتاق خاں بنام کامران افضل ولد محمد افضل ساکن مکان نمبر 366 محلہ ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 29-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتا وکالتا پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: نبیلہ رفیق بنام محمد عاشق

اشتہار بنام: محمد عاشق ولد ہزاری ساکن گاؤں گونیاں کلاں تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ بنام مدعاعلیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 05-11-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب وقاص مرتضیٰ جنجوعہ صاحب سول جج تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم

درخواست گارڈین عنوان مقدمہ محمد یوسف بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار بنام عوام الناس، غلام زہرہ زوجہ محمد ارشد ساکن کربک ڈاکخانہ ڈومیلی تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس/مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 04-11-2026 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت نائب جناب تحصیلدار صاحب ڈونگہ بونگہ

انتقال وراثت مواضعات ڈونگہ بشنوئیاں / مراد موچی تحصیل بہاولنگر میرے رو برو برائے منظوری پیش ہوا عابد ظہیر بیٹا متوفی حاضر آ کر بیانی ہے کہ میرا والد محمد جہانگیر ولد عبداللہ ذات کھرل بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے جس کا انتقال وراثت درج کروایا ہے متوفی کے ورثاء میں دو بیٹے عابد ظہیر۔ عابد سعید۔ ایک بیٹی ثریا زندہ حیات ہیں بیوی عائشہ اور والدین متوفی پہلے سے فوت شدہ ہیں انتقال وارثت منظور کرانا چاہتا ہے دیگر کوئی وارث درج نہ کرایا ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو یا کوئی وارث محروم کیا گیا ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آ کر جواب داخل کریں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

بقیہ سحر 1

سے کی گئی تاریخی تقریر کو ملازمین کے لیے اصول بنایا گیا ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق قائداعظم نے کہا سول سرونٹس کبھی بھی کسی سیاسی دباؤ، سیاسی جماعت یا سیاستدان کے اثر میں نہ آئیں۔ قائداعظم نے کہا تھا کہ حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں مگر سول سروس ریاست کی ریڑھ کی ہڈی ہے جو قائم رہتی ہے۔

بقیہ سحر 2

و استحکام کے امور پر بھی گفتگو کی گئی۔ دوران ملاقات وزارت داخلہ کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، اور اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ داخلی سکیورٹی سے متعلق باہمی تعاون اور شراکت داری کو مضبوط بنایا جائے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان اور قطر علاقائی امن واستحکام کیلئے مل کر کام کر رہے ہیں، جبکہ قطری وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں۔

بقیہ سحر 3

نے کہا کہ ٹیکس نظام میں بہتری کیلئے اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے، ٹیکس کا دائرہ بڑھانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں، ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس اصلاحات کے باعث جی ڈی پی کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، معاشی اصلاحات سے شرح نمو بہتر ہوئی ہے، اصلاحات کے ذریعے سے معاشی استحکام کی جانب گامزن ہیں، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ترسیلات زر میں تاریخی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، پاکستان کی معاشی ترقی پائیدار اور برآمدات پر مبنی ہونی چاہیے، پاکستان کی معیشت منفی 0.3 فیصد شرح نمو سے بہتری کی جانب آئی ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر صرف دو ہفتوں کی درآمدات کیلئے کافی رہ گئے تھے، پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تین ماہ سے زیادہ کی درآمدات کیلئے کافی ہیں، گزشتہ چار برس میں پاکستان کے بیرونی قرضوں میں چار ارب ڈالر کا اضافہ ہوا۔

بقیہ سحر 4

ہے جس کے بعد بسنت 12، 13 اور 14 مارچ 2027ء کو منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بسنت کی نئی تاریخوں سے متعلق سمری پہلے ڈپٹی کمشنر لاہور نے محکمہ داخلہ کو بھجوائی جس کے بعد محکمہ داخلہ نے اسے منظوری کے لیے صوبائی کابینہ کو ارسال کیا۔ کابینہ کی منظوری کے بعد نئی تاریخوں کا باقاعدہ فیصلہ کرلیا گیا۔ اس سے قبل لاہور میں 29 جنوری سے 7 فروری 2027ء تک دس روزہ بسنت منانے کا اعلان کیا گیا تھا تاہم اب شیڈول تبدیل کرتے ہوئے تقریبات 12، 13 اور 14 مارچ 2027ء کو منعقد کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔

بقیہ سحر 5

پر سر جوڑ کر بیٹھیں۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کے پی میں جو دہشت گردی کی صورتحال تھی اس پر صوبائی حکومت کا تعاون نہیں مل رہا تھا، بلوچستان میں صوبائی حکومت مکمل طور پر وفاقی حکومت کے ساتھ تعاون کر رہی ہے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں سر جوڑ کر بیٹھیں تو وزیراعظم اس سارے مسئلہ پر بیٹھنے کے لیے تیار ہیں، میں آج تمام سیاسی جماعتوں کو دعوت دیتا ہوں کہ دہشت گردی کے معاملے پر وزیراعظم کے ساتھ بیٹھیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم آج بھی دہشت گردی کے معاملے پر تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قومی اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی سپیکر قومی اسمبلی کے دستخط سے اپوزیشن لیڈر بنے ہیں، اپوزیشن کا عہدہ سنبھال لیا ہے کہ لیکن سپیکر چیمبر میں اچکزئی جانے کے لیے تیار نہیں ہیں، میں خود محمود اچکزئی کے پاس گیا اور کہا کہ ضد چھوڑیں اور وزیراعظم سے ملاقات کریں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ایپکس کمیٹی میں اپوزیشن کے دوست نہیں آتے، وہاں کھل کر بات چیت ہوتی ہے، ملک اس وقت دہشت گردی کا مقابلہ کر رہا ہے، کل ہی ایک میجر کی شہادت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملاقاتوں میں گالی گلوچ بریگیڈ اداروں کے خلاف بیانیہ بناتا ہے، رولز، قوانین کے تحت ملاقاتوں پر پابندی لگے گی، کبھی بانی پی ٹی آئی عدالتوں کے ذریعے باہر جیل سے آنا چاہتے ہیں اور کبھی ٹرمپ کے ذریعے باہر آنا چاہتے ہیں۔

بقیہ سحر 6

اسامیوں کا اعلان کر دیا اس حوالے سے خزانہ ڈویژن کی جانب سے ان اعلان کردہ اسامیوں پر بھرتیوں کے لیے خواہشمند امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلی گئی ہیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق ٹیکس وکیل اور پرسنل انکم ٹیکس کے تجزیہ کار کی اسامیاں ایس پی پی ایس تھری اسکیل میں ہیں۔

بقیہ سحر 7

کا ایک اہم ترین پہلو ایران اور امریکا کے درمیان پائی جانے والی کشیدگی کے خاتمے کے لیے پاکستان کا کلیدی کردار ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایرانی حکام کے ساتھ ہونے والی بات چیت میں خطے میں قیام امن کے لیے پاکستان کی ثالثی کوششوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ دفاعی ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب مشرق وسطیٰ میں امریکا اور ایران کے درمیان تناؤ اپنے عروج پر ہے۔ پاکستان کی جانب سے دونوں ممالک کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنا نہ صرف خطے میں استحکام کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں توازن برقرار رکھنے کی ایک اہم کوشش بھی ہے۔

بقیہ سحر 8

عمارت میں کھلے عام سگریٹ نوشی کی جاتی ہے، سگریٹ نوشی کے باعث دیگر ارکان پارلیمنٹ بھی اس سے متاثر ہوتے ہیں، اس میں سگریٹ نہ پینے والوں کا کیا قصور ہے۔ اجلاس میں نعیمہ کشور نے بھی اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ سگریٹ نوشی کی وجہ سے خواتین کو نماز کی ادائیگی میں مشکلات ہوتی ہیں، نماز ادا کرتے وقت سانس لینا دشوار ہوتا ہے۔ ارکان کی شکایت پر اسپیکر ایاز صادق کا کہنا تھا کہ پبلک مقامات پر سگریٹ نوشی پر پابندی پہلے ہی عائد ہے، پارلیمنٹ میں سگریٹ نوشی کے لیے جگہ مختص کی گئی ہے، یقینی بنایا جائے کہ آئندہ مختص جگہ کے علاوہ سگریٹ نوشی نہ کی جائے۔

بقیہ سحر 9

دی گئی۔ اس موقع پر پنجاب میں خوشحال دیہات ایکٹ 2026 متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں 120 دیہات میں فوری طور پر پائلٹ پراجیکٹ کے آغاز پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر ہر گاؤں میں عوامی نمائندوں کی مشاورت سے ویلج کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا گیا جس کی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے منظوری بھی دیدی اور ویلج کمیٹی کی فوری تشکیل اور پلان طلب کرلیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر ویلج کمیٹی کی سربراہی کرینگے۔ ڈپٹی کمشنر تمام ویلج کمیٹیوں اور پراجیکٹ کی نگرانی کریں گے۔ ویلج کمیٹی میں چار عوامی نمائندے اور چار سرکاری نمائندے ہونگے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ویلج کمیٹی میں ہیڈ ٹیچر، سیکرٹری یونین کونسل، بی ایچ یو/مریم نواز ہیلتھ کلینک کیڈاکٹر اور دیگر شامل ہونگے۔ ہر گاؤں میں سیوریج، ڈریج اور پختہ گلیاں بنائی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سب دیہات کو مثالی گاؤں بنانے کا عزم غیر متزلزل ہے۔ ترقی اب بڑے شہروں تک محدود نہیں، ہر گاؤں تک بھی ثمرات پہنچیں گے۔ گاؤں کی ڈویلپمنٹ گاؤں کے مقامی لوگوں کی مشاورت بھی شامل ہوگی۔ وہ دن دور نہیں جب پنجاب کا ہر گاؤں ایک مثال بنے گا۔

بقیہ سحر 10

234 کے تحت جاری نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا گیا۔ درخواست میں وفاق، صدر پاکستان، گورنر خیبر پختونخوا، حکومت خیبر پختونخوا اور دیگر متعلقہ حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ ہنگامی حالت کے غیر معمولی اختیارات آئین کے تابع ہیں اور ان کا عدالتی جائزہ لیا جاسکتا ہے، لہٰذا فریقین کو ایمرجنسی اور گورنر راج کا نوٹیفکیشن واپس لینے کی ہدایت کی جائے۔

بقیہ سحر 11

اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے حامی ہیں۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ سی پیک ایس سی او شراکت داروں کو معاشی انضمام کے مشترکہ سفر میں تیزی لانے کے مواقع فراہم کرتا ہے، توانائی میں تعاون اور عالمی معلوماتی سلامتی کو ایس سی او کا اہم حصہ بننا چاہیے۔

بقیہ سحر 12

مذاکراتی مسودے کی منظوری کیلئے افغانستان میں رابطے میں تھے۔ نجی ٹی وی سے بات کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی خصوصی ہدایات پر شروع کیے گئے مذاکرات مثبت نتائج کی طرف بڑھ رہے تھے اور ہمیں کامیابی کی قوی امید تھی۔ انہوں نے وضاحت کی کہ مذاکرات کے دوران تیار ہونے والے چوتھے ڈرافٹ کی حتمی منظوری وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو دینی تھی، تاہم اطلاعات کے مطابق وہ اس اہم دستاویز کی منظوری کیلئے افغانستان سے احکامات لے رہے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محمود اچکزئی کا موقف تھا کہ عمران خان سے ملاقات کے بغیر کسی بھی پیش رفت کا امکان نہیں۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اگر اس وقت ملاقات کا ٹائم فریم اور متفقہ حل طے پا جاتا تو ملکی سیاسی حالات آج یکسر مختلف ہوتے۔ مستقبل کی حکمت عملی پر بات کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے واضح کیا کہ اگر تحریک انصاف کی جانب سے اسمبلیوں سے استعفے دینے کا فیصلہ کیا گیا تو ان کی جماعت کے 40 ارکان کسی صورت اس فیصلے کا حصہ نہیں بنیں گے اور اپنی نشستوں پر براجمان رہیں گے۔

بقیہ سحر 13

پالیسی وفاقی کابینہ میں پیش کرنے کیلئے اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے۔ منگل کو جسٹس ارباب محمد طاہر نے کیس کی سماعت کی جس میں وزارت داخلہ کے سیکشن افسر نے عدالت کو آگاہ کیا کہ متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی کا معاملہ وفاقی حکومت کو بھجوا دیا گیا ہے، تاہم تاحال اس حوالے سے کوئی پالیسی نہیں بنائی گئی۔ وزارت داخلہ کے حکام کے مطابق معاوضے کی ادائیگی سے متعلق پالیسی وزیراعظم کے ذریعے تیار ہوکر وفاقی کابینہ میں پیش کی جائے گی۔

بقیہ سحر 14

بلکہ ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ رضوان سعید شیخ نے ڈیلس کے علاقے ارونگ کے ہوٹل ونڈہم ڈی ایف ڈبلیو ائیرپورٹ میں منعقدہ پاک یو ایس ٹیک کنیکٹ 2026 سے خطاب کیا، یہ تقریب قونصلیٹ جنرل آف پاکستان ہیوسٹن کے تعاون سے پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ (پی ایس ای بی) اور اوپن گلوبل کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔

بقیہ سحر 15

،حکومت برآمد کنندگان کو مناسب قیمت پر مطلوبہ معیار کا خام مال فراہم کرنے کی سہولت برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ منگل کو قومی اسمبلی میں شرمیلا فاروقی کے نکتہ اعتراض پر انہوں نے کہا کہ اگرچہ یہ معاملہ ایوان کے ایجنڈے میں شامل نہیں تھا اور نہ ہی سوالات کے وقفے میں توجہ دلاؤ نوٹس کے تحت زیر بحث تھا تاہم ایک خاتون رکن قومی اسمبلی نے ایک اہم مسئلہ اٹھایا ہے جس کی وضاحت ضروری ہے۔

بقیہ سحر 16

میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے افتتاحی کلمات ادا کیے، جبکہ آئی ایم ایف کے مشرق وسطی اور وسطی ایشیا کے شعبے کے ڈائریکٹر جہاد ازور اور شعبہ مالیاتی امور کے ڈائریکٹر روڈریگو والڈیز بھی افتتاحی کلمات میں شریک ہوئے۔ ورکشاپ میں اعلیٰ حکام، آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے نمائندگان، بین الاقوامی ٹیکس ماہرین، ماہرین تعلیم اور نجی شعبے کے رہنما شریک ہوئے۔ ورکشاپ میں پاکستان کے ٹیکس نظام کو جدید بنانے سے متعلق اہم ترجیحات اور پائیدار اقتصادی ترقی کے فروغ کے لیے ٹیکس نظام کو موثر بنانے پر تفصیلی تبادل خیال کیا گیا۔ ٹیکس اور اقتصادی ترقی ورکشاپ کے اہم موضوعات میں شامل ہیں، جہاں پاکستان کے ٹیکس نظام کو جدید بنانے کے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر وفاق اور صوبوں میں یکساں سیلز ٹیکس نظام کے قیام و نفاذ پر تبادل خیال کیا گیا جبکہ سادہ اور غیر جانب دار انکم ٹیکس نظام کی تشکیل بھی ورکشاپ کا اہم موضوع ہے۔ ورکشاپ کے دوران ٹیکس نظام کے انتظامی امور اور ڈیجیٹلائزیشن پر خصوصی نشست منعقد کی گئی، جس میں ٹیکس قوانین پر عمل درآمد اور ٹیکس دہندگان کا اعتماد بڑھانے پر گفتگو کی گئی۔ اجلاس کے ایجنڈے میں مالیاتی وفاقیت اور صوبائی ٹیکس محصولات بھی شامل ہیں

بقیہ سحر 17

ہنگامی اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں، صوبے میں گورننس کی بہتری اور حکومتی اقدامات کی واضح سمت بھی نظر آ رہی ہے، پاک فوج ہماری ریڈ لائن ہے اور مولانا فضل الرحمان کی جانب سے افواج پاکستان پر حالیہ تنقید سمجھ سے بالاتر ہے۔

بقیہ سحر 18

پروگرام کے تحت موصول ہونے والے 164 ارب روپے میں سے 116 ارب روپے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کیے گئے جبکہ ایک سڑک منصوبے پر تقریبا 100 ارب روپے صرف کیے گئے۔

بقیہ سحر 19

اسلام آباد ایئرپورٹ پر مالدیپ کی وزیر خارجہ اور ان کے وفد کا استقبال دفتر خارجہ کے ترجمان، ڈائریکٹر جنرل (جنوبی ایشیا و سارک)، پاکستان میں مالدیپ کے ہائی کمشنر اور مالدیپ میں پاکستان کے ہائی کمشنر نے کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو بھی آج بعد میں سرکاری دورے پر پاکستان پہنچیں گے، دورے کے دوران صدر محمد معیزو اپنے پاکستانی ہم منصب آصف علی زرداری سے ملاقات کریں گے جو ان کے اعزاز میں عشائیہ دیں گے۔ مالدیپ کے صدر وزیراعظم شہباز شریف سے معاونین کے بغیر اور وفود کی سطح پر مذاکرات بھی کریں گے۔ دونوں رہنما دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیں گے اور مختلف شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کے امکانات تلاش کریں گے۔ دورے کے دوران دوطرفہ تعاون کے مختلف شعبوں سے متعلق متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط متوقع ہیں۔

بقیہ سحر 20

،سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو ہونے والی ملاقات میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت وصنعت رانا احسان افضل خان اور سیکرٹری تجارت جواد پال بھی موجود تھے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق اس موقع پر وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ امریکا کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینا پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ سحر 21

سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے سال 2027 کیلئے بجلی کی خریداری کی درخواست نیپرا میں جمع کرادی، اگلا سال بھی بجلی صارفین پر بھاری ہی رہے گا۔ سی پی پی اے کی درخواست کے مطابق سال 2027 میں 3 ہزار 439 ارب بجلی کی خریداری کی قیمت ہوگی جس میں 19 سو 14 ارب روپے کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں ادا کئے جائیں گے

بقیہ سحر 22

کے سفیر البرٹ پی خوریئف نے انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹیجک سٹڈیز اسلام آباد میں پاک روس تعلقات کے موضوع پر خطاب کے دوران کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کشیدگی کا جلد حل اور سرحدی گزرگاہوں کی بحالی چاہتے ہیں

بقیہ سحر 23

کے رکن ممالک کے حکومتی وفود کے سربراہان کے ہمراہ ملاقات میں شرکت کی۔ تاجک صدر نے وفود کے سربراہان کا خیرمقدم کیا۔ ملاقات میں شنگھائی تعاون تنظیم کے تحت علاقائی اقتصادی تعاون مضبوط بنانے اور علاقائی روابط، استحکام اور مشترکہ خوشحالی کیلئے تعاون بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ سحر 24

انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے ماضی میں 9 مئی کے واقعات اور جی ایچ کیو پر حملے کے حوالے سے جو بیانات دیے، ان کی روشنی میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا وہ اس وقت درست موقف اختیار کیے ہوئے تھے یا آج ان کا موقف درست ہے۔

بقیہ سحر 25

روکنے کیلئے عالمی منڈی کی قیمتوں کے تناظر میں کیا جاتا ہے۔ منگل کو رکن قومی اسمبلی عالیہ کامران کے توجہ دلاؤ نوٹس پر انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین 7 دن کی اوسط پر ہوتا ہے، ہم پٹرول درآمد کرتے ہیں، سپلائی برقرار رکھنے، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی روکنے کیلئے عالمی منڈی کے تناظر میں قیمتوں کا تعین کیا جاتا ہے، صرف روزانہ کی بنیاد پر قیمتوں کا اعلان کیا جاتا ہے۔

بقیہ سحر 26

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ کسی اور (ن) لیگی رہنما کی مولانا کے بارے میں گفتگو پر کمنٹ نہیں کرسکتا، مولانا فضل الرحمان نے سخت گفتگو کی ہے، میں نے مولانا کے سخت بیانات پر سیاسی نکتہ چینی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست میں نو ریٹرن والی کوئی پالیسی نہیں ہوتی، کل کے دوست آج کے دشمن اور کل کے دشمن آج کے دوست ہو جاتے ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اندر سے آوازیں اٹھ رہی ہیں کہ مزاحمت نہیں سیاست کرنی چاہیے، پی ٹی آئی سیاست کرے گی تو ان کو بہت اسپیس مل جائیگی، پی ٹی آئی قیادت سوشل میڈیا کے اثر سے نکل جائے تو یہ ان کی سیاست کے لیے اچھا ہوگا۔

بقیہ سحر 27

صادق کا گوادر (شادی کور) آپریشن کے دوران میجر وجاہت وحید کے قیمتی جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار۔ اسپیکر سردار ایاز صادق کا شہید میجر وجاہت وحید کی عظیم قربانی اور وطن سے غیر متزلزل وفاداری کو خراج عقیدت۔

بقیہ سحر 28

اضافے کا علم بھی برقرار رکھا۔

بقیہ سحر 29

میں شعور اجاگر کرنا ضروری ہے۔ ورلڈ آسٹیوپوروسس ڈے پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ زندگی بھر کے لئے ہڈیوں کی حفاظت اور انہیں مضبوط بنانا سال 2026 کا اس دن کا خصوصی تھیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہڈیوں کی کمزوری خاموش بیماری کہلاتی ہے، ہڈی ٹوٹنے سے پہلے کوئی واضح علامات ظاہر نہیں ہوتیں، ہڈیوں کی مضبوطی کے لئے کیلشیم، وٹامن ڈی اور پروٹین سے بھرپور متوازن غذاء کا استعمال کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب صوبہ میں ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی اور پینلڈ ہسپتالوں کے ذریعے شہریوں کو مفت ہڈیوں اور جوڑوں کے امراض کا علاج فراہم کر رہی ہے، پیر یوینشن پروگرام کے تحت مختلف بیماریوں سے بچاؤ، ابتدائی تشخیص اور عوامی آگاہی دی جا رہی ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ خواتین اور بچوں کی صحت کے لئے محکمہ بہبود آبادی پنجاب اور مزدوروں کیلئے موبائل ہیلتھ یونٹس کے ذریعے بنیادی طبی اور غذائی مشاورت فراہم کی جاتی ہے۔

بقیہ سحر 30

حفاظت، سائبر خطرات کی بروقت نشاندہی اور فوری کارروائی کیلئے سکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم کر دیا ہے، جس سے کمیشن کا سائبر سکیورٹی نظام مزید مضبوط ہو گا۔ چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر نے سینٹر کا افتتاح کیا اور اس اقدام کو سراہتے ہوئے سائبر سکیورٹی کی اہمیت پر زور دیا۔ تقریب میں چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو، کمشنرز امتیاز حیدر، مظفر احمد مرزا اور ذیشان خنک سمیت دیگر سینئر حکام نے شرکت کی

بقیہ سحر 31

صبح، دوپہر اور رات کو ملاقاتیں ہوئی تھیں ملاقات کے دوران علی امین گنڈاپور سے فون پر بات ہوئی تھی، علی امین نے بانی کو بتایا کہ آپ ویڈیو بیان ریکارڈ کرائیں جگہ کا تعین کریں تاکہ وہاں بیٹھ جائیں، میرے پاس اڈیالہ سے فون کال آئی کہ آپ آجائیں بانی پی ٹی آئی ویڈیو بیان ریکارڈ کرنا چاہتے ہیں مجھے عمر ایوب کی جانب سے بھی یہ پیغام آیا تھا 25 نومبر جب اڈیالہ آیا تو رات 12 بجے پنجابات کے درمیانی پہر بانی اپنے سیل سے کانفرنس روم میں نہیں آسکتے تھے اس لیے مجھے بانی کے سیل میں بھیجا گیا میں بانی کے سیل میں گیا کہ بانی نے کہا کہ یاد رکھو ویڈیو بیان میں رینجرز کی شہادت پر تعزیت کروں گا۔

بقیہ سحر 32

رہی ہے جے یو آئی کا کوئی رکن اس میں شامل نہیں ہوگا، اس وقت طاقتور قوتوں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہو رہا ہے، صدر مملکت نے آئین کے تقاضے پورے نہیں کیے ہم نے حکومت میں ہوتے ہوئے اختلاف بھی کیا ہم اپوزیشن میں ہوتے ہوئے اتفاق بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے فیصلوں سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں ہماری جماعت سیاسی مکالمے پر یقین رکھتی ہے حکومتی پالیسیوں پر تحفظات ہوں تو الزام تراشیوں کے بجائے سیاسی انداز میں جواب دیا جانا چاہیے ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلاکر بات کرلی جائے۔

بقیہ سحر 33

ریموٹ کنٹرول آئی ای ڈی کو پولیس کی بم ڈسپوزل اسکواڈ (بی ڈی ایس) ٹیم نے ناکارہ بنا دیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او دآبہ وحید نور خان کی قیادت میں بی ڈی ایس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دھماکہ خیز مواد کو ناکارہ بنایا، آئی ای ڈی میں تقریباً 5 سے 6 کلوگرام بارودی مواد موجود تھا۔ ڈی پی او ہنگو صلاح الدین کنڈی نے علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری رکھنے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ پولیس کے مطابق علاقے میں ممکنہ خطرات کے خاتمے اور امن وامان برقرار رکھنے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ سحر 34

خیبرپختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد صوبے میں عوام کو بہترین ماحول کی فراہمی کیلئے تمام متعلقہ ادارے متحرک ہوگئے ہیں۔ صوبائی انتظامیہ کے مطابق پشاور کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی اور کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کیلئے موثر اقدامات کئے جا رہے ہیں، شہر میں بازاروں، تجارتی مراکز، اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات کو صاف ستھرا رکھنے کیلئے متعلقہ عملہ دن رات مصروف عمل ہے، جبکہ صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ گورنر راج کے بعد خیبر پختونخوا حکومت کے تحت تمام ادارے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر بھرپور انداز میں کام کر رہے ہیں تاکہ شہریوں کو صاف اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ سحر 35

سعودی عرب کا ریاض ائیر ہر قسم کی پروازوں کیلئے تاحال بند ہے۔ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ائیرپورٹ سے ریاض جانے والی تمام پروازیں منسوخ ہیں۔ جدہ، دمام، دبئی، شارجہ، قطر، ترکی جانے اور آنے والی ملکی وغیر ملکی ائیر لائنز کی 25 پروازیں تاخیر کا شکار ہوئی ہیں۔ تمام ایئر لائنز نے مسافروں کو ائیرپورٹ آنے والے مسافروں کو آنے سے قبل مکمل معلومات لینے کی ہدایت جاری کردیں۔

بقیہ سحر 36

کے دور پنجاب اسمبلی کے دوران عظمی بخاری نے 150 سے 200 معاوضہ یافتہ افراد کو اسمبلی میں داخل کروایا جبکہ سہیل آفریدی سے سوال کرنے والے صحافی بھی ان کے تنخواہ دار ملازم تھے۔ عظمی بخاری نے ان الزامات کو جھوٹا، من گھڑت اور اپنی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی بدنیتی پر مبنی کوشش قرار دیا تھا۔ مقدمے میں عظمی بخاری کی جانب سے ان کے وکیل علی بخاری نے دلائل دیئے۔ ٹریبونل کے مطابق معین ریاض قریشی نے تسلیم کیا کہ انہوں نے ٹی وی پروگرام میں مذکورہ باتیں کی تھیں تاہم وہ اپنے الزامات کے حق میں ایسے شواہد پیش نہیں کرسکے جن سے عظمی بخاری کے دعوے کو غلط ثابت کیا جاسکتا۔ ٹریبونل کے مطابق معین قریشی کے وکلا بھی دلائل کے دوران دعوے کو غلط ثابت نہیں کر سکے۔ فیصلے کے تحت معین قریشی کو 8 کروڑ 40 لاکھ روپے ہرجانے کی رقم عظمی بخاری کو ادا کرنا ہوگی۔ مقدمے کا تفصیلی فیصلہ جاری ہونے کے بعد فیصلے کی مزید قانونی تفصیلات سامنے آئیں گی۔

بقیہ سحر 37

۔سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا سیکنڈری رن وے 14 ایل تعمیراتی کام کے باعث 13 روز کیلئے بند رہے گا۔ جاری کردہ نوٹم کے مطابق سیکنڈری رن وے کے دونوں اطراف تعمیراتی کام 20 اکتوبر تا 3 نومبر جاری رہے گا، جبکہ ایمرجنسی کی صورت میں سیکنڈری رن وے کو ایک گھنٹے کے اندر مہیا کیا جائے گا جس کیلئے ایئر ٹریفک کنٹرول سے کوآرڈینیشن کرنا ہوگی۔

بقیہ سحر 38

سی ڈی اے، انسپکٹر جنرل پولیس اور سیکرٹری داخلہ کو بھی ارسال کردی گئی ہے۔

بقیہ سحر 39

میرے نزدیک بلاول بھٹو کا بہت اعلی مقام ہے تاہم جب تک صوبہ پنجاب میں پیپلز پارٹی کی جڑیں پیدا نہیں ہو جاتیں بلاول بھٹو وزیراعظم بنتے دکھائی نہیں دیتے، سیاست بڑی بے رحم ہے کیوں کہ جمہوریت میں لوگوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے۔ نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کے متعلق گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سندھ میں نئے صوبے نہ بنانے کی بات میں کوئی منطق نہیں کیونکہ سندھ اگر وہاں رہنے والوں کی دھرتی ماں ہے تو پنجاب میری بھی دھرتی ماں ہے لیکن سوال یہ نہیں ہے بلکہ سوال یہ ہے کہ کروڑوں پاکستانیوں کی زندگیاں بہتر کرنی ہیں یا نہیں؟ خرم دستگیر خان نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کا واضح نتیجہ یہ ہے کہ صوبائی حکومتیں مقامی حکومتوں کو مضبوط نہیں کرسکیں اور حالات یہ ہیں کہ صوبوں کے اندر بھی مختلف علاقوں کے درمیان گہرا فرق ہے۔ خرم دستگیر خان نے کہا کہ پاکستان میں بلدیاتی نظام صوبائی حکومت کے انگوٹھے کے نیچے ہوتا ہے اور سال 2018ء میں پی ٹی آئی نے ہزاروں بلدیاتی نمائندوں کو محض ایک دستخط کے ذریعے معطل کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ نظام کی خرابی کو نظام کی درستگی ہی ٹھیک کرسکتی ہے۔

بقیہ سحر 40

سیاسی حکومت ہوتے ہوئے ہم ایسا کام نہیں کرنا چاہتے، ہم گورنر راج بھی نہیں لگانا چاہتے تھے۔ طلال چودھری کا کہنا تھا کہ 14 سال میں تحریک انصاف نے دہشت گردی کو کوئی مسئلہ سمجھا ہی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اڈیالہ کبھی بنی گالہ یا مراد سعید کے ہاتھوں میں پوری حکومت دیں گے تو پھر ایسے ہی نتائج آئیں گے۔

بقیہ سحر 41

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستانی سفیر احمد فاروق نے بتایا کہ زخمی 17 پاکستانیوں میں 5 خواتین بھی شامل ہیں۔

بقیہ سحر 42

دوستیوں کی خوبصورت یادوں سے معمور رہی۔ تقریب کے مہمان خصوصی سابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل (ر) زبیر محمود حیات تھے جبکہ بیرسٹر امجد ملک کے سابق ہم جماعت اور دیرینہ دوست وفاقی سیکرٹری داخلہ احمد رضا سرور نے بطور مہمان اعزاز شرکت کی۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان ایڈووکیٹ نے خصوصی مہمان اعزاز کی حیثیت سے تقریب میں شرکت کی۔ عشائیے کا ایک خوشگوار اور یادگار پہلو بیرسٹر امجد ملک کے بچپن کے دوست سینیٹر چوہدری عابد شیر علی اور ان کی اہلیہ کو شادی کی مبارک باد پیش کرنا تھا۔

بقیہ سحر 43

تو فیصل اصغر کے بھائی کو اگلے ہی روز ڈی این اے رپورٹس کی تفصیلات کیسے معلوم ہوئیں؟ متاثرہ خاندان کے مطابق قتل کے دوسرے روز کامل اصغر نے آڈیو پیغام میں فارنزک شواہد کی تفصیلات بھی بتائی تھیں، جن میں 19 شواہد میں سے 15 مقامات پر ملازم ذیشان کی نشاندہی کا ذکر کیا گیا۔ متاثرہ خاندان کے مطابق حالیہ پریس کانفرنس کے بعد ڈی آئی جی شعیب خرم نے رابطہ کیا اور ملاقات کی خواہش ظاہر کی تاہم ہم نے خصوصی تحقیقاتی ٹیم کے رکن ڈی آئی جی سے ملاقات سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں پولیس کی تفتیش پر اعتبار نہیں رہا

بقیہ سحر 44

خاک کر دیا گیا۔ میجر وجاہت وحید شہید کی نماز جنازہ بحریہ ٹاؤن لاہور میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں گورنر پنجاب، کور کمانڈر لاہور، سینئر صوبائی وزراء، سول وملٹری افسران اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، قومی پرچم میں لپٹے شہید کے جسد خاکی کو پاک فوج کے چاق وچوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ میجر وجاہت وحید شہید کے پسماندگان میں والدہ، بیوہ اور ایک معصوم بیٹی شامل ہیں۔

بقیہ سحر 45

ڈیٹا چوری اور دیگر سائبر جرائم کی شکایات ہیلپ لائن 15 پر رپورٹ کرسکیں گے، جو متعلقہ این سی سی آئی اے زون کو قانونی کارروائی کے لیے منتقل کی جائیں گی۔ اس اقدام کا مقصد شہریوں کو شکایات رپورٹ کرنے میں سہولت فراہم کرنا اور پولیس وسائبر کرائم ایجنسی کے درمیان رابطہ بہتر بنانا ہے۔

بقیہ سحر 46

کیں۔ انہوں نے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات میں بلوچستان کے درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ صوبوں کے حقوق اور حق ملکیت کا آئینی اصول کسی صورت نہ توڑا جائے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ 1958 کے بعد سے پاکستان مسلسل تجربات کی بھٹی پر چڑھا ہوا ہے۔

بقیہ سحر 47

لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر نے سیکورٹی آپریشنز سینٹر کا افتتاح کیا۔ معلوماتی اثاثوں کی حفاظت اور سائبر خطرات کی بروقت نشاندہی ممکن ہو گی۔ افتتاحی تقریب میں چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد سدھو اور کمشنرز نے شرکت کی۔ سیکورٹی آپریشنز سینٹر بین الاقوامی معیار اور بہترین عالمی طریقہ کار کے مطابق کام کرے گا۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے چیئرمین نادرا کو آئی ٹی اصلاحات اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے استعمال پر بریفنگ دی۔ خدمات کی فراہمی میں بہتری اور کاروباری آسانی کے لیے جدید ٹیکنالوجیز کا استعمال بڑھایا جارہا ہے۔ کیپٹل مارکیٹ کے تمام اداروں کو سائبر خطرات سے نمٹنے کے لیے ایک مشترکہ فریم ورک میں شامل کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 48

میں تبدیل کرنے، پاکستان میں امریکی سرمایہ کاری کے فروغ، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور خریداروں و فروخت کنندگان کے درمیان براہ راست روابط قائم کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں تانبے، سونے، قیمتی پتھروں، نایاب زمینی عناصر اور صنعتی معدنیات کے وسیع ذخائر سے استفادے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ سحر 49

ملزمان کے قبضے سے 12 موٹر سائیکل، 19 موبائل فون، اسلحہ اور نقدی برآمد کر لی گئی، گرفتار ہونے والے ملزمان اسلام آباد کے 15 مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ملزمان وارداتوں کے بعد راولپنڈی کے علاقوں میں روپوش ہو جاتے تھے، ملزمان سے اسلام آباد میں درج پانچ مقدمات کی برآمدگیاں کرلی گئیں۔

بقیہ سحر 50

کوششوں کی سب سے زیادہ مخالفت خود تحریک انصاف کے اندر سے ہوتی ہے، بیرسٹر گوہر علی خان مسلسل مفاہمت کی کوششیں کررہے ہیں تاہم ان کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ان کی اپنی جماعت کے لوگ ہیں، پی ٹی آئی کے حالیہ مارچ کی ناکامی نے مستقبل قریب میں احتجاج کے امکانات بھی محدود کردیئے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بیرسٹر گوہر علی خان سے ان کی ملاقاتیں ہوتی رہی ہیں

بقیہ سحر 51

کے منصوبے کے بارے میں پوچھا جاتا تو وہ تفصیلات نہیں بتاتے تھے۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے مطابق لکی مروت سے مردان تک بھی انہیں منصوبہ بندی سے بے خبر رکھا گیا۔ اجلاس میں اکثریتی رہنماؤں کی جانب سے پی ٹی آئی کا اپوزیشن لیڈر لانے کا مطالبہ بھی کیا گیا، تاہم پارٹی کا موقف تھا کہ محمود اچکزئی بانی چیئرمین عمران خان کے نامزد کردہ ہیں، اس لیے انہیں عہدے سے نہیں ہٹایا جاسکتا۔

بقیہ سحر 52

جس کے تحت مجرم کی سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کیا گیا تھا۔ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے مقدمے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق استغاثہ کے 2 گواہوں میں ایک مقتولہ کا بیٹا اور دوسرا اس کا بہنوئی تھا، گواہوں کے بیانات اور طبی شواہد میں زخموں کی تعداد کے حوالے سے فرق پایا گیا۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ خوف اور دہشت کی کیفیت میں انسانی حواس اور مشاہدے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے، طبی اور چشم دید گواہی میں معمولی فرق بیان کی سچائی کو متاثر نہیں کرتا، گواہوں سے ہر لمحے کی انتہائی باریک اور لمحہ بہ لمحہ درست تفصیلات کی توقع رکھنا غیر فطری ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ہر شخص اچانک پیش آنے والی صدمہ انگیز صورت حال میں مختلف انداز سے ردِعمل ظاہر کرتا ہے، خوف کے عالم میں فائر کی گئی گولیوں کی درست تعداد یاد رکھنا انسانی صلاحیت سے باہر ہوسکتا ہے۔ مقدمے کے مطابق مجرم اظہر نے 2017 میں جائیداد کے تنازع پر گھر میں داخل ہو کر فائرنگ کی اور خاتون کو قتل کر دیا تھا، ٹرائل کورٹ نے مجرم کو سزائے موت سنائی تھی جبکہ شریک ملزم کو بری کر دیا تھا۔ بعد ازاں ہائی کورٹ نے مجرم کی سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کردیا تھا جسے سپریم کورٹ نے برقرار رکھا ہے۔

بقیہ سحر 53

چالان پیش کرنے میں ناکام رہے۔ عدالت نے تفتیشی حکام کو چالان جمع کروانے کے لیے مزید مہلت دیتے ہوئے آئندہ سماعت پر چالان جمع کروانے کی ہدایت دی اور سماعت 2 نومبر تک ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ میر رضا قتل کیس پر جوڈیشل کمیشن کی کارروائی مکمل ہوچکی ہے۔ پولیس کے مطابق میر رضا کی لاش جولائی میں گلستان جوہر سے ملی تھی، واقعے کا مقدمہ تھانہ فیروز آباد میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ سحر 54

نام سے منسوب کیا گیا۔ نو تعمیر شدہ انڈر پاس کا افتتاح کور کمانڈر پشاور نے کیا۔ انڈر پاس میں بجلی کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے 100 کے وی اے کا متبادل جنریٹر بھی نصب کیا گیا ہے۔ پاک فوج کی جانب سے تعمیر کیے گئے انڈر پاس سے علاقے میں آمدورفت بہتر بنانے اور زمینی رابطوں کو موثر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ سحر 55

جاری رہنا قابل تحسین ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دورہ فیصل آباد میں سمال ٹریڈرز ایسوسی ایشن اور چیمبر آف کامرس فیصل آباد کے وفد اور سیاسی رہنماؤں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ فیصل آباد چیمبر آف کامرس آکر خوشی ہوئی

بقیہ سحر 56

یہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کے تسلسل اور کارکردگی بارے بریفنگ دی۔

بقیہ سحر 57

گرین بیلٹس، موسمی پھولوں کے بیڈز، پلانٹرز اور ہارٹیکلچر ورک کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایم ڈی ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور نے اڈا پلاٹ، خیابانِ جناح، خیابانِ فردوسی، لیک سٹی روڈ، ویلینشیا ٹاؤن، گول چکر اور چھتری چوک سمیت مختلف مقامات کا دورہ کیا۔

بقیہ سحر 58

فلاح و بہبود، حقوق کے تحفظ اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تاریخی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ محنت کش ملکی معیشت اور ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں ان کی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ سحر 59

اور پولیس خدمات تک آسان رسائی یقینی بنانے کے لیے ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں۔ ترجمان پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق، ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن کے ذریعے خواتین اب ہراسانی، گھریلو تشدد، دھمکیوں اور دیگر جرائم سے متعلق شکایات کے لیے روایتی طریقہ کار کی پابند نہیں رہیں۔ متاثرہ خواتین کو گھر بیٹھے اپنی شکایات درج کروانے، قانونی رہنمائی حاصل کرنے اور متعلقہ پولیس حکام تک رسائی کی سہولت فراہم کی جارہی ہے

بقیہ سحر 60

کی شکایات موجود ہیں، جبکہ بعض ملازمین کو مبینہ طور پر دباؤ اور غیر ضروری پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ اسکول میں انتظامی امور اور ملازمین کے ساتھ برتاؤ کے حوالے سے شفافیت یقینی بنانے کی ضرورت ہے

بقیہ سحر 61

اور انہیں وراثت میں ملنے والی رہن شدہ جائیداد کی قانونی حیثیت دو الگ معاملات ہیں، محض اس بنیاد پر کہ ورثا مرحوم کے قانونی جانشین ہیں،ا

بقیہ سحر 62

بھی جاری کی جا چکی ہے۔ پروگرام سے مستفید ہونے والے خاندانوں کی جانب سے قرضوں کی واپسی کا عمل بھی جاری ہے اور اب تک 22 ارب 15 کروڑ روپے واپس موصول ہوچکے ہیں

بقیہ سحر 63

ٹیکس نظام کی خامیوں کا ہر پہلو سے جائزہ لیا جائے، متعدد اصلاحاتی اقدامات کے باوجود مطلوبہ اہداف حاصل نہ ہونا اس امر کا تقاضہ کرتا ہے کہ مسائل کی بنیادی وجوہات کا تعین کیا جانا ضروری ہے

بقیہ سحر 64

1,995 ارب روپے کی متوقع سرمایہ کاری جس میں 1,089 ارب روپے سرکاری اور 906 ارب روپے نجی شعبے سے شامل ہیں صنعتی سرگرمیوں میں اضافے اور بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ا

بقیہ سحر 65

جبکہ آئندہ ماہ تک 50 لاکھ بلز شہری علاقوں میں تقسیم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق شہریوں سے پراپرٹی کے رقبے کے مطابق 300 سے 5 ہزار روپے ماہانہ کوڑا ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے۔ شہریوں کو سال میں دو مرتبہ، چھ چھ ماہ کے بل بھجوائے جائیں گے۔ ایکسائز حکام کے مطابق شہری اپنا پراپرٹی نمبر ویب سائٹ پر درج کرکے کوڑا ٹیکس کا بل آن لائن حاصل کر سکتے ہیں جبکہ ادائیگی پی ایس آئی ڈی کے ذریعے آن لائن بھی کی جاسکتی ہے۔

بقیہ سحر 66

،چین میں سیمینار کے لیے نامزد، ایس ایس پی عثمان اعجاز باجوہ، ایڈیشنل ڈائریکٹر آپریشنز ایس پی یو پنجاب، سیمینار کے لیے نامزد، ایس ایس پی محمد نوید، ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور، چین میں تربیتی سیمینار میں شرکت کریں گے

بقیہ سحر 67

بتایا کہ امریکی پوسٹل سروسز کو مبینہ طور پر 126 ملین ڈالر کا نقصان پہنچانے کے الزام میں این سی سی آئی اے نے فہیم اکرم کو گرفتار کرلیا۔ عاطف امیر کا کہنا تھا کہ ملزم نے مبینہ طور پر جعلی ویب سائٹ بنا کر تین سال تک امریکی پوسٹل سروسز کے نظام کو بائی پاس کیا اور جعلی ڈاک ٹکٹ فروخت کرتا رہا۔ انہوں نے کہا کہ این سی سی آئی اے کے سائبر یونٹ نے 6 اکتوبر کو اس کیس کی نشاندہی کی تھی، خانیوال سے تعلق رکھنے والے ملزم نے مبینہ طور پر ایک ویب سائٹ تیار کی، جس کے ذریعے غیر ملکی پوسٹل کمپنی کے نظام کو بائی پاس کر کے تقریباً 50 لاکھ ٹکٹ فروخت کیے گئے۔

بقیہ سحر 68

ملکی وغیر ملکی ائیر لائنز کی 25 پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں۔ تمام ایئر لائنز نے مسافروں کو ائیرپورٹ آنے والے مسافروں کو آنے سے قبل مکمل معلومات لینے کی ہدایت جاری کردیں۔

بقیہ سحر 69

کی نامزدگی، مانیٹرنگ سسٹم اور سیاسی اتحاد سازی کے حوالے سے جامع حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری اطلاعات شہزاد سعید چیمہ، ظفر عباس لک، عثمان ملک، حاجی عزیز الرحمٰن چن، فیصل میر، فاروق یوسف گھرکی، جمیل کلس، ندیم اصغر کائرہ اور راؤ خالد سمیت دیگر رہنماں نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 70

اخراجات میں کمی کے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ یونیورسٹی نے 400 وزٹنگ فیکلٹی پر سالانہ تقریباً 30 کروڑ روپے کے اخراجات اور ایک ہی کلاس کے مختلف سیکشنز کو یکجا کرنے سے حاصل ہونے والی بچت کے ذریعے گزشتہ ایک سال میں 40 کروڑ روپے بچائے، جو وسائل کے موثر استعمال کی قابلِ تقلید مثال ہے

بقیہ سحر 71

کی 1460، رواں سال 822 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔ کینٹ ڈویژن میں گزشتہ سال کار چوری کے 32، رواں سال 9 مقدمات درج ہوئے

بقیہ سحر 72

میں سی سی پی او لاہور نے کہا کہ کاروباری برادری اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے تاجروں، صنعت کاروں اور کاروباری اداروں کی حفاظت بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری تنظیموں کے ساتھ مسلسل رابطے سے سیکورٹی کے مسائل کی نشاندہی، باہمی تعاون میں بہتری اور کاروباری برادری کے خدشات کے بروقت ازالے میں مدد مل سکتی ہے

بقیہ سحر 73

اور گزشتہ ڈھائی سال کے دوران متعارف کرائی جانے والی اصلاحات اور اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفد کو سرکاری امور کی آٹومیشن، ڈیجیٹلائزیشن اور ای فائلنگ سسٹم کے ذریعے سرکاری فائلوں کے نظام کو پیپر لیس بنانے کے اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ حکومت پنجاب سرکاری امور میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، انتظامی نظام میں بہتری اور شفافیت کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ وفد کو کرپشن کی روک تھام کے لیے حکومت پنجاب کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔ دورے کے دوران بین الصوبائی ہم آہنگی اور رابطہ کاری کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے وفد کے شرکا کو سندھ میں اپنے سروس کیریئر کے ابتدائی ایام کے تجربات سے بھی آگاہ کیا۔ مطالعاتی دورے کے اختتام پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو اور وفد کے مابین یادگاری شیلڈز کا تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ سحر 74

اضافے، اسکولوں کے مسائل اور ہاؤسنگ بحران کے خلاف یورپ کے مختلف ممالک میں شروع ہونے والے احتجاجی مظاہروں نے شدت اختیار کر لی ہے، جس کے نتیجے میں فرانس، اٹلی اور البانیہ میں پولیس اور مظاہرین کے درمیان شدید جھڑپیں ہوئیں اور املاک کو نقصان پہنچایا گیا۔ فرانسیسی وزارتِ داخلہ کے مطابق صرف فرانس میں ملک بھر کے مختلف شہروں میں تقریباً 5 لاکھ 50 ہزار افراد سڑکوں پر نکلے ہوئے ہیں، جہاں احتجاجی مظاہرے کے دوران توڑ پھوڑ، آتش زنی اور جھڑپوں کے نتیجے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے سیکڑوں اہلکار زخمی ہوئے جبکہ ہزاروں افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ فرانس میں مہنگائی کے خلاف نکالی جانے والی ملک گیر ریلیاں پرتشدد شکل اختیار کر گئیں جس کے بعد اتوار کو ملک کے مختلف شہروں میں جلاؤ گھیراؤ، بڑے پیمانے پر لوٹ مار اور توڑ پھوڑ کے مناظر دکھائی دیے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق ان ہنگاموں کے دوران سیکیورٹی فورسز اور مظاہرین کے درمیان شدید جھڑپیں ہوئیں جن کے نتیجے میں دارالحکومت پیرس سمیت کئی شہروں کی گلیاں کھنڈر کا منظر پیش کرنے لگی ہیں۔

صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت اجلاس

گزشتہ روز ہونیوالے اجلاس میں وزیر کھیل پنجاب نے رجسٹریشن کی تعداد 20 لاکھ تک پہنچ گئی ہے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت سی ایم پنجاب یوتھ گیمز 2026 کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، گزشتہ روز ہونیوالے اجلاس میں وزیر کھیل پنجاب نے رجسٹریشن کی تعداد 20 لاکھ تک پہنچ گئی ہے، پرائیویٹ کالجز اور یونیورسٹیز کو اپنی رجسٹریشن اور طلبہ کے ڈیٹا میں اضافہ کرنا ہوگا، جبکہ مدارس کے طلبہ کی رجسٹریشن بڑھانے پر بھی خصوصی توجہ دی جائے، تمام محکمے باہمی تعاون سے اس تاریخی ایونٹ میں زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کی شرکت یقینی بنائیں، صوبائی وزیر کھیل نے افسران کو ہدایت کی کہ آئندہ 15 روز کے دوران رجسٹریشن کی تعداد میں اضافے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جائیں، ملک فیصل ایوب کھوکھر نے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یوتھ گیمز کی کامیابی کیلئے تمام اداروں کا کردار اہم ہے، خانیوال کے ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر (ڈی ایس او) اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) کی کارکردگی کو بھی سراہا۔

لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی سے پنجاب ڈاج بال ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی سے پنجاب ڈاج بال ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات پنجاب میں کھیلوں کا بہترین ٹیلنٹ موجود ہے اور نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، پنجاب میں کھیلوں کی ترقی اور نئے ٹیلنٹ کو سامنے لانے کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، ڈاج بال کے فروغ کیلئے ایسوسی ایشن کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں گے، گزشتہ روز نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں ہونیوالی ملاقات کے موقع پر پنجاب میں ڈاج بال کے فروغ، کھیل کو متعارف کروانے اور نئے ٹیلنٹ کو سامنے لانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صدر پنجاب ڈاج بال ایسوسی ایشن میاں رضوان، سیکرٹری رانا آذر نور اور دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات کے موقع پر پنجاب میں ڈاج بال کے فروغ کیلئے مختلف اقدامات کرنے اور کھیل کو مقبول بنانے کیلئے ایونٹس کے انعقاد کا فیصلہ کیا ڈاج بال ایک نیا کھیل ہے، جسے پنجاب میں متعارف کروانے اور نوجوانوں میں مقبول بنانے کیلئے مختلف ایونٹس منعقد کیے جائیں گے، سپورٹس بورڈ پنجاب ڈاج بال کے فروغ کیلئے ایسوسی ایشن کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرے گا، پنجاب میں کھیلوں کا بہترین ٹیلنٹ موجود ہے۔

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی سے نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں پنجاب ڈاج بال ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

آرسی اے انڈر 17 ٹورنامنٹ: زون چھ بلوز فائنل میں پہنچ گئی

پہلے سیمی فائنل میں زون پانچ وائٹس کو 78 رنز سے شکست، محمد کھتری کی چار وکٹیں

کراچی (سپورٹس ڈیسک) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیرِ اہتمام اور میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے جاری ٹیلنٹ ہنٹ کے دوسرے مرحلے، ووڈ ورڈ ٹرافی انڈر 17 انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے سیمی فائنل میں زون چھ بلوز نے زون پانچ وائٹس کو 78 رنز سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ نیا ناظم آباد جیم خانہ گراؤنڈ پر کھیلے گئے میچ میں زون چھ بلوز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 40 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 233 رنز بنائے۔ طلحہٰ آفریدی نے 4 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے 60 رنز، عبدالرافع نے 6 چوکوں اور 4 چھکوں کی مدد سے 51 رنز، شایان خان نے 33 اور مصطفیٰ عمیر نے ناقابلِ شکست 28 رنز اسکور کیے۔ زون پانچ وائٹس کی جانب سے محمد ریحان اور محمد خان نے 3، 3 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں زون پانچ وائٹس کی ٹیم 155 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ محمد خان نے 34، محمد سعد نے 28 اور محمد روحان نے 24 رنز بنائے۔ زون چھ بلوز کے محمد کھتری نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے 17 رنز دے کر 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، جبکہ درانی خان اور نبیل خان نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔ میچ کے اختتام پر شہباز قریشی اور نوید الامین نے زون چھ بلوز کے محمد کھتری کو میڈی کیم مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا۔

پریمیئر سپر لیگ 2026 ایڈیشن 10 کے مذید چار میچز مکمل

نووامیڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 183 رنز بنائے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پریمیئر سپر لیگ 2026 ایڈیشن 10 کے مذید چار میچز مکمل، نیٹ سول، نووامیڈ، بینک اسلامک اور ڈیسکون کی کامیابیاں۔ لاہور پریمیئر سپر لیگ کے چار میچز میں دلچسپ مقابلے دیکھنے میں آئے، جہاں نیٹ سول، نووامیڈ، بینک اسلامک اور ڈیسکون نے اپنے اپنے میچز جیت لیے۔ ٹورنامنٹ میں بلے بازوں کی عمدہ کارکردگی کے ساتھ بولرز نے بھی نمایاں کھیل پیش کیا۔ پہلے میچ میں نووامیڈ نے آدمیز کو 65 رنز سے شکست دی۔ نووامیڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 183 رنز بنائے۔ عمیر اکرم نے 24 گیندوں پر 59 رنز کی شاندار اننگز کھیلی، جبکہ مبشر نے 45 رنز بنائے۔ جواب میں آدمیز کی ٹیم 17.3 اوورز میں 118 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ عمیر اکرم کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ دوسرے میچ میں نیٹ سول نے ایف بی آر کو 48 رنز سے شکست دی۔ نیٹ سول نے 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 191 رنز بنائے۔ عدنان بٹ نے 57 گیندوں پر 75 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، جبکہ بلال بھٹی نے 34 اور نجم الصادق نے 31 رنز اسکور کیے۔ جواب میں ایف بی آر کی ٹیم 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 143 رنز بنا سکی۔ عدنان بٹ کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ تیسرے میچ میں ڈیسکون نے ان ٹچ کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔ ان ٹچ کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 19.5 اوورز میں 127 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ عبدالحق نے 46 اور کاشف اعجاز نے 25 رنز بنائے۔ ڈیسکون نے ہدف صرف 13 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ رانا طاہر نے 37 گیندوں پر ناقابلِ شکست 70 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی، جبکہ عمر نے 32 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 39 رنز بنائے۔ رانا طاہر کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ چوتھے میچ میں بینک اسلامک نے ایف بی آر کو 10 رنز سے شکست دی۔ بینک اسلامک نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 20 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 132 رنز بنائے۔ محمد نوید نے 37 اور عمیر رفیق نے 23 رنز اسکور کیے۔ ایف بی آر کی ٹیم 133 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 122 رنز بنا سکی۔ بینک اسلامک کی جانب سے اویس خالد نے 23 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ فاروق نے 16 رنز دے کر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ فاروق کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ ٹورنامنٹ میں نمایاں انفرادی کارکردگیاں چاروں میچز میں عمیر اکرم کی 59 رنز کی اننگز، عدنان بٹ کے 75 رنز، رانا طاہر کے ناقابلِ شکست 70 رنز اور اویس خالد کی چار وکٹوں نے خاص توجہ حاصل کی۔ ابتدائی مقابلوں کے نتائج نے پریمیئر سپر لیگ کے دسویں ایڈیشن میں ٹیموں کے درمیان سخت مقابلے کی بنیاد رکھ دی ہے۔

لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایج گروپ کرکٹ ٹرائلز لاہور کے پانچوں زونز میں بیک وقت جاری



لاہور (سپورٹس رپورٹر) لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایج گروپ کرکٹ ٹرائلز لاہور کے پانچوں زونز میں بیک وقت جاری ہیں، جہاں نوجوان کرکٹرز کی بڑی تعداد اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھانے کے لیے میدانوں میں موجود ہے۔ 19 اکتوبر سے شروع ہونے والے ٹرائلز 21 اکتوبر تک جاری رہیں گے۔ ان ٹرائلز کا بنیادی مقصد ابھرتے ہوئے باصلاحیت کھلاڑیوں کی نشاندہی، ان کی کارکردگی کا جائزہ اور مستقبل کی کرکٹ کے لیے ایک مضبوط ٹیلنٹ پول تیار کرنا ہے۔ سٹی زون، کینٹ زون، ماڈل ٹاؤن زون، راوی زون اور شالیمار زون میں جاری ان سرگرمیوں کے دوران کھلاڑیوں کی بھرپور شرکت لاہور میں کرکٹ کے وسیع ٹیلنٹ کی عکاسی کر رہی ہے۔ ٹرائلز کو منظم انداز میں منعقد کرنے کے لیے تمام زونز میں متعلقہ ذمہ داران اور گراؤنڈ انتظامیہ متحرک ہیں، جبکہ کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کا جائزہ لینے کے عمل کو میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ ٹرائلز سٹی زون میں اتفاق ایل آر سی اے گراؤنڈ، کینٹ زون میں نیو اتفاق فیصل ٹاؤن گراؤنڈ، ماڈل ٹاؤن زون میں ماڈل ٹاؤن وائٹس گراؤنڈ، راوی زون میں کشمیر گراؤنڈ جبکہ شالیمار زون میں مغلپورہ گریفن گراؤنڈ میں جاری ہیں۔ ٹرائلز کی نگرانی کے لیے سٹی زون میں میاں فضل قدوس اور اعزاز چیمہ، کینٹ زون میں مشہود حسین شیرازی اور اشرف علی، ماڈل ٹاؤن زون میں عمران بچہ اور عرفان فاضل، راوی زون میں اعجاز بٹ اور عامر سجاد جبکہ شالیمار زون میں محمد ارشد اور کاشف صدیق ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ نوجوان کرکٹرز کی صلاحیتوں کو دریافت کرنا، انہیں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنا اور میرٹ کی بنیاد پر باصلاحیت کھلاڑیوں کو سامنے لانا لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ایج گروپ ٹرائلز اسی وژن کا عملی اظہار ہیں، جن کا مقصد مستقبل کے ایسے کھلاڑیوں کی نشاندہی کرنا ہے جو اپنی محنت، کارکردگی اور صلاحیتوں کے بل بوتے پر لاہور ریجن اور قومی کرکٹ میں نمایاں مقام حاصل کر سکیں۔ خواجہ ندیم احمد نے کہا کہ ٹرائلز کے تمام مراحل میں شفافیت، نظم وضبط اور میرٹ کو بنیادی اہمیت دی جا رہی ہے۔ ہر نوجوان کھلاڑی کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا مناسب موقع ملنا چاہیے، کیونکہ باصلاحیت کھلاڑیوں کی بروقت شناخت ہی مضبوط کرکٹ نظام کی بنیاد بنتی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن نوجوان ٹیلنٹ کی سرپرستی، معیاری کرکٹ کے فروغ اور کھلاڑیوں کی پیشہ ورانہ تربیت کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن نے ٹرائلز کے کامیاب انعقاد کے لیے پانچوں زونز کے ذمہ داران، نگرانی کرنے والے کوچز اور گراؤنڈ انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر مواقع فراہم کرنے کیلئے مربوط حکمت عملی اور مشترکہ کاوشیں ناگزیر ہیں امید ہے کہ ان ٹرائلز کے نتیجے میں باصلاحیت کھلاڑی ابھر کر سامنے آئیں گے جو مستقبل میں لاہور ریجن کی نمائندگی کرتے ہوئے اعلیٰ سطح کی کرکٹ تک رسائی حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں گے۔ لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن نوجوانوں کیلئے مواقع، کرکٹ کے فروغ اور میرٹ پر مبنی نظام کے ذریعے ایک مضبوط اور روشن کرکٹ مستقبل کی بنیاد رکھنے کے لیے پُرعزم ہے۔

راولپنڈی: چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

13 سال کا گند تین دن میں صاف نہیں ہوسکتا، وقت لگے گا، فیصل کریم کنڈی

پشاور میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، لوگ غیر قانونی تجاوزات خود مسمار کر دیں ورنہ حکومت ایکشن لے گی، کسی کی سفارش نہیں چلے گی، تجاوزات پر زیرو ٹالرنس ہوگی

شہر میں بازاروں، تجارتی مراکز، اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات کو صاف ستھرا رکھنے کیلئے متعلقہ عملہ دن رات مصروف عمل ہے، جبکہ صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوبے سے تجاوزات کے خلاف اور صفائی کیلئے پالیسی کا اعلان کر دیا۔ پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ صوبے کو صاف ستھرا بنانا ہمارا عزم ہے، 13 سال کا گند تین دن میں صاف نہیں ہوسکتا، وقت لگے گا۔ انہوں نے کہا کہ پشاور میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، لوگ غیر قانونی تجاوزات خود مسمار کر دیں ورنہ حکومت ایکشن لے گی، کسی کی سفارش نہیں چلے گی، تجاوزات پر زیرو ٹالرنس ہوگی۔ گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کو ستھرا بنانے کے لئے صفائی مہم شروع ہے۔ دوسری جانب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 34)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز صوبائی دارالحکومت میں کنیئرڈ کالج کے 89ویں کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے

لیاقت بلوچ کا وزیراعظم سے بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا مطالبہ

قومی سیاسی اور جمہوری قیادت بلوچستان سے اپنے آپ کو بالکل لاتعلق نہ رکھے، نائب امیر جماعت اسلامی

اپوزیشن جماعتوں کی آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد میں تاخیر اپوزیشن کو مزید کمزور کر رہی ہے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے وزیراعظم سے بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا مطالبہ کیا ہے۔ صنوبر انسٹیٹیوٹ کے قومی ڈائیلاگ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے مطالبہ کیا کہ وزیراعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے معاملات الگ ہیں۔ لیاقت بلوچ نے تاکید کی کہ قومی سیاسی اور جمہوری قیادت بلوچستان سے اپنے آپ کو بالکل لاتعلق نہ رکھے۔ نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی اور سابق وفاقی وزراء اسد عمر، فواد چوہدری، دانیال عزیز، ندیم افضل چن اور خرم دستگیر سے ملاقاتیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر46)

عاطف اکرام شیخ کی قیادت میں وفد کی امریکی سفارتخانے کے حکام سے ملاقات

پاک امریکا معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق

پاکستان کا کان کنی کا شعبہ کھربوں ڈالر کی غیر استعمال شدہ صلاحیت رکھتا ہے، صدر ایف پی سی سی آئی

اسلام آباد/ کراچی (کامرس رپورٹر) ایف پی سی سی آئی نے پاک امریکا معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کا کان کنی کا شعبہ کھربوں ڈالر کی غیر استعمال شدہ صلاحیت رکھتا ہے، معدنیات کے شعبے میں تعاون محض کان کنی تک محدود نہیں بلکہ اس کا مقصد روزگار کے مواقع پیدا کرنا، معدنی وسائل میں ویلیو ایڈیشن کو فروغ دینا اور برآمدات پر مبنی اقتصادی ترقی کو تیز کرنا ہے۔ منگل کو صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد نے امریکی سفارت خانے کے حکام سے ملاقات کی جس میں پاکستان کے معدنی وسائل کو تجارتی منصوبوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 48)

لاہور: طالبات این سی اے میں جاری نمائش دیکھ رہی ہیں

سائبر کرائم متاثرین کیلئے بڑی سہولت، پولیس ہیلپ لائن 15 کو این سی سی آئی اے سے منسلک کر دیا گیا

اسلام آباد/لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) شہری اب سائبر جرائم کی شکایات بھی 15 پر رپورٹ کر سکیں گے۔ اسلام آباد نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کے مطابق ملک کے مختلف صوبوں اور بڑے شہروں میں پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 کو این سی سی آئی اے کے نظام سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ اب شہری آن لائن فراڈ، بلیک میلنگ، سائبر ہراسانی، (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 45)

سائبر سیکیورٹی کو مضبوطی کیلئے جدید سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سائبر سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کیلئے جدید سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم کر دیا گیا۔ چیئرمین نادرا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 47)

پولیس پارٹی پر فائرنگ کرنے والے 2 ملزم گرفتار، ملزمان کے قبضے سے 12 موٹر سائیکل، 19 موبائل فون، اسلحہ اور نقدی برآمد کر لی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں ملزمان نے گرفتاری کے لئے جانے والی تھانہ سنگجانی پولیس ٹیم پر فائرنگ کر دی۔ پولیس ٹیم نے فائرنگ کے تبادلے کے دوران شوٹر گینگ کے دو کارندے گرفتار کر لئے، گرفتار ہونے والے ملزمان میں عبدالخالق اور رحمان عرف رحمانہ شامل ہے۔ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 49)

عمران خان اور پارٹی کے مفاد کی سب سے زیادہ مخالفت پی ٹی آئی کے اندر سے ہوتی ہے' شیر افضل مروت

لاہور (سٹاف رپورٹر) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ عمران خان کی فلاح و بہبود اور پارٹی کے مفاد میں کی جانے والی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر50)

عظمیٰ بخاری نے قائد حزب اختلاف معین قریشی کیخلاف ہتک عزت کا کیس جیت لیا

ڈیفیمیشن ٹربیونل کا مختصر فیصلے میں معین قریشی کو 8 کروڑ 40 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم

لاہور (کورٹ رپورٹر) پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف معین ریاض قریشی کے خلاف ہتک عزت کا مقدمہ جیت لیا۔ لاہور کے ڈیفیمیشن ٹربیونل نے مختصر فیصلے میں معین قریشی کو عظمیٰ بخاری کو 8 کروڑ 40 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے جبکہ تفصیلی فیصلہ بعد میں جاری کیا جائے گا۔ عظمیٰ بخاری نے ڈیفیمیشن ایکٹ کے تحت نجی ٹی وی پروگرام میں معین قریشی کے بیان پر ہتک عزت کا دعویٰ دائر کیا تھا۔ معین قریشی نے الزام لگایا تھا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر36)

اسلام آباد، جی سکس اور ایچ نائن ہفتہ وار بازار فی الحال نہیں کھل سکیں گے، درخواست مسترد

بازار کھولنے کیلئے ریسکیو حکام اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد سے این او سی حاصل کرنا لازمی قرار دیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے ہفتہ وار بازاروں کے اسٹال ہولڈرز کی درخواست مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ جی سکس اور ایچ نائن کے ہفتہ وار بازار فی الحال نہیں کھل سکیں گے۔ سی ڈی اے کے خط کے مطابق حفاظتی اقدامات پر سو فیصد عمل درآمد ہونے تک بازار بحال نہیں کیے جائیں گے، بازار کھولنے کیلئے ریسکیو حکام اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد سے عدم اعتراض سرٹیفکیٹ (این او سی) حاصل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ خط میں کہا گیا کہ حفاظتی اقدامات مکمل کیے بغیر اسٹال ہولڈرز کو کاروبار کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ سی ڈی اے کے مطابق فیصلے کی کاپی چیئرمین (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 38)

بیرسٹر امجد ملک کے اعزاز میں نہیں، ان کی جانب سے معزز دوستوں کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ

قومی خدمات کو خراجِ تحسین، دیرینہ دوستیوں اور اوورسیز پاکستانیوں کی کامیابیوں کا جشن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب، سپریم کورٹ آف انگلینڈ اینڈ ویلز کے سالیسٹر ایڈووکیٹ اور ممتاز اوورسیز پاکستانی رہنما بیرسٹر امجد ملک نے اپنے دیرینہ دوستوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات کے اعزاز میں سرینا ہوٹل اسلام آباد کے زمانہ ریسٹورنٹ میں ایک پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا۔ تقریب میں سیاسی، عسکری، عدالتی، قانونی، انتظامی، صحافتی، کاروباری اور اوورسیز پاکستانی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات نے شرکت کی۔ عشائیے کی فضا باہمی احترام، خلوص، قومی یکجہتی، محبت اور برسوں پر محیط (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 42)

حنا جاوید قتل کیس، اہلخانہ نے مرکزی ملزم کے بھائی کا آڈیو پیغام جاری

حنا جاوید کو 20 اگست کو قتل کیا گیا تو فیصل اصغر کے بھائی کو اگلے ہی روز ڈی این اے رپورٹس کی تفصیلات کیسے معلوم ہوئیں؟، رپورٹ

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حنا جاوید قتل کیس میں مقتولہ کے اہلِ خانہ نے فارنزک اور ڈی این اے رپورٹس مبینہ طور پر بیچ کیے جانے کا الزام عائد کرتے ہوئے مرکزی ملزم فیصل اصغر کے بھائی کامل اصغر کا آڈیو پیغام میڈیا کو جاری کر دیا۔ متاثرہ خاندان کے مطابق آڈیو پیغام قتل کے دوسرے روز موصول ہوا تھا۔ اہلِ خانہ کے مطابق کامل اصغر نے 21 اگست کو رابطہ کر کے انہیں ڈی این اے رپورٹس کی تفصیلات بتائیں اور خاموش رہنے کا کہا۔ خاندان کے مطابق ملزم کے بھائی نے حنا جاوید کے قتل کا معاملہ سوشل میڈیا پر اٹھانے پر بھی اعتراض کیا تھا۔ اہلِ خانہ نے سوال اٹھایا کہ حنا جاوید کو 20 اگست کو قتل کیا گیا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 43)

لاہور: صوبائی وزیر محنت و انسانی وسائل محمد منشاء اللہ بٹ سے صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر ملاقات کرتے ہوئے

صوبائی وزیر منشاء اللہ بٹ سے صدر لاہور چیمبر کی ملاقات

محنت کشوں کی بہتری کے لیے کاروباری برادری کا موثر تعاون نہایت اہمیت کا حامل ہے، محمد منشاء بٹ

محنت کشوں کی فلاح و بہبود اور ان کے معیارِ زندگی میں بہتری کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر محنت و انسانی وسائل محمد منشاء اللہ بٹ سے صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علی حسام اصغر نے ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران صدر لاہور چیمبر آف کامرس نے صوبائی وزیر کو لاہور چیمبر آف کامرس کے دورے کی دعوت بھی دی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر محنت محمد منشا اللہ بٹ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق محنت کشوں کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 58)

سعودی عرب اور مشرق وسطی میں کشیدگی، پاکستان کا فضائی نظام متاثر

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے جانے اور آنے والی 50 سے زائد پروازیں متاثر ہوئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا سیکنڈری رن وے 13 روز کیلئے بند، پی اے اے کی کپتانوں کیلئے نئی ایڈوائزری جاری

سکردو (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (پی اے اے) نے تمام کپتانوں کیلئے نئی ایڈوائزری جاری کر دی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 37)

ریاض ایئرپورٹ پر حوثی حملے میں 17 پاکستانی زخمی ہوئے تھے، سفیر پاکستان احمد فاروق

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب میں پاکستان کے سفیر احمد فاروق نے کہا ہے کہ گزشتہ دنوں ریاض ایئرپورٹ پر حوثی حملے میں 17 پاکستانی زخمی ہوئے تھے۔ سعودی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 41)

میجر وجاہت وحید شہید کی نماز جنازہ ادا، لاہور میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

لاہور (سٹاف رپورٹر) بلوچستان کے علاقے پسنی میں دفاعِ وطن کی خاطر جامِ شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید کو ان کے آبائی شہر لاہور میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر44)

سپریم کورٹ کا جائیداد کے تنازع پر خاتون کو قتل کرنے والے مجرم اظہر کی اپیلیں خارج کرتے ہوئے ہائی کورٹ کا فیصلہ برقرار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے جائیداد کے تنازع پر خاتون کو قتل کرنے والے مجرم اظہر کی اپیلیں خارج کرتے ہوئے ہائی کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا ہے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 52)

میر رضا قتل کیس، تفتیشی افسر تیسری مرتبہ حتمی چالان پیش کرنے میں ناکام، مزید مہلت طلب کر لی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے نوجوان تاجر میر رضا کے قتل کے کیس میں تفتیشی حکام نے چالان جمع کروانے کے لیے مزید مہلت طلب کر لی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت میں سماعت کے دوران تفتیشی افسر تیسری مرتبہ حتمی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 53)

ایم ڈی ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) مینیجنگ ڈائریکٹر ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور شاہراہوں کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 57)

بلاول بھٹو میں وزیراعظم بننے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے' خرم دستگیر خان

جب تک پنجاب میں پیپلز پارٹی کی جڑیں پیدا نہیں ہو جاتیں بلاول بھٹو وزیراعظم بنتے دکھائی نہیں دیتے

سندھ میں نئے صوبے نہ بنانے کی بات میں کوئی منطق نہیں کیونکہ سندھ اگر وہاں رہنے والوں کی دھرتی ماں ہے

پاکستان میں بلدیاتی نظام صوبائی حکومت کے انگوٹھے کے نیچے ہوتا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خرم دستگیر نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو میں وزیراعظم بننے کے لیے پوٹینشل موجود ہے، بلاول بھٹو وہ شخصیت ہیں جن کا ابھی بھی پارلیمان پر یقین برقرار ہے اور انہوں نے سال 2018ء کے بعد بہت سیکھا ہے، ان کی ہر تقریر اور گفتگو پہلے سے بہتر ہوتی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے بلاول بھٹو سے اپنی ایک حالیہ ملاقات کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں کہا کہ مئی 2025ء کی پاک بھارت جنگ کے بعد دنیا میں پاکستان کا موقف اجاگر کرنے کے لیے بلاول بھٹو کی سربراہی میں جانے والے سفارتی وفد میں بھی وہ شامل تھے اور اس سفر کے دوران انہوں نے کافی وقت ساتھ گزارا جس کی وجہ سے دونوں میں قربت بڑھی۔ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 39)

تحریک انصاف پر پابندی کی آئین میں بے شمار گنجائش موجود ہے، طلال چوہدری

سیاسی حکومت ہوتے ہوئے ہم ایسا کام نہیں کرنا چاہتے، ہم گورنر راج بھی نہیں لگانا چاہتے تھے، بیان

اڈیالہ کبھی بنی گالہ یا مراد سعید کے ہاتھوں میں پوری حکومت دیں گے تو پھر ایسے ہی نتائج آئیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ تحریک انصاف پر پابندی سے متعلق آئین میں ایسی بے شمار گنجائش ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر40)

لاہور: کاہنہ کے رہائشی میاں بیوی اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کرتے ہوئے

نوشہرہ میں پاک فوج نے چھ ماہ میں انڈر پاس تعمیر کر لیا

انڈر پاس سپاہی ماجد نواز شہید کے نام سے منسوب، کور کمانڈر پشاور نے افتتاح کیا

نوشہرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع نوشہرہ میں پاک فوج کے انجینئرز نے چھ ماہ کی قلیل مدت میں انڈر پاس کی تعمیر مکمل کر لی۔ پاک فوج نے مقامی افراد کی خواہش پر ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور عوام کو سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے انڈر پاس تعمیر کیا، جسے سپاہی ماجد نواز شہید کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 54)

ٹیکس کے نظام میں اصلاحات، ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے کی ضرورت ہے' گورنر پنجاب

ٹیکس دینے والے صنعت کاروں، کاروباری افراد پر مسلسل بوجھ ڈالنے کے بجائے ٹیکس نیٹ میں اضافے کے لیے مؤثر حکمت عملی کی ضرورت ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ صنعت اور جامعات کے اشتراک سے مقامی تحقیق، نئی ایجادات اور ٹیکنالوجی کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، کاروباری افراد کو سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، مشکل حالات میں کاروباری سرگرمیوں کا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 55)

وزیراعلیٰ پنجاب اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کامیابی سے جاری

محکمہ داخلہ میں چیئرمین کابینہ کمیٹی کی زیر صدارت اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کی سٹیئرنگ کمیٹی کا پانچواں اجلاس

اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کے مثبت اثرات ہماری نسلوں تک حاصل ہوں گے' خواجہ سلمان رفیق

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب میں صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت وزیراعلیٰ پنجاب اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کی سٹیئرنگ کمیٹی کا پانچواں اجلاس ہوا۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے اجلاس میں اعزاز (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 56)

PTI کور کمیٹی کا اجلاس، لانگ مارچ کی ناکامی کا ذمہ دار سہیل آفریدی قرار

کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں لانگ مارچ کی ناکامی، منصوبہ بندی کے فقدان اور قیادت کے کردار پر سوالات اٹھائے گئے

اجلاس میں اکثریتی رہنماؤں کی جانب سے PTI کا اپوزیشن لیڈر لانے کا مطالبہ، محمود خان اچکزئی کا مستعفی ہونے سے صاف انکار

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی نے لانگ مارچ اور حکومت سے مذاکرات کی ناکامی کی تحقیقات کیلئے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی قائم کر دی۔ پارٹی کی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں لانگ مارچ کی ناکامی، منصوبہ بندی کے فقدان اور قیادت کے کردار پر سوالات اٹھائے گئے اور سہیل آفریدی کو لانگ مارچ کی ناکامی کا ذمہ دار قرار دیا گیا۔ اجلاس میں شریک رہنماؤں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ لانگ مارچ کے لیے کوئی منصوبہ بندی نہیں تھی اور نہ ہی رہنماؤں کو اعتماد میں لیا گیا۔ سلمان اکرم راجہ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جب بھی سہیل آفریدی سے لانگ مارچ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر51)

سعودی عرب اور مشرق وسطی میں کشیدگی، پاکستان کا فضائی نظام متاثر

ملک کے ایئرپورٹس سے جانے اور آنے والی 50 سے زائد پروازیں متاثر ہوئیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے جانے اور آنے والی پچاس سے زائد پروازیں متاثر ہوئیں۔ سعودی عرب کا ریاض ایئر ہر قسم کی پروازوں کے لیے تاحال بند ہے۔ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے ریاض جانے والی تمام پروازیں منسوخ ہیں۔ جدہ، دمام، دبئی، شارجہ، قطر، ترکی جانے اور آنے والی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر68)

این سی سی آئی اے کی کارروائی، جعلی ویب سائٹ پر امریکی ڈاک ٹکٹ فروخت کرنے والا گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے کارروائی کرتے ہوئے جعلی ویب سائٹ کے ذریعے امریکی ڈاک ٹکٹ فروخت کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے عاطف امیر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 67)

پیپلز پارٹی کا بلدیاتی انتخابات کیلئے بھرپور تیاریوں کا فیصلہ، امیدواروں کی نامزدگی کا عمل تیز کرنے کی ہدایت

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کی لوکل باڈیز مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس پیپلز سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں کنوینر رانا فاروق سعید کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں متوقع بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں، امیدواروں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر69)

صوبے کی جامعات مالی طور پر مستحکم ہو رہی ہیں، اوکاڑہ یونیورسٹی اس کی روشن مثال ہے' وزیر تعلیم

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی زیر صدارت اوکاڑہ یونیورسٹی کی سنڈیکیٹ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں انہوں نے یونیورسٹی انتظامیہ کے مالیاتی نظم و ضبط اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 70)

سندھ پولیس کے نئے بھرتی ہونے والے ڈی ایس پیز کے 35 رکنی وفد کا سول سیکرٹریٹ لاہور کا مطالعاتی دورہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) سندھ پولیس میں نئے بھرتی ہونے والے ڈی ایس پیز کے 35 رکنی وفد نے سول سیکرٹریٹ لاہور کا مطالعاتی دورہ کیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے وفد کو حکومت پنجاب کی جانب سے خوش آمدید کہا۔ وفد میں سات خواتین پولیس افسران بھی شامل تھیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے وفد کو پنجاب کے گورننس ماڈل، ترقیاتی منصوبوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 73)

لاہور: سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل اپنی چھت اپنا گھر پروگرام بارے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

شہر لاہور میں کار اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں بتدریج کمی

کار چوری کی وارداتیں 70 فیصد، موٹر سائیکل چوری کی 46 فیصد کم ہوئیں' رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر لاہور میں کار اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں بتدریج کمی آ گئی، کار چوری کی وارداتیں 70 فیصد، موٹر سائیکل چوری کی 46 فیصد کم ہوئیں۔ تقابلی جائزہ 2025 اور 2026 کے پہلے 9 ماہ کے پولیس ریکارڈ کے مطابق لیا گیا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق 2025 کے 9 ماہ کے دوران 172 کاریں، 8383 موٹر سائیکلیں چوری ہوئیں۔ رواں سال 9 ماہ کے دوران کار چوری کی 50، موٹر سائیکل چوری کی 4522 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔ سٹی ڈویژن میں گزشتہ سال کار چوری کے 11، رواں سال 5 مقدمات درج ہوئے۔ سٹی ڈویژن میں گزشتہ سال موٹر سائیکل چوری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 71)

صدر لاہور چیمبر کی سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ سے ملاقات

ملاقات میں محفوظ کاروباری ماحول سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (کامرس رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ کاروباری برادری کو پرامن، محفوظ اور کاروبار دوست ماحول فراہم اور تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا لاہور پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ مؤثر پولیسنگ اور کاروباری برادری کے ساتھ قریبی روابط معاشی سرگرمیوں کے تحفظ، عوامی اعتماد کے فروغ اور اقتصادی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہے اور اس سلسلے میں لاہور پولیس بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے۔ صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر سے ملاقات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر72)

مڈٹرم الیکشن سے قبل ٹرمپ کیخلاف نوکنگز مظاہرے، فرانس، اٹلی اور البانیہ میں جلاؤ گھیراؤ

بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے، اسکولوں کے مسائل اور ہاؤسنگ بحران کیخلاف یورپ کے مختلف ممالک میں شروع ہونے والے احتجاجی مظاہروں نے شدت اختیار کر لی

فرانس، اٹلی اور البانیہ میں پولیس اور مظاہرین کے درمیان شدید جھڑپیں جاری، فرانس میں لاکھوں افراد سڑکوں پر نکل آئے

پیرس/واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ میں نومبر کے وسط مدتی انتخابات سے قبل صدر ٹرمپ کی پالیسیوں کے خلاف نوکنگز مظاہرے جاری ہیں۔ سیاٹل میں ہزاروں افراد سڑکوں پر نکل آئے اور جمہوریت کے تحفظ، امیگریشن کریک ڈاؤن کے خاتمے، صحت کی سہولیات کی فراہمی کے مطالبات کے لئے مظاہرین نے کہا کہ امیگریشن حکام کی کارروائیوں سے تارکین وطن میں خوف پھیل رہا ہے جبکہ مہنگے علاج نے بھی عام شہریوں کی مشکلات بڑھا دی ہیں۔ مظاہرین نے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر ٹرمپ کی پالیسیوں کے خلاف نعرے درج تھے۔ ادھر بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 74)

لاہور: ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو پنجاب کے خصوصی مقامات کے تحفظ سے متعلق کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن خواتین کے تحفظ اور با اختیار بنانے میں مؤثر کردار ادا کر رہا ہے

ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن خواتین کو سماجی دباؤ، خوف اور دیگر رکاوٹوں کے باوجود اپنی شکایات سامنے لانے کا موقع فراہم کرتا ہے

فوری مدد کے لیے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر کال کریں اور ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن سے رابطے کے لیے 2 دبائیں

لاہور (کرائم رپورٹر) ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن خواتین کے تحفظ اور با اختیار بنانے میں مؤثر کردار ادا کر رہا ہے، رواں سال 4 لاکھ 50 ہزار سے زائد کیسز میں معاونت فراہم۔: پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن خواتین کے تحفظ، قانونی معاونت اور با اختیار بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کر رہا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے خواتین کے لیے پولیس تک رسائی، جرائم کی رپورٹنگ اور شکایات کے اندراج کو مزید آسان اور قابلِ رسائی بنایا گیا ہے، جس سے خواتین کو تھانے جائے بغیر اپنی شکایات درج کروانے اور بروقت پولیس معاونت حاصل کرنے کی سہولت میسر آ رہی ہے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے رواں سال جنوری سے اکتوبر 2026ء تک پنجاب بھر میں 4 لاکھ 50 ہزار 973 کیسز میں خواتین کو معاونت فراہم کی، جبکہ اسی عرصے کے دوران 22 ہزار 651 مقدمات کا اندراج بھی کروایا ہے۔ یہ اعداد و شمار خواتین کو انصاف کی فراہمی، شکایات کے مؤثر ازالے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 59)

ایل ڈی اے سکول سبزہ زار میں پرنسپل شکیل علوی کی مبینہ اقربا پروری

ملازمین کے ساتھ ناروا سلوک، تبادلوں میں بے ضابطگیوں اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے الزامات سامنے آ گئے

لاہور (وقائع نگار) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے زیر انتظام ایل ڈی اے سکول سبزہ زار میں پرنسپل شکیل علوی کی مبینہ اقربا پروری، ملازمین کے ساتھ ناروا سلوک، تبادلوں میں بے ضابطگیوں اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے الزامات سامنے آ گئے۔ منظور نظر ملازمین مرتضیٰ الیکٹریشن، عتیق الیکٹریشن اور اویس نامی استاد کو گزشتہ بارہ سال سے اسی سکول میں پرنسپل نے تعینات کروا رکھا ہے جبکہ محکمے سے ٹرانسفر آرڈرز کے باوجود میری جوائننگ نہیں کی جا رہی ہے۔ ایل ڈی اے میں گزشتہ 12 سال سے خدمات انجام دینے والے ملازم تنزیل ارشد نے ڈائریکٹر جنرل ایل ڈی اے کو تحریری درخواست دے کر مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات اور ذمہ دار افسران و اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔ درخواست گزار کے مطابق ایل ڈی اے کے تعلیمی ادارے سبزہ زار سکول میں ملازمین کے تبادلوں، ڈیوٹیوں کی تعیناتی اور انتظامی معاملات میں مبینہ طور پر من پسند افراد کو نوازنے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر60)

صنعتی ترقی، برآمدات کے فروغ کیلئے پیوٹ پروگرام کی منظوری کا خیر مقدم

پروگرام کیلئے شفاف نگرانی، قابل پیمائش اہداف، باقاعدہ پیشرفت رپورٹنگ کا نظام بنایا جائے' چوہدری خادم حسین

کامیابی کیلئے نجی شعبے کو اعتماد میں لینا، مسلسل مشاورت اور پالیسیوں میں تسلسل یقینی بنانا ناگزیر ہے' نائب صدر لاہور چیمبر

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر چوہدری خادم حسین نے پنجاب کابینہ کی جانب سے صنعتی ترقی اور برآمدات کے فروغ کے لیے پیوٹ پروگرام کی منظوری کا خیر مقدم اور اسے صوبے کی صنعتی معیشت کو وسعت دینے کی جانب اہم پیشرفت قرار دیتے ہوئے زور دیا ہے کہ پروگرام کی کامیابی کے لیے نجی شعبے کو اعتماد میں لینا، کاروباری برادری سے مسلسل مشاورت اور پالیسیوں میں تسلسل یقینی بنانا ناگزیر ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پروگرام کے تحت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 64)

پنجاب پولیس کے 13 افسران چین میں سیمینار میں شرکت کیلئے نامزد

آئی جی پنجاب کی جانب سے چین میں ہونے والے تربیتی سیمینار کے لیے افسران کی نامزدگی کی سفارش، مراسلہ

ڈی آئی جی حسین حبیب امتیاز، کمانڈنٹ پنجاب کانسٹیبلری، سیمینار کے لیے نامزد

لاہور: (شیخ عمر حفیظ سے) پنجاب پولیس کے 13 افسران چین میں منی لانڈرنگ کے جرائم کی روک تھام سے متعلق سیمینار میں شرکت کے لیے نامزد، آئی جی پنجاب کی جانب سے چین میں ہونے والے تربیتی سیمینار کے لیے افسران کی نامزدگی کی سفارش۔ پنجاب پولیس کے افسران 28 اکتوبر سے 10 نومبر 2026 تک چین میں تربیتی سیمینار میں شرکت کریں گے۔ چین کے صوبے جیانگ سو کے شہر نانجنگ میں منی لانڈرنگ کے جرائم کی روک تھام سے متعلق سیمینار ہوگا۔ پنجاب پولیس کے ڈی آئی جی، ایس ایس پی، ایس پی اور اے ایس پی رینک کے افسران سیمینار میں شرکت کے لیے نامزد، ڈی آئی جی حسین حبیب امتیاز، کمانڈنٹ پنجاب کانسٹیبلری، سیمینار کے لیے نامزد، ڈی آئی جی طیب حفیظ چیمہ، ڈی آئی جی اسپیشل پروٹیکشن یونٹ پنجاب، سیمینار کے لیے نامزد، ایس ایس پی سید عبدالرحیم شیرازی، چیف ٹریفک آفیسر لاہور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 66)

مرحوم کے ورثاء ذاتی طور پر قرض کی ادائیگی کے ذمہ دار نہیں، لاہور ہائی کورٹ

عدالت نے قرار دیا کہ ورثا کی ذاتی ذمہ داری اور انہیں وراثت میں ملنے والی رہن شدہ جائیداد کی قانونی حیثیت دو الگ معاملات ہیں

قرض دار کی وفات سے اس کی زندگی میں رہن رکھی گئی جائیداد پر رہن کا حق ختم نہیں ہوتا، جسٹس چودھری سلطان محمود

لاہور: (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ کا اہم فیصلہ، مرحوم کے ورثا ذاتی طور پر قرض کی ادائیگی کے ذمہ دار نہیں، رہن شدہ جائیداد سے بینک قرض وصول کر سکے گا، عدالت نے نجی بینک کی اپیل کو جزوی طور پر منظور کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس چودھری سلطان محمود اور جسٹس تنویر احمد شیخ پر مشتمل 2 رکنی بنچ نے نجی بینک کی اپیل پر فیصلہ جاری کر دیا، چار صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس چودھری سلطان محمود نے تحریر کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ورثا کی ذاتی ذمہ داری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 61)

لاہور: صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام میں اہم پیش رفت

2 لاکھ 19 ہزار سے زائد خاندانوں کو 289 ارب 11 کروڑ روپے کے قرضے جاری

1 لاکھ 26 ہزار سے زائد گھر مکمل، 61 ہزار سے زائد زیر تعمیر جاری ہے' سیکرٹری ہاؤسنگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں کو گھروں کی تعمیر کے لیے بلاسود قرضوں کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ پروگرام کے تحت اب تک 2 لاکھ 19 ہزار سے زائد خاندانوں کو مجموعی طور پر 289 ارب 11 کروڑ روپے کے قرضے جاری کیے جا چکے ہیں، جبکہ 1 لاکھ 26 ہزار سے زائد گھر مکمل ہو چکے ہیں اور 61 ہزار سے زائد گھروں کی تعمیر جاری ہے۔ سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل کی زیرِ صدارت پروگرام کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس، جس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل عمر فاروق، ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن خرم شہزاد اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں قرضوں کی فراہمی، گھروں کی تعمیر اور قرضوں کی واپسی سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اب تک 1 لاکھ 69 ہزار سے زائد خاندانوں کو قرضوں کی دوسری قسط (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 62)

ٹیکس نظام میں بہتری کے لئے ایف بی آر کی موثر تنظیم نو ناگزیر ہے' ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

لاہور (سٹاف رپورٹر) ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے ٹیکس نظام میں بہتری کے لئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی تنظیم نو کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی حتمی فیصلے سے قبل موجودہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر63)

کوڑا ٹیکس کی وصولی شروع، 15 روز میں 80 لاکھ روپے ریکور

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں کوڑا ٹیکس کی وصولی کا عمل شروع کر دیا گیا جبکہ محکمہ ایکسائز نے 15 روز کے دوران 80 لاکھ روپے کی ریکوری کر لی۔ ایکسائز حکام کے مطابق اب تک 8 لاکھ سے زائد بلز پرنٹ کر کے تقسیم کیے جا رہے ہیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر65)

ہمارے بوڑھے والدین پر رحم کیا جائے
ہمارا حق ہمیں بے گھر نہ کیا جا
مطالبہ
ٹائم ریلیکیشن
دی جائے

لاہور: ریلوے کوارٹرز کے متاثرین اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کرتے ہوئے

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر
LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے
شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com